لے جاؤ۔۔۔۔۔میں گاڑی لے جاؤں گا۔۔۔

ایک نظر اس کو دیکھ کر وقار نے پھر نظریں فائل پر جما لیں۔۔۔

اوکے سر۔۔۔

حوالدار اس کو سیلوٹ کرتا باہر چلا گیا۔۔۔

۔۔۔۔

تھوڑی دیر کے بعد کام ختم کر کے وقار جانے کیلیے اٹھا۔۔۔

باہر آ کر اس نے آسمان کی طرف دیکھا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

آسمان کو کالے بادلوں نے گھیر رکھا تھا۔۔۔بارش کے امکانات نظر آرہے تھے۔۔۔

وقار ایک نظر آسمان کو دیکھ کر اپنی گاڑی کی طرف چل پڑا۔۔۔

گاڑی میں بیٹھ کر اس نے گاڑی چلائی۔۔۔اسے اب جلدی گھر پہنچنا تھا۔۔۔

اچھا امی۔۔۔۔ہمیں اب چلنا چاہیے۔۔۔موسم بھی خراب ہو رہا ہے۔۔

ساحرہ نے باہر آسمان کی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔

وردہ نے سر اٹھا کر باہر دیکھا۔۔

اس کے دل کا بھی تو یہی موسم تھا۔۔اس کی آنکھیں بھی ہر وقت برسنے کیلیے تیار رہتی تھی۔۔۔

اس کی آنکھوں میں بے اختیار آنسو آئے جسے وہ چھپا گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

اس وقت کس کے ساتھ جاؤ گی بیٹا۔۔۔آج رات یہی گزار لو۔۔

نہیں امی۔۔۔۔نبیل کو واپس آنے کا کہہ کر آئی تھی۔۔۔اور ڈرائیور کو کال کر دی ہے میں نے۔۔وہ آتا ہی ہو گا۔۔۔

ساحرہ نے اپنا پرس سنبھالتے ہوئے کہا۔۔

اچھا وردہ کو تو ایک رات کیلیے یہیں چھوڑتی جاؤ۔۔۔یہاں شزا کے ساتھ اس کا بھی دل لگا رہے گا۔۔۔

سجاد نے وردہ کو روکتے ہوئے ساحرہ سے کہا۔۔۔۔

مجھے کیا اعتراض ہو گا بھائی۔۔۔۔آپ وردہ سے ہی پوچھ لیں۔۔

سجاد وردہ کی طرف متوجہ ہوا۔۔۔

اور سوالیہ نظروں سے اس کو دیکھا۔۔

وہ ماموں۔۔۔کل یونیورسٹی میں پہلا دن ہے۔۔تو آج تو نہیں پھر کبھی آ جاؤں گی۔۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وردہ نے وجہ بتائی۔۔۔اصل میں تو اسے نبیل کا ڈر تھا کہ وہ گھر نہ آئی تو اس سے

غصہ ہو کر وہ ساحرہ کو نہ کچھ کہ دے۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے بیٹا۔۔۔لیکن آنا ضرور۔۔

جی ماموں۔۔۔

۔۔۔

اتنے میں گاڑی کا ہارن بجا۔۔۔

اچھا امی۔۔۔اپنا خیال رکھیے گا۔۔۔

ساحرہ نے نسیم بیگم کے گلے لگتے ہوئے کہا۔۔۔

اس کے بعد وہ فاریہ سے ملی۔۔۔

سجاد نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا۔۔

ساحرہ اور وردہ سب کو مل کر باہر آئیں۔۔

گاڑی میں بیٹھ کر ساحرہ نے ڈرائیور کو چلنے کا اشارہ کیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ کھڑکی کھول کر باہر آسمان کی طرف دیکھنے لگی۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں تیز بارش شروع ہو گئی۔۔۔

وردہ نے کھڑکی بند کر لی۔۔۔

جلدی چلاؤ گاڑی۔۔۔بارش اور تیز نہ ہو جائے۔۔

ساحرہ نے ڈرائیور کو ہدایت دیتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ اب بھی باہر دیکھ رہی تھی۔۔

اچانک چلتے چلتے ان کی گاڑی جھٹکے سے رکی۔۔۔

کیا ہوا۔۔۔ساحرہ نے پریشان ہوتے پوچھا۔۔۔

بی بی جی۔۔۔گاڑی کا پچھلا ٹائر کہیں پھس گیا ہے۔۔۔

میں باہر نکل کر دیکھتا ہوں۔

ہاں جلدی دیکھو۔۔۔

ڈرائیور باہر نکلااور گاڑی کو دھکالگانے لگا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔۔۔

بی بی جی۔۔۔۔آپ لوگوں کو باہر نکلنا پڑے گا۔۔۔

ڈرائیور نے ان کے پاس آکر کہا۔۔۔

لیکن کیسے باہر تو بہت بارش ہے۔۔۔

آپ یہیں رکیں میں آپ کو چھتری لا کر دیتا ہوں۔۔

ڈرائیور نے گاڑی کی ڈگی میں سے چھتری اٹھا کر ساحرہ کو دی۔۔

ساحرہ نے باہر نکل کر چھتری کھولی۔۔۔اور چلتی ہوئی وردہ کی طرف آئی۔۔

وردہ بھی گاڑی سے باہر نکلی۔۔۔

دونوں ایک طرف جا کر کھڑی ہو گئیں۔۔۔

ڈرائیور گاڑی کو دھکا لگانے لگا۔۔۔

تیز بارش میں وقار ہر ممکن تیز گاڑی چلا رہا تھا۔۔۔

اچانک ایک طرف اس کی نظر رکی۔۔

ڈرائیور گاڑی کو دھکا دینے میں مصروف تھا۔۔

اور ایک عورت اور اس کے ساتھ ایک لڑکی پاس ہی کھڑی تھیں۔۔۔

وقار نے گاڑی ان کی طرف بڑھا دی۔۔۔

میں آپ کی مدد کر سکتا ہوں۔۔۔

وقار نے ان کے پاس پہنچ کر ڈرائیور سے پوچھا۔۔

جی جی بیٹا۔۔۔زرا کار کو آگے کرنے میں مدد کر دو۔۔۔

ساحرہ جلدی سے بولی۔۔۔

www.novelsclubb.com

وقار مسکراتا ہوا انھیں دیکھ کر گاڑی سے باہر آیا۔۔۔اور ڈرائیور کے ساتھ گاڑی کو دھکا لگانے لگا۔۔۔

تھوڑی دیر کے بعد وہ گاڑی کو آگے کرنے میں کامیاب ہو گئے۔۔۔

وقار اور ڈرائیور بارش سے مکمل بھیگ چکے تھے۔۔۔

بی بی جی۔۔۔گاڑی صحیح ہو گئی۔۔۔ڈرائیور نے انھیں آواز دیتے ہوئے کہا۔۔

وہ دونوں چلتی ہوئیں گاڑی کے پاس آئیں۔۔

تھینکیو بیٹا۔۔۔ساحرہ نے وقار کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا۔۔۔

تھینکس کی ضرورت نہیں آنٹی۔۔۔یہ تو ہمارا فرض ہوتا ہے۔۔۔

وقار نے کہا۔۔

نام کیا ہے تمہارا۔۔

وقار۔۔

ساحرہ نے مسکرا کر اس کو دیکھ کر سر ہلایا اور گاڑی کی طرف چل دی۔۔۔وردہ بھی

اس کے پیچھے چل پڑی۔۔۔

وقار نے جاتے جاتے ایک نظر وردہ کی طرف دیکھا جو سر جھکائے چل رہی

تھی۔۔۔

پھر وہ اپنی گاڑی کی طرف چل پڑا۔۔۔

معصومہ بیگم کب سے وقار کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔بارش تیز ہونے سے ان کی پریشانی بڑھتی جا رہی تھی۔۔۔

وقار اندر آیا تو انھیں کچن میں دیکھا اور ان کی طرف چل پڑا۔۔۔

امی۔۔۔وقار نے ان کو آواز دی۔۔۔

وقار اتنی دیر لگا دی۔۔۔اور یہ۔۔

معصومہ نے اس کے بھیگے کپڑوں کی طرف دیکھتے ہوئے پریشانی سے کہا۔۔۔

کچھ نہیں امی۔۔۔آپ پریشان نہ ہوں۔۔۔راستے میں کسی کی گاڑی پھس گئی تھی۔۔۔وہی نکالتے نکالتے بھیگ گیا۔۔

وقار نے بھیگنے کی وجہ بتائی۔۔

میرا پیارا بیٹا۔۔

معصومہ نے پیار سے اسکے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔

اچھا تم جلدی سے چینج کر کے آؤ۔۔۔میں کھانا لگاتی ہوں۔۔۔

ٹھیک ہے امی۔۔۔وقار ان سے کہتا چینج کرنے چلا گیا۔۔

نبیل کو ساحرہ پر بہت غصہ آرہا تھا۔۔۔

کیا ضرورت تھی اسے جانے کی۔۔۔

نبیل نے دل میں سوچا۔۔۔موسم خرابی کی وجہ سے اسے ڈر تھا کہ ساحرہ وہیں نہ رک جائے۔۔۔

باہر ڈرائیور کے آنے کی آواز آئی۔۔۔وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔

کچھ دیر میں ساحرہ اور وردہ اندر داخل ہوئیں۔۔۔

نبیل ان کی طرف بڑھا۔۔

شکر ہے۔۔۔تم لوگ آ گئیں۔۔میں تو سمجھا تھا وہیں رک رہی ہو۔۔

تمھیں آنے کا کہا تھا تو وہاں کیسے رک جاتی۔۔۔

ساحرہ نے بیگ صوفے پر رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ کچھ کہے بغیر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔

ساحرہ اور نبیل بھی اپنے کمرے میں آ گئے۔۔۔

ساحرہ چینج کرنے چلی گئی۔۔۔

واپس آئی تو نبیل سامنے چائے کے تین کپ رکھے اسے مسکرا کر دیکھ رہا تھا۔۔

ساحرہ چلتی ہوئی اس کے پاس آئی۔۔۔

یہ تیسرا کپ کس لیے۔۔۔

ساحرہ نے حیرانی سے اس کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔

یہ وردہ کا ہے۔۔۔تم جا کر وردہ کو دے آؤ۔۔۔

نبیل نے ایسے ظاہر کیا جیسے وردہ کو چائے دینے میں اس کو بلکل دلچسپی نہیں

www.novelsclubb.com

ہے۔۔۔۔

اچھا میں وردہ کو چائے دے کر آتی ہوں۔۔۔

ساحرہ نے چائے کا کپ اٹھا کر اٹھتے ہوئے کہا۔۔۔

نبیل نے بس مسکرا کر اس کو دیکھا۔۔۔

ساحرہ چلتی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی۔۔۔

ساحرہ کے جانے کے بعد ایک شیطانی مسکراہٹ نبیل کے چہرے پر آئی۔۔۔

اس نے جیب میں سے ایک کاغذ نکالا جس میں سفید سا پاؤڈر تھا۔۔

اس نے وہ پاؤڈر چائے کے ایک کپ میں ڈال دیا۔۔اور وہ کپ اٹھا کر ساحرہ کی سائیڈ ٹیبل پر رکھ دیا۔۔

اور دوسرا کپ خود اٹھا کر بیٹھ گیا۔۔۔

وردہ بیڈ پر بیٹھی اپنی کتابیں دیکھ رہی تھی۔۔۔

ساحرہ اندر آئی۔۔

ساحرہ کو دیکھ کر وہ کھڑی ہوئی۔۔

بیٹھ جاؤ بیٹا۔۔۔

ساحرہ نے اسے اشارہ کرتے ہوئے بیٹھنے کا کہا۔۔

وردہ بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔ساحرہ بھی اس کے سامنے آ کر بیٹھ گئی۔۔

چائے لے کر آئی تھی۔۔ساحرہ نے چائے کا کپ سائیڈ پر رکھی ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

تھینکیو مما۔۔۔وردہ نے ہلکا سا مسکرا کر کہا۔۔

ایک بات پوچھو بیٹا۔۔۔

جی مما۔۔۔

اتنی اداس کیوں رہتی ہو۔۔

وردہ نے سر جھکا لیا۔۔

بیٹا کوئی بات ہے تو مجھے بتاؤ۔۔۔میں تمھاری ماں بھی ہوں اور تمھاری دوست بھی۔۔

ساحرہ نے پیار سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔

وردہ نے سر اٹھایا۔۔۔

نہیں مما۔۔۔کوئی بات نہیں ہے اور میں آپ سے کیوں کچھ چھپاؤں گی۔۔۔

اوکے بیٹا۔۔۔اور کوئی بات ہو بھی تو مجھ سے مت چھپانا۔۔۔ساحرہ نے مسکرا کر اس کی ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔

www.novelsclubb.com

اوکے مما۔۔۔وردہ بھی قدرے مسکرائی۔۔

ساحرہ اسے دیکھتی باہر چلی گئی۔۔

ساحرہ کے جانے کے بعد وردہ اٹھی اور کمرے کی کنڈی لگا دی۔۔۔

۔۔۔۔۔

کمرے میں آنے کے بعد ساحرہ نے اپنی سائیڈ ٹیبل پر رکھی چائے پی۔۔۔

تھوڑی دیر کے بعد اس کا سر چکرانے لگا۔۔

کیا ہوا ساحرہ۔۔۔۔ نبیل نے مصنوعی فکر مندی سے پوچھا۔۔

سر بھاری ہو رہا ہے میرا۔۔ ساحرہ نے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

تھکن کی وجہ سے ہو رہا ہو گا۔۔

تم ایسا کرو۔۔۔ سو جاؤ

صبح تک ٹھیک ہو جائے گا۔۔

ہمم۔۔۔ ساحرہ بس اتنا ہی کہتی چادر اوپر اوڑھے لیٹ گئی۔۔۔

تھوڑی دیر کے بعد وہ نیند کی وادیوں میں تھی۔۔۔

نبیل نے اس کے منہ کے آگے ہاتھ ہلا کر چیک کیا کہ وہ سو رہی ہے یا نہیں۔۔

ساحرہ کو آنکھیں بند کیے پا کر اس کے چہرے پر ایک زہریلی مسکراہٹ آئی۔۔

وہ اپنی جگہ سے اٹھا اور کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وردہ بیڈ پر لیٹی سو رہی تھی کہ اچانک دروازہ کھٹکنے لگا۔۔۔

وہ سمجھ گئی کہ کون ہو سکتا ہے۔۔۔

وہ آنکھیں بند کیے لیٹی رہی تاکہ وہ اسکو سوتا سمجھ کر چلا جائے۔۔

لیکن نبیل جانے کی بجائے اس کو آوازیں دینے لگا۔۔

وردہ دروازہ کھولو۔۔

نہیں تو تمہاری ماں کو سوتے میں ہی مار دوں گا۔۔پھر تم مجھے روک بھی نہیں سکو گی۔۔

www.novelsclubb.com

نبیل نے دھمکی دیتے ہوئے کہا۔۔

وردہ نے آنکھیں کھولیں۔۔۔

بیڈ سے اٹھی اور مرے قدموں کے ساتھ چلتی دروازے تک آئی۔۔۔

آپ چلیں جائیں۔۔۔میں دروازہ نہیں کھولوں گی۔۔

وردہ نے ڈرتے ہوئے کہا۔۔

نبیل کا ایک قہقہہ بلند ہوا۔

اس میں تمھارا ہی نقصان ہے۔۔۔ تمھاری ماں کو مار کر میرا مقصد تو پھر بھی پورا ہو گا۔۔

نبیل نے کمینگی سے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

وردہ ڈر گئی۔۔

اس نے کانپتے ہاتھوں سے دروازہ کھولا۔۔۔

نبیل کمرے کے اندر آیا۔

وردہ بیڈ کی طرف جانے لگی۔۔

نبیل نے ہاتھ پکڑ کر اسے اپنی طرف کھینچا اور اس کا دوپٹہ اٹھا کر بیڈ پر پھینکا۔۔۔

وہ دوپٹہ اٹھانے کیلیے بیڈ کی طرف بڑھی ہی تھی کہ نبیل نے اس کا ہاتھ مروڑ کر اسکی کمر پر لگایا اور اسے اپنی طرف کھینچا۔۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ نبیل کے سینے سے جا لگی۔۔۔

نبیل اپنا منہ اس کے کان کے قریب لایا۔۔

"اپنی اوقات سے باہر نکل رہی ہو تم۔۔۔تم کیا سمجھتی ہو یونیورسٹی میں داخلہ ہو جائے گا تو تم باہر کی دنیا دیکھ کر ہوشیار ہو جاؤ گی۔۔"

نبیل نے اس کا بازو اور زور سے مروڑا۔۔وردہ کی چیخ نکل گئی۔۔

اس کو نبیل سے بہت وحشت ہو رہی تھی۔۔۔

اسکا دل کیا وہ ابھی اس درندہ صفت انسان کو مار دے۔۔یا یہاں سے کہیں دور بھاگ جائے۔۔

www.novelsclubb.com

"اب تک تو تم اپنی مرضی کرتی آئی ہو۔۔۔اب اگر میری مرضی کے خلاف ایک لفظ بھی بولا تو اچھا نہیں ہو گا۔۔اب اپنی اس ماں سے کہنا کہ تم چاہتی ہو کہ تمہیں یونیورسٹی میں چھوڑ کر آؤ۔۔۔ سمجھ گئی نا۔۔۔"

وردہ نے روتے ہوئے اثبات میں سر ہلایا۔

نبیل نے ایک جھٹکے سے اسے بیڈ پر گرایا اور خود اس پر جھکا۔۔وردہ نے اس کو خود سے دور کرنے کی کوشش کی۔۔

کوئی فائدہ نہیں ہے۔۔۔ہر دفعہ ایسے ہی کرتی ہو کبھی کوئی فائدہ ہوا ہے۔۔

نبیل شیطانی مسکراہٹ لیے اس پر جھک گیا۔

وردہ نے بیڈ کی چادر کو زور سے پکڑ لیا۔۔

آج پھر وہ درندگی دکھا رہا تھا لیکن وردہ اپنی ماں کیوجہ سے کچھ نہیں کہ سکتی تھی وہ ماں جو اس کو سمجھتی ہی نہیں تھی۔۔

آنسوؤں کا ایک پھندہ اس کے گلے میں اٹک گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اگلی صبح وردہ تیار ہو کر ناشتے کی میز پر آئی۔۔۔

ساحرہ اور نبیل پہلے سے ہی وہاں موجود تھے۔۔

وردہ ان کے ساتھ آ کر بیٹھ گئی۔۔۔

ساحرہ نے مسکرا کر اسکی طرف دیکھا۔۔۔وردہ بھی پھیکا سا مسکرائی۔۔

مما۔۔۔

وردہ نے ساحرہ کو مخاطب کیا۔۔جی۔۔

مجھے ایک بات کرنی تھی آپ سے۔۔

بولو بیٹا۔۔۔

ساحرہ نے شفقت سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ نے نبیل کی طرف دیکھا وہ بھی اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔

وردہ نے مٹھیاں بند کیں۔۔اور جلدی جلدی بولی۔۔۔

۔۔ مما یونیورسٹی سے لینے کیلیے پاپا کو بھیج دیجیئے گا۔۔۔

بس اتنی سی بات۔۔۔مجھے لگا میری بیٹی کوئی بڑی چیز مانگنے والی ہے۔۔۔

میں بھیج دوں گی تمھارے پاپا کو۔۔۔

ساحرہ نے پیار سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔۔۔

اتنے میں شزا اندر داخل ہوئی۔۔۔وہ وردہ کو لینے آئی تھی۔۔۔

شزا کو دیکھ کر وردہ کھڑی ہوئی۔۔

بیٹا۔۔ناشتہ تو کر لو۔۔

ساحرہ نے اس کو ایسے اٹھتے دیکھا تو کہا۔۔۔

پھپو ناشتہ وہیں جا کر کر لیں گے ابھی دیر ہو رہی ہے۔۔۔

شزا نے جلدی سے کہا اور وردہ کو چلنے کا اشارہ کیا۔

وردہ نے اپنا بیگ اٹھایا اور اس کے ساتھ چل دی۔۔

خیال رکھنا اس کا۔۔۔

ساحرہ نے شزا کو ہدایت دی۔۔

او کے پھپو۔۔

شزا نے باہر جاتے جاتے آواز لگائی۔۔۔

۔۔۔۔

باہر آکر شزا گاڑی میں بیٹھی وردہ بھی اس کے ساتھ بیٹھ گئی۔۔

شزا کے اشارے پر ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ کی۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔

جب وہ یونی پہنچی تو کلاس شروع ہو چکی تھی۔۔

وہ دونوں بھاگ کر کلاس میں گئیں اور سیٹ پر جا کر بیٹھ گئیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

پہلی کلاس ختم ہو چکی تھی۔۔۔

ولید کلاس سے باہر آیا۔۔۔

آج وہ بہت بور محسوس کر رہا تھا۔۔

وہ یونیورسٹی کے ایک کونے میں آکر بیٹھ گیا۔۔۔اور سب کی طرف دیکھنے لگا۔۔۔

۔۔۔۔۔۔

شزااور وردہ بھی کلاس سے باہر آچکی تھیں۔۔۔شزا کی جیسے نظر ولید پر پڑھی وہ اس کی طرف چلی۔۔

وردہ بھی اس کے ساتھ چل پڑی۔۔۔

کہاں جارہی ہو شزا۔۔وردہ نے چلتے چلتے پوچھا۔۔۔

وہ میرے دوست سے ملنے۔۔شزا نے ولید کی طرف اشارہ کیا۔۔۔

شزا کے اشارے پر وردہ نے ولید کی طرف دیکھا۔۔۔

حیلو ولید۔۔۔شزا نے اس کے پاس پہنچ کر کہا۔۔

شزا کی آواز پر ولید نے سر اٹھا کر اسکی طرف دیکھا۔۔۔

ہائے۔۔۔

شزا اس کے ساتھ ہی بیٹھ گئی۔۔

بیٹھ جاؤوردہ۔۔۔شزانے وردہ کاہاتھ پکڑ کراسے بیٹھنے کااشارہ کیا۔۔

شزاکے کہنے پروردہ بیٹھ گئی۔۔

ولیدنے اپنی نظریں وردہ کی طرف گھمائیں۔۔۔

اس کی آنکھوں میں عجیب ساخوف تھاایک عجیب سی بے چینی جسے ولیدنے

نحسوس کیا۔۔

اور بتاؤکیسے ہو۔۔۔شزانے جوش سے پوچھا۔۔۔

ٹھیک ہوں۔۔تم بتاؤ

ولیدنے وردہ سے نظریں ہٹاکر شزاکودیکھا۔۔

تمھیں دیکھ کر ٹھیک ہوگئی ہوں۔۔۔شزامنہ ہی منہ میں بڑبڑائی۔۔۔

کچھ کہاتم نے۔۔۔

ولیدنے اسکی سرگوشی سن کر کہا۔

نہیں۔۔۔کچھ نہیں۔۔شزابات چھپاگئی۔۔۔

اوہ یاد آیا۔۔۔وردہ تم تو صبح ناشتہ بھی نہیں کر کے آئی تھی۔۔

شزا نے وردہ کو مخاطب جرتے ہوئے کہا۔۔۔۔

میں ابھی تمھارے لیے کچھ لے کر آتی ہوں۔

شزا نے اٹھتے ہوئے کہا۔۔۔

نہیں کوئی بات نہیں۔۔۔تم رکو۔۔میں ٹھیک ہوں۔۔وردہ نے شزا کا ہاتھ پکڑ کر

اسے بٹھانا چاہا۔۔۔

وہ ولید کے ساتھ اکیلا بیٹھنے سے ڈر رہی تھی۔۔۔

تم بیٹھو یہیں پر۔۔۔میں ابھی آتی ہوں۔۔۔

شزا نے اپنا ہاتھ چھڑوایا اور کینٹین کی طرف چل پڑی۔۔

۔۔۔۔۔۔

وردہ اور ولید اب اکیلے بیٹھے تھے۔۔۔

یونی کے اس کونے میں زیادہ لوگ بھی نہیں تھے۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

وردہ نے نظریں جھکالیں۔ولید اس کی طرف ہی دیکھ رہا تھا۔

وردہ بار بار نظر اٹھا کر اسے دیکھتی اور پھر جھکا لیتی۔۔

اس کی اس حرکت پر ولید کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔

کچھ دیر تک دونوں کے درمیان خاموشی چھائی رہی۔۔

ولید نام ہے میرا۔۔۔سب ولی کہتے ہیں۔۔

ولید کی آواز نے خاموشی کو توڑا۔۔۔

وردہ نے نظریں اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔۔۔

کیا ہوا۔۔۔ایسے کیوں دیکھ رہی ہو۔۔۔

اس کے ایسے دیکھنے پر ولید نے پوچھا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔وردہ نے پھر سے سر جھکا لیا۔۔۔

اوففف۔۔۔

ولید اٹھا اور اچھل کے اس کے سامنے آ بیٹھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ولید کو اتنا قریب دیکھ کر وردہ نے سر پیچھے کیا وہ آنکھیں پھاڑے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔

یہ۔۔۔یہ کک۔۔۔۔کیا کر رہے ہیں آپ۔۔۔سب دیکھ۔۔۔رہے ہیں۔۔۔

وردہ اٹک اٹک کر بس اتنا ہی کہہ سکی۔۔۔

دیکھ رہا ہوں۔۔۔۔اسی دنیا کی مخلوق ہو نا تم۔۔۔کیونکہ مجھے نہیں لگتا کہ اس دنیا کی لڑکیاں بھی چپ رہ سکتی ہیں۔۔۔

سچ سچ بتاؤ کہاں سے آئی ہو تم۔۔۔

ولید نے اپنی ہنسی چھپاتے ہوئے کہا۔۔۔

نہیں تو۔۔

کیا نہیں تو۔۔۔تم دوسرے سیارے سے آئی ہو نا۔۔۔

ولید نے اس کی آنکھوں میں جھانکا۔۔۔

وردہ نے حیرانی سے سر اٹھا کر اس کو دیکھا۔۔۔

میں اسی سیارے سے ہوں۔۔اپنی بیوقوفی پر وہ خود حیران تھی۔۔۔وہ کیوں اس کو جواب دے رہی تھی۔۔۔

ولید کا قہقہہ بلند ہوا۔۔۔

وہ ہنستے ہنستے پیچھے ہو کر بیٹھ گیا۔۔۔

وردہ الجھتی نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔

ولید نے اپنی ہنسی روکی اور وردہ کیطرف متوجہ ہوا۔۔۔

بہت بھولی ہو تم۔۔۔

اور پیاری بھی۔۔۔

ولید نے اسے بغور دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ولید کی اس بات پر وردہ نے ایک نظر اس کو دیکھا اور پھر سر نیچے کر لیا۔۔۔

ولید اب بھی اس کو دیکھے جا رہا تھا اور وہ اس کی نظروں سے الجھ رہی تھی۔۔۔

۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

اتنے میں شزا ہاتھ وہاں آئی۔۔۔

اس کے ہاتھ میں تین برگر تھے۔۔۔

یہ لو۔۔۔ تمہارا ناشتہ۔۔

اس نے ایک وردہ کو دیتے ہوئے کہا۔۔۔اور ایک ولید کی طرف بڑھا دیا۔۔۔

کیا باتیں ہو رہیں تھیں۔۔۔ شزا نے دونوں کو باری باری دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔

ہم ڈسکس کر رہے تھے کہ کلاس کا ٹائم ہو رہا ہے۔۔ جلدی چلنا چاہیئے کلاس مس نہ ہو جائے۔۔۔ولید نے بات بدلتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں یہ کھا کر چلتے ہیں بس۔۔۔

تھوڑی دیر وہاں بیٹھنے کے بعد وہ تینوں اگلی کلاس کیلیے چل پڑے۔۔۔

چھٹی کے وقت وردہ اور شزا یانی سے باہر کھڑی اپنی اپنی کار کا ویٹ کر رہی تھی۔۔۔

ولید اپنی کار کی طرف جا رہا تھا انھیں دیکھ کر ان کی طرف چلا آیا۔۔۔

یہاں کیوں کھڑی ہو۔۔ نبیل کی آواز پر دونوں نے اس کو مڑ کر دیکھا۔۔۔

ڈرائیور کا ویٹ کر رہی ہوں میں۔۔

شزا نے وجہ بتائی۔۔

اور تم۔۔ولید اب وردہ سے مخاطب تھا۔۔

میں بھی پاپا کا ویٹ کر رہی ہوں۔۔۔وردہ نے مری مری آواز میں بس اتنا ہی کہا۔۔۔

اچھا۔۔۔ولید چلتا ہوا وردہ کے ساتھ آ کھڑا ہوا۔۔۔

جب تک تم لوگوں کو لینے نہیں آ جاتے میں یہیں کھڑا ہوں۔۔

شزا نے کن اکھیوں سے اس کی طرف دیکھا۔۔۔پہلے تو وہ کبھی اتنا مہربان نہیں ہوا

تھا آج اچانک کیا ہو گیا تھا۔۔دل میں ولید اور وردہ کا خیال آتے ہی اس نے سر دائیں بائیں ہلا کر سارے خیالوں کو مٹایا۔۔اور گاڑی کا انتظار کرنے لگی۔۔۔

۔۔۔

وردہ تمھارے پاپا آ گئے۔۔۔شزا نے نبیل کو گاڑی میں آتا دیکھ کر جلدی سے کہا۔۔۔

شزا کی آواز پر وردہ نے چونک کر گاڑی کی طرف دیکھا۔

ولید نے بھی ایک نظر نبیل کو دیکھا پھر اس کی نظریں وردہ پر پڑھیں۔۔۔

اس کی آنکھوں میں وہ خوف اسے دوبارہ دیکھ رہا تھا۔۔۔

ولید نے عجیب نظروں سے اسے دیکھا اور پھر اس کی نظروں کے تعاقب میں نبیل کو دیکھا۔۔۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ بتاور دہ انھیں بائے کہتی گاڑی کی طرف چل دی۔۔۔

۔۔۔۔

وردہ گاڑی میں آکر بیٹھی۔۔ نبیل نے کڑوی مسکان لیے اس کی طرف دیکھا۔

یہ لڑکا کون تھا۔۔۔لہجہ اب سپاٹ تھا۔۔

یہ۔۔یہ۔۔۔ شزا کا دوست ہے۔۔۔

صرف شزا کا یا۔۔۔

صرف شزا کا۔۔۔۔وردہ جلدی جلدی بولی۔۔۔

گڈ۔۔۔۔۔یہ کہتے نبیل نے گاڑی آگے بڑھا دی۔۔

۔۔۔۔۔۔۔

ولید کا اب شزا کے ساتھ کھڑے ہونے کا دل نہیں کر رہا تھا۔۔

شزا چلتی ہوئی اس کے پاس آ کھڑی ہوئی۔۔۔

ولید اسے دیکھ کر لب کھینچ کر مسکرایا۔۔

تمہاری گاڑی کب تک آئے گی۔۔۔

بس ابھی آتی ہو گی۔۔۔ شزا اسی کی طرف ہی دیکھے جا رہی تھی۔۔۔ولید ادھر ادھر

دیکھنے لگا۔۔۔

اچانک ذہن میں کوئی خیال آتے ہی اس نے شزا کی طرف دیکھا۔۔۔

شزا۔۔۔

جی۔۔۔

آج فری ہو تم۔۔

ہاں کیوں۔۔۔شزا نے خوش ہوتے ہوئے جواب دیا۔۔۔

وہ میں سوچ رہا تھا لنچ ساتھ میں کر لیتے ہیں۔۔

ہاں ہاں کیوں نہیں۔۔۔تم مجھے جگہ بتا دو میں پہنچ جاؤں گی۔۔

شزا نے جوش میں آتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔

اوکے جگہ کا سوچ کر میں تمھیں میسج کر دوں گا۔۔

اوکے۔۔۔

اور یہ۔۔۔وردہ کو بھی لیتی آنا۔۔۔

وردہ بھی آئے گی۔۔۔شزا کا جوش اب کم ہوا تھا۔۔۔

آآ۔۔۔ہاں اس کو بھی انوائٹ کر لیتے ہیں۔۔۔ولید نے سر کھجاتے ہوئے کہا۔۔۔

اوکے میں اس کو لے آؤں گی۔۔۔اور کون کون ہو گا۔۔بس تم میں وردہ اور ایک میرا ایک دوست ہے۔۔۔

اوکے۔۔۔اتنے میں شزا کا ڈرائیور آ گیا وہ ولید کو بائے کہتی گاڑی کی طرف چلی گئی۔۔۔

ولید بھی اپنی گاڑی کی طرف بڑھ گیا۔۔۔

وقار پولیس اسٹیشن کا راؤنڈ لے رہا تھا۔۔اچانک اس کا موبائل بجنے لگا۔۔۔

ولی کالنگ دیکھ کر اس کے چہرے پر ایک مسکراہٹ آئی۔۔۔اور اس نے کال پک کی۔۔

کال پک کرنے کا ٹائم مل گیا تجھے۔۔مجھے تو لگا بیچارہ بیل بھی نہیں سن سکے گا۔۔

کال شروع ہوتے ہی ولید بھرا اس نکالنا شروع ہو گیا۔۔

وقار کے چہرے پر مسکراہٹ ہنوز قائم تھی۔۔

اب اتنا بھی بزی نہیں ہوں کہ دوست کی کال نہ پک کر سکوں۔۔۔

بڑا دوست یاد آرہا ہے۔۔اچھا سن۔۔

سنا۔۔۔

آج تو لنچ پہ چل رہا ہے میرے ساتھ بس۔۔

آج۔۔یار آج نہیں ابھی اس ہفتے۔میں بہت بزی ہوں۔۔

ابھی تو بڑا دوست دوست کر رہا تھا۔۔۔لنچ کیلیے تیار رہنا میں تمھیں لینے آؤں گا۔۔۔ولید نے حکم صادر کرتے ہوئے کہا۔۔۔

یار ہم اکیلے جا کر کیا کریں گے۔۔

تو تو کیا چاہتا ہے میں جرمن کی فوجیں تمھارے ساتھ لے کر جاؤں۔۔۔۔

میرا وہ مطلب نہیں تھا یار۔۔

اچھا جو بھی مطلب تھا۔۔ہم اکیلے نہیں جا رہے۔۔

تو کون جا رہا ہے ہمارے ساتھ۔۔

میری دو کلاس فیلوز ہیں۔۔

لڑکیاں۔۔وقار نے حیرانی سے پوچھا۔۔

ہاں لڑکیاں۔۔

ولی میاں یہ لڑکیوں کا کیا چکر ہے وہ بھی دو دو۔۔۔وقار نے اسے چھیڑتے ہوئے کہا۔۔

www.novelsclubb.com

چکر وکر کوئی نہیں ہے۔۔۔بس ایسے ہی لنچ پر بلا لیا۔۔۔

چلو دیکھ لیتے ہیں۔۔

دیکھ۔لینا۔۔۔دو بجے تک تیار رہنا آؤں گا تجھے لینے۔۔

اوکے۔۔

ولید نے کال بند کر دی۔۔۔

شزا الماری میں سے سارے کپڑے نکالے بیڈ پر پھیلائے کھڑی تھی۔۔۔۔۔

اس سے کوئی کپڑے سیلیکٹ نہیں ہو رہے تھے جو وہ لنچ پر پہن کر جائے۔۔۔

فاریہ اندر آئی تو بکھرے کپڑے دیکھ کر شزا کی طرف دیکھا۔۔۔

یہ کیا ہے شزا۔۔۔پورے کمرے کو خراب کر کے کھڑی ہو۔۔

مما مجھ سے ڈریس نہیں سیلیکٹ ہو رہا۔۔۔مجھے دوستوں کے ساتھ لنچ پر پہن کر

جانا ہے۔۔

شزا نے ٹیڑھا میڑھا منہ بنا کر کہا۔۔

اکیلی جاؤ گی تم۔۔۔

نہیں مما وردہ بھی آئے گی۔۔

اچھا کوئی بھی پہن لو سارے ہی اچھے ہیں۔۔

یہ بلیو والا پہن لو۔۔۔فاریہ نے ایک جوڑا اس کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔۔۔

تھینکیو مما۔۔

ویسے بیٹا جانے کی کیا ضرورت ہے۔۔۔دو دن بعد تو تمہاری برتھ ڈے

ہے۔۔۔وہاں بلا لینا فرینڈز کو۔۔

مما۔۔۔وہاں بھی بلا لوں گی نا۔۔

شزا نے عجیب سا منہ بناتے کہا۔۔

اچھا جیسی تمہاری مرضی۔۔

فاریہ یہ کہتی کمرے سے باہر چلی گئی۔۔۔

شزا کو وردہ کا خیال آیا۔۔

اس نے فون اٹھایا اور وردہ کا نمبر ڈائل کرنے لگی۔۔

لیکن کچھ سوچ کر وہ رکی اور ساحرہ کا نمبر ملایا۔۔

www.novelsclubb.com

دوسری بیل پر کال اٹھالی گئی۔۔۔

حیلو پھپو۔

جی جی۔۔۔

وردہ گھر پر ہی ہے نا۔۔۔

ہاں گھر ہی ہے کیوں بیٹا کوئی کام تھا اس سے۔۔

وہ پھپو ہمارے دوستوں نے نا آج لنچ کا پلین بنایا ہے۔۔۔انھوں نے وردہ کو بھی بلایا ہے۔۔۔میں وردہ سے کہتی تو وہ منع کر دیتی آپ پلیز وردہ سے کہیں وہ دو بجے تک تیار رہے۔۔۔میں اس کو لینے آجاؤں گی۔۔۔

شزا ایک ہی سانس میں ساری بات کر گئی۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے بیٹا تم فکر ہی نہ کرو۔۔میں تیار کر دوں گی اس کو۔۔

تھینکیو۔۔۔اچھا پھپو میں بعد میں بات کرتی ہوں۔۔اللہ حافظ۔۔

اللہ حافظ۔۔۔

شزا نے کال بند کر دی اور اپنے ہاتھوں میں اپنے کپڑے اٹھائے دیکھنے لگی۔۔۔

--

وردہ اپنے کمرے کی طرف جا رہی تھی کہ نبیل اس کے راستے میں آیا۔۔۔

وردہ نے راستہ بدلنے کی کوشش کی لیکن نبیل نے ہاتھ رکھ کر اس کا راستہ روک لیا۔۔

اتنی جلدی کیا ہے تمہیں بھاگنے کی۔۔

اتنے میں اس کو پیچھے سے ساحرہ آتی دکھائی دی۔۔۔

اور بیٹا۔۔۔یونیورسٹی میں پہلا دن کیسا گزرا۔۔۔ نبیل نے جھٹ سے اپنی ٹون چینج کی۔۔۔

وردہ نے حیرانی سے اس کی طرف دیکھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ بیٹا۔۔۔ساحرہ کی آواز ہر وہ سمجھ گئی کہ اچانک نبیل کا لہجہ کیسے چینج ہوا۔۔

جی مما۔۔ساحرہ اب اس کے سامنے کھڑی تھی۔۔۔

بیٹا۔۔۔شزا کا فون آیا۔۔۔تمھارے کچھ۔دوستوں نے مل کر لنچ کا پلین بنایا ہے۔۔۔اور تمھیں بھی انوائٹ کیا ہے۔۔تم دو بجے تک تیار رہنا وہ تمھیں لینے آئے گی۔۔۔

ساحرہ کی بات پر نبیل نے وردہ کی طرف سیریس نظروں سے دیکھا۔۔۔وردہ نے بھی اس کی طرف دیکھا۔۔

لیکن مما۔۔

لیکن ویکن کچھ نہیں بیٹا۔۔جلدی سے تیار ہو جاؤ۔۔میں کہ چکی ہوں شزا کو۔۔

اوکے مما۔۔۔وردہ یہ کہتی ایک نظر نبیل کو دیکھتی اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔

ساحرہ بھی اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی۔۔

غصے سے نبیل نے مٹھیاں بھینچیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

وائٹ کلر کی شرٹ، بلیک پینٹ اور بلیککوٹ پہنے، ہاتھوں پر گھڑی باندھے وہ بے شک بے حد وجیہہ دکھ رہا تھا۔۔۔

ولید شیشے کے سامنے خود کو دیکھ کر خود پر ہی فدا ہوئے جا رہا تھا۔۔

اچانک اسے وردہ کا خیال آیا۔۔۔ایک گہری مسکراہٹ نے اس کے چہرے کا احاطہ کیا۔۔ناجانے کیوں اس کا بار بار اسے دیکھنے کا دل چاہ رہا تھا۔۔۔اپنے جذباتوں سے وہ ابھی ناواقف تھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

کچھ دیر کے بعد وہ خیالوں سے باہر آیا اور وقار کو کال ملائی۔۔۔

اور سپیکر آن کر کے فون سامنے رکھ لیا اور شیشے میں خود کو دیکھنے لگا۔۔۔

وقار نے آج کریم کلر کا کرتا پہنا ہوا تھا اور اپنی باروب شخصیت کے ساتھ وہ کسی کے

بھی دل میں اترنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔۔۔

فون کی گھنٹی بجی۔۔ولید کا نمبر دیکھ کر اس نے کال پک کی۔۔

کہاں تک پہنچی تیاری۔۔۔فون میں سے ولید کی آواز آئی۔۔

تیار ہوں بس۔۔

وقار نے جواب دیا۔۔۔

اچھا کہاں سے پک کروں تمہیں۔۔

گھر سے ہی کر لو۔۔

اوہ۔۔۔تو جناب آج گھر بیٹھے ہیں۔۔۔

ہاں تیری وجہ سے اپنی جگہ کسی اور کو بیٹھا کر آیا ہوں۔۔

اوہ۔۔چلو کوئی بات نہیں۔۔بڑے بڑے دوستوں کیلیے ایسی چھوٹی چھوٹی قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔۔

ولید نے ایک قہقہہ لگا کر کہا۔۔

www.novelsclubb.com

ہاں تو تو ہے ہی بہت بڑا۔۔۔سب کا باپ۔۔

وہ تو ہوں۔۔اچھا میں آرہا ہوں تجھے لینے تیار رہنا۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔

ولید نے کال بند کر دی۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔

وقار نے ایک نظر خود کو آئینے دیکھا اور کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔

اتنا تیار شیار ہو کر کہاں جا رہا ہے میرا بیٹا۔۔ معصومہ بیگم نے اسے تیار دیکھا تو پوچھا۔

ولید نے بلایا تھا لنچ پر اسی کے ساتھ جا رہا ہوں۔۔۔

چلو اچھا ہے۔۔۔۔ کبھی کبھی اپنے لیے چھٹی لے لینی چاہیئے۔۔۔

جی۔۔

وقار ان کے ساتھ صوفے پر ہی بیٹھ گیا اور ولید کے آنے کا انتظار کرنے لگا۔۔

۔۔۔۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھوڑی دیر کے بعد ولید اسے لینے آیا اور دونوں مقررہ ریسٹورنٹ کی طرف چل دیئے۔۔

اورنج کلر کا فراق پہنے، کندھے کے ایک طرف دوپٹہ ڈالے، میک اپ سے بے نیاز چہرہ لیے بال کھلے چھوڑ کر وہ شیشے میں خود کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

شیشے میں اس نے اپنی آنکھوں میں اداسی دیکھی۔۔۔

"یہ اداسی کبھی نہیں جانے والی۔۔۔میں نے ساری زندگی ایسا ہی رہنا ہے اور ایسے ہی مر جانا ہے"

وردہ نے دل میں سوچا۔۔۔بے اختیار اس کی آنکھیں بھیگ گئیں۔۔۔

اتنے میں اسے ساحرہ کی آواز آئی۔۔۔اس نے جلدی سے آنکھیں صاف کیں۔۔

وردہ بیٹا وہ شزا آگئی ہے تمھیں لینے۔۔

ساحرہ کے بلانے پر اس نے مڑ کر اس کی طرف دیکھا۔۔

ماشاءاللہ۔۔۔کتنی پیاری لگ رہی ہے میری بیٹی۔۔نظر نہ لگ جائے کسی کی۔۔۔۔ساحرہ نے اس کا ماتھا چومتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ مسکرائی۔۔

اچھا اب جلدی سے آجاؤ۔۔۔شزا تمھارا انتظار کر رہی ہے۔۔۔

ساحرہ اسے کہتی باہر کی طرف چل دی۔۔۔وردہ بھی اس کے ساتھ چل پڑی۔۔

شزا نے آج بلو کلر کی شلوار قمیض پہنی تھی جس پر گولڈن کلر کی کڑھائی کی ہوئی تھی اور وہ بلاشبہ اس میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔

وردہ کو آتا دیکھ کر وہ اپنی جگہ سے اٹھی۔۔

چلیں وردہ۔۔۔

وردہ نے اثبات میں سر ہلایا۔۔

پھر وہ دونوں ساحرہ کو ملیں اور باہر نکل۔کر گاڑی کی طرف بڑھ گئیں۔۔۔۔۔

ولید اور وقار ریسٹورنٹ میں بیٹھے شزا اور وردہ کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔

کچھ دیر بعد

ولید کو دروازے سے شزا اور وردہ آتی دکھائی دی۔۔

وردہ کو دیکھ کر ایک پل کیلئے وہ کھو سا گیا اور اس سے نظر ہٹانا بھول گیا۔۔

وقار کی چٹکی بجانے پر وہ ہوش میں آیا۔۔

کسے ٹکر ٹکر دیکھی جا رہا ہے۔۔۔

کچھ نہیں وہ آ گئیں کلاس فیلوز۔۔۔

ولید نے اسے سر کے اشارے سے بتایا۔۔۔

اس کے اشارے پر وقار نے ان کی طرف دیکھا وردہ کو وہ پہچان چکا تھا۔۔

وردہ اور شزا چلتی ہوئیں ان کے سامنے آ کھڑی ہوئیں۔۔۔

ارے آپ۔۔۔وقار وردہ کو دیکھ کر اٹھا۔۔

السلام وعلیکم۔۔۔وردہ نے اس کو سلام کیا۔۔

وعلیکم السلام۔۔وقار نے سلام کا جواب دیتے ہوئے کہا۔۔۔

ولید اور شزا سوالیہ نظروں سے ان دونوں کی طرف دیکھ رہے تھے۔۔

تم دونوں جانتے ہو ایک دوسرے کو۔۔ولید نے دونوں کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ہاں۔۔۔اس دن بارش میں ان کی کار پھس گئی تھی۔۔۔وہی نکالتے ہوئے ملاقات ہو گئی تھی۔۔

وقار نے مختصر کر کے بات بتائی۔۔

اچھا۔۔بیٹھیں۔۔ولید نے بیٹھتے ہوئے کہا۔۔

چاروں اپنی اپنی جگہ پر بیٹھ گئے۔۔

کیا کھاؤ گے۔۔۔ولید بظاہر تو سب سے پوچھ رہا تھا۔۔لیکن نظریں وردہ کی طرف تھیں۔۔

جو تم منگوالو کھالیں گے۔۔

شزا نے یہ جھنجھٹ ختم کرتے ہوئے کہا۔۔

اوکے۔۔

ولید نے ویٹر کو بلایا اور کھانا آرڈر کیا۔۔۔لیکن اس سے پہلے اسے جوس لانے کو کہا۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ولی ان کا تعارف نہیں کروایا تم نے۔۔۔شزا نے وقار کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

وقار نے شزا کی طرف دیکھا۔۔

یہ وقار ہے میرا دوست۔۔۔اسی علاقے کے تھانے میں انسپکٹر کی جاب کرتا

ہے۔۔۔

ولید نے اس کا تعارف کراتے ہوئے کہا۔۔

اوہ۔۔شزا نے ہونٹ گول کر کے کہا۔۔

اور آپ کا تعارف۔۔۔وقار نے دلچسپی سے اس کی طرف دیکھ کر پوچھا۔۔۔

شزا نام ہے میرا۔۔ولید کے ساتھ ہی یونیورسٹی میں پڑھتی ہوں۔۔۔

اور یہ وردہ ہے یہ بھی یونیورسٹی میں پڑھتی ہے۔۔

شزا کی بات کاٹ کر ولی وردہ کا تعارف کرانے لگا۔۔

شزا نے عجیب سی نظروں سے ولی کی طرف دیکھا۔۔اسے ولی کا ہوں وردہ کی بات کرنا اچھا نہیں لگا تھا۔۔

وردہ نے بھی حیرانی سے اس کی طرف دیکھا۔۔

اوہ۔۔۔وقار نے چھیڑنے والے انداز میں کہا۔۔

ولید نے اسے گھورا۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اتنے میں ویٹر ان سب کیلیئے جوس لے کر آیا۔۔۔

چاروں نے اپنا اپنا گلاس اٹھالیا۔۔۔۔

نبیل کو اچانک وردہ کے پاپا کا خیال آیا۔۔

وردہ تمھارے پاپا کیا کرتے ہیں۔۔۔

ولید کے اس سوال پر وردہ سے جوس کا گلاس چھوٹا اور سارا جوس اس کے کپڑوں پر گر گیا۔۔۔

وردہ نے پریشانی سے تینوں کی طرف دیکھا۔۔۔

اوہ سوری۔۔ولید نے معذرت کرتے ہوئے کہا۔۔۔

میں دھو کر آتی ہوں۔۔وردہ جلدی سے اٹھی اور واشروم کی طرف چلی گئی۔۔

میں ابھی آتا ہوں۔۔۔ولید بھی اس کی پیچھے چلا گیا۔۔

ولید کو جاتا دیکھ کر وقار کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔۔اپنے دوست کر دل کے جذبات وہ سمجھ چکا تھا۔۔۔

شزا نے کوفت سے اسے جاتا دیکھا۔۔۔اسے وردہ پر غصہ آیا۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔

وردہ تیز تیز چلتی ہوئی واشروم میں گھس گئی۔۔۔ولید باہر ہی کھڑا اس کا انتظار کرنے لگا۔۔۔

خوش قسمتی سے ریسٹورنٹ کے اس حصے میں ابھی کوئی نہیں تھا سب اپنے اپنے کھانے میں مصروف تھے۔۔۔

۔۔۔۔۔۔

ولید کے جانے کے بعد وقار اور شزا اکیلے بیٹھے تھے۔۔۔

وقار کا اس سے بات کرنے کا دل کیا لیکن اسکے دماغ میں کوئی بات نہیں آرہی تھی۔۔

پڑھائی کے علاوہ اور کیا ہوبیز ہیں آپکی۔۔

وقار نے کچھ سوچے سمجھے بغیر جو اس کے منہ میں آیا بول دیا۔۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کچھ نہیں۔۔فارغ پڑی رہتی ہوں۔۔شزا نے وقار کی طرف دیکھ کر کہا۔

انٹرسٹنگ۔۔

اچھا جی۔۔

ہانجی۔۔۔۔

ویسے آپ پولیس والے لگ نہیں رہے۔۔شزا نے بغور اس کا جائزہ لیتے ہوئے کہا۔۔۔

کیوں۔۔۔پولیس والوں کے سروں پر سینگ ہوتے ہیں کیا۔۔۔

وقار نے ایک آئی برو اچکا کر کہا۔۔

نہیں۔۔۔لیکن مجھے لگتا تھا پولیس والے بہت غصے والے ہوتے ہونگے کسی سے بات بھی نہیں کرتے ہونگے۔۔۔

شزا کی بات پر ولید نے ہلکا سا قہقہہ لگایا۔۔۔

ایسا کچھ نہیں ہوتا۔۔۔پولیس والے ہر کسی پر تھوڑی غصہ کرتے ہیں۔۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ہمم۔۔۔ویسے کسی زمانے میں میں دیوانی تھی پولیس والوں کی۔۔۔ بچپن میں مجھے بہت شوق تھا پولیس والوں کو دیکھنے کا۔۔۔

اچھا جی۔۔۔ شزا کی باتیں وقار کے دل پر لگ رہی تھیں۔۔۔اسے شزا کی معصوم باتیں بہت اچھی لگ رہیں تھیں۔۔۔

وقار کی مسلسل نظریں خود پر پا کر شزا ادھر ادھر دیکھنے لگی۔۔

وردہ اور ولید پتا نہیں کہاں رہ گئے۔۔۔ شزا نے ادھر ادھر دیکھتے ہی کہا۔۔۔

آتے ہونگے۔۔۔وقار نے اپنی نظریں اس سے ہٹائیں۔۔وہ دونوں ان کا انتظار کرنے لگے۔۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ واشروم سے باہر آئی تو ولید کو باہر کھڑا دیکھ کر حیران ہوئی۔۔

آپ یہاں کیوں کھڑے ہیں۔۔۔اس نے ولید کے سامنے کھڑے ہو کر کہا۔۔

ہاں۔۔۔وہ۔۔۔میں ولید کو خود سمجھ نہ آیا کہ وہ کیوں اتنی دیر سے یہاں کھڑا

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھا۔۔

میں تمھارا انتظار کر رہا تھا۔۔کچھ بات ذہن میں آتے ہی اس نے جلدی سے کہا۔۔

میرا انتظار کیوں۔۔

وردہ نے اسے سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

وہ۔۔۔بس ایسے ہی۔۔۔ولید نے سر کھجا کر کہا۔۔

وردہ نے اس کے پاگل پن پر عجیب سا منہ بنایا۔۔اور جانے کیلیے مڑی۔۔

ولید نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنی طرف موڑا۔۔۔ولید کی اس حرکت پر وردہ نے گھبرا کر اس کی طرف دیکھا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ولید یہ کیا کر رہے ہیں آپ۔۔وردہ نے اپنا ہاتھ چھڑواتے ہوئے کہا۔۔

اتنا ڈرتی کیوں ہو تم۔۔۔ولید اس کی آنکھوں میں دیکھ کر بولا۔۔۔

میں نہیں ڈرتی۔۔۔

جھوٹ مت بولو۔۔۔ تمھاری آنکھوں میں خوف میں صاف دیکھ سکتا

ہوں۔۔۔کس بات کا خوف ہے یہ۔

وردہ نے حیرانی سے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔۔۔وہ اجنبی اس کے اندر کی باتوں کو سمجھ رہا تھا۔۔

آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے مجھے کسی بات کا خوف نہیں ہے۔۔وردہ نے سپاٹ لہجے میں کہا۔۔۔

ٹھیک ہے نہ بتاؤ۔۔۔ولید نے ایک جھٹکے سے اس کا ہاتھ چھوڑا۔۔

لیکن ایک نہ ایکدن پتا لگوا ہی لوں گا۔۔ولید اس کی آنکھوں میں دیکھ کر کہتا وہاں سے چلا گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ کی آنکھوں میں آنسو آئے اس نے جلدی سے آنسو صاف کیے اور ولید کے پیچھے چل پڑی۔۔

وقار اور شزا ان کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔

کہاں رہ گئے تھے تم دونوں۔۔۔

شزا نے ولید کی طرف دیکھ کر کہا۔۔

کہیں نہیں اس میڈم نے بیت دیر لگادی تھی۔۔۔ولید نے وردہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ نے منہ کھول کر اس کو دیکھا۔۔

۔۔۔۔

اتنے میں ویٹر کھانا لے کر آ گیا۔۔۔وہ چاروں کھانا کھانے میں مصروف ہو گئے۔۔

ولید۔۔پرسوں برتھڈے ہے میری تم لازمی آنا۔۔

شزا کھانے کے دوران بولی۔۔

کوشش کروں گا۔۔

کوشش نہیں لازمی آنا ہے۔۔

شزا نے اصرار کرتے ہوئے کہا۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔ولید نے کھانا کھاتے ہوئے کہا۔۔

www.novelsclubb.com

اور آل بھی آنا۔۔۔ولید کا خیال کرتے ہوئے اسے وقار سے بھی کہنا پڑا۔۔

جی ضرور۔۔وقار نے مسکرا کر کہا۔۔۔

ولید نے حیرانی سے اس کو دیکھا۔۔۔وہ جو اس کے ساتھ لنچ پر اتنی مشکل سے آیا

تھا۔۔۔

شزا کی برتھڈے کیلئے اتنی جلدی مان گیا تھا۔۔۔

ولید نے اس سے بعد میں پوچھنے کا سوچا۔۔

کھانا کھانے کے بعد وہ ریسٹورنٹ سے باہر آئے۔۔۔

آج چاروں کے دل بے چین تھے۔۔

ایک دوسرے کو بائے کہ کر چاروں بے چین دل لیے اپنی اپنی گاڑی کی طرف چل

پڑے۔۔۔۔

شزا گھر واپس آنے کے بعد سیدھا اپنے کمرے میں چلی گئی

ولید کا وردہ کی طرف جھکاؤ اسے بلکل پسند نہیں آیا تھا۔۔ولید کو وردہ کیلیے اتنا فکر مند ہوتا دیکھ کر اس کو اپنے لیے خطرے کی گھنٹیاں بجتی محسوس ہو رہیں تھیں۔۔۔

اپنی برتھڈے ڈے پر تو اس نے ولید کو بلا لیا تھا۔۔اس نے الٹی برتھ ڈے پر ولید کو سب بتانے کا فیصلہ کیا۔۔۔اور اٹھ کر چینج کرنے چلی گئی۔۔۔۔

ولی بیٹا۔۔۔۔

ولی جو اوپر اپنے کمرے کی طرف جا رہا تھا۔۔شہناذ بیگم کی آواز پر مڑ کر ان کو دیکھا۔۔

جی مما۔۔

کہاں سے آ رہی ہو۔۔۔شہناذ بیگم اب اس کے سامنے جا کھڑی ہوئیں تھیں۔۔

لنچ پہ گیا تھا فرینڈز کے ساتھ۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اتنا تیار ہو کر۔۔۔شہناذ بیگم نے ولی کو سر سے پیر تک گھورتے ہوئے کہا۔۔

اتنا تیار کہاں ہوا ہوں مما۔۔ صحیح تو ہے۔۔۔

ولی نے اپنے کپڑوں کی طرف دیکھ کر کہا۔۔

میں نے پہلے کبھی تمھیں اتنا تیار ہو کر کم از کم لنچ پر جاتے تو نہیں دیکھا۔۔۔

شہناز بیگم بھی اس کی تفتیش کرنے کے پورے موڈ میں تھیں۔۔وہ کل سے ولی کی حرکتوں کو نوٹ کر رہیں تھیں۔۔۔

مما پلیز۔۔۔آپ کیا وقار کی طرح پولیس والی بنی کھڑی ہیں۔۔۔

ولید نے کوفت سے کہا۔۔

مجھے تمہارے تیور بدلے ہوئے لگ رہے ہیں لڑکے۔۔

شہناز بیگم نے اسے مشکوک نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ولی کو فیاض صاحب کمرے سے باہر آتے دکھائی دیے۔۔

پاپا۔۔۔ولی نے ان کو آواز لگائی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ولید کی آواز پر شہناز بیگم نے بھی مڑ کر ان کی طرف دیکھا۔۔۔

فیاض صاحب ولی کو دیکھتے ان کے ساتھ آ کھڑے ہوئے۔۔

کیا ہوا۔۔۔

پاپا اپنی بیوی کو سنبھالیں آپ کی طرح مجھ سے بھی تفتیشیں کرنے لگ گئی ہیں۔۔

ولی نے یہ کہ کر اپنے کمرے کی طرف دوڑ لگا دی۔۔

شہناز بیگم نے اس کو گھورا۔

رکو تم۔۔۔

جانے دو اس کو۔۔۔کیوں ہر وقت پیچھے پڑی رہتی ہو اس کے۔۔۔

فیاض صاحب نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے کہا۔۔

میں پیچھے پڑی رہتی ہوں۔۔۔شہناذ بیگم نے انگلی سے اپنی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

میں بتا رہی ہوں فیاض یہ لڑکا کچھ اور ہی چکروں میں پڑا ہوا ہے۔۔۔۔

شہناز بیگم بھی ان کے ساتھ صوفے پر آ کر بیٹھ گئیں۔۔۔

کیا مطلب چکر؟؟ کیا کہنا چاہتی ہو کھل کر کہو شہناز۔۔۔

مجھے کسی لڑکی کا چکر لگتا ہے۔۔۔دیکھیں تو آج بھی اتنا تیار ہو کر لنچ پر گیا ہے اور کل سے مجھے یہ کھویا کھویا سا لگ رہا ہے۔۔۔

شہناز بیگم نے رازداری سے کہا۔۔۔

یہ تو اچھی بات ہے نا۔۔پنگے لینے کے علاوہ بھی آپ کے بیٹے کو کچھ آتا ہے۔۔

بس کریں۔۔۔پنگا لینے والی عادت تو بلکل آپ والی ہے اس میں۔۔

شہناز بیگم نے چڑ کر کہا۔۔۔

یہ تو آپ نے صحیح کہا۔۔۔پنگالی ے والی عادت تھی اس لیے تو آپ سے شادی کر لی۔۔

فیاض صاحب نے چلبلے انداز میں کہا۔۔

شہناز بیگم سے کوئی بات نہ بن پڑی وہ بس انھیں گھور کر رہ گئیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اچھا باقی باتیں چھوڑیں۔۔ایک کپ چائے تو بنا دیں۔۔

فیاض صاحب نے منانے والے انداز میں کہا۔۔

لاتی ہوں۔۔

شہناز بیگم اٹھ کر کچن کی طرف چلی گئیں۔۔۔

رات کا وقت تھا شزا موبائل ہاتھ میں لیے بیٹھی تھی۔۔۔وہ کبھی ولی کو کال کرنے کا سوچتی اور پھر یہ سوچ کر رک جاتی کہ وہ کیا سوچے گا۔۔

آخر کار کچھ ہمت جمع کر کے اس نے ہاتھ میں پکڑے موبائل کو دیکھا اور ولید کا نمبر ڈائل کرنے لگی۔۔

ولید ابھی بھی وردہ کے بارے میں سوچ رہا تھا۔۔۔

وردہ کی آنکھوں میں اسے کسی چیز کا خوف دکھا تھا لیکن وہ ایک الگ بات تھی۔۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اسے واقع میں وردہ سے پیار ہو گیا تھا۔۔اس کا دل عجیب بے چینی میں مبتلا تھا۔۔کل تک وہ جو اپنے احساسات کو مان نہیں رہا تھا آج دل کے ہاتھوں مجبور ہوا بیٹھا تھا۔۔اسے وردہ کو کچھ بھی بتانے سے پہلے اس سے اس کے خوف کی وجہ پوچھنی تھی۔۔

ولید ابھی انھی خیالوں میں گم بجٹھا تھا کہ اس کا موبائل بجنے لگا۔۔۔شزا کا نام دیکھ کر اس کے ماتھے پر بل آئے۔۔

کال پک کر کے اس نے موبائل کان کے ساتھ لگایا۔۔۔

حیلو ولی۔۔۔دوسری طرف سے شزا کی آواز آئی۔۔۔

ہاں بولو۔۔۔ولی نے روکھے سے انداز میں کہا۔۔۔

شزا کو سمجھ نہ آئی کہ وہ کیا کہے۔۔۔

کیا کر رہے تھے۔۔

تماس وقت کیا کرتے ہیں شزا۔۔۔ولی نے سپاٹ لہجے میں کہا۔۔شزا کو شرمندگی

محسوس ہوئی۔۔۔

وہ کچھ نہ بولی۔۔۔

اچھا بتاؤ کیوں کال کی تھی۔۔

وہ۔۔۔وہ مجھے پوچھنا تھا کہ۔۔۔تم برتھ ڈے پر کونسے کلر کا سوٹ پہن رہے ہو۔۔مجھے میچنگ کرنی ہے۔۔۔شزا سے اور کوئی سوال نہ بن پڑا۔۔

ولید نے اس کی بات پر عجیب سا منہ بنایا۔۔۔

یہ پوچھنے کیلیے تم نے اس وقت فون کیا تھا۔۔

لہجے میں غصے سے زیادہ تعجب تھا۔۔

ہاں۔۔۔وہ۔۔۔سوری

اچھا چھوڑو۔۔۔اور میں نے ابھی کچھ ڈیسائیڈ نہیں کیا۔۔۔

میں پتا نہیں آسکوں گا یا نہیں۔۔۔

ولید نے بات ختم کرتے ہوئے کہا۔۔

www.novelsclubb.com

ایسے تو نہ کہو یار۔۔ تمھیں لازمی آنا ہے۔۔۔ شزا اسرار کرنے لگی۔۔

ولی نے ماتھا رگڑا۔۔

وردہ آئے گی۔۔۔ کچھ سوچ کر اس نے یہ سوال کیا۔۔۔

وردہ کے نام پر شزا کا شک اب یقین میں تبدیل ہو گیا تھا۔۔۔ ولید واقع وردہ میں انٹرسٹڈ تھا۔۔

آ۔۔ ہاں آئے گی۔۔۔ ناچاہتے ہوئے شزا کو بتانا پڑا۔۔

اوکے۔۔۔ میں کوشش کروں گا آنے کی۔۔۔ ابھی مجھے بہت نیند آئی ہے۔۔

اوکے تم سو جاؤ۔۔

گڈ نائٹ۔۔۔

گڈ نائٹ ولی۔۔

ولی کی طرف سے کال بند کر دی گئی۔۔۔ شزا کتنی ہی دیر موبائل کو دیکھتی رہی۔۔

---

www.novelsclubb.com

وردہ، ساحرہ اور نبیل صبح کے وقت ناشتے کی میز پر بیٹھے تھے۔۔وردہ یونیورسٹی جانے کیلیے تیار بیٹھی تھی۔۔

وردہ آج تم شزا کے ساتھ چلے جانا۔۔۔ساحرہ نے کھانا کھاتے ہوئے بولا۔۔نبیل اور وردہ دونوں نے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔۔

کیوں۔۔نبیل نے سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔

کل شزا کی برتھ ڈے ہے تو آپ اور میں شاپنگ پر جائیں گے اور گھر کا کچھ سامان بھی لینا ہے۔۔

www.novelsclubb.com

ساحرہ نے صاف گائی سے جواب دیا۔۔

نبیل چپ ہو کر رہ گیا۔۔

مما آج شزا تو نہیں آرہی۔۔۔میں ڈرائیور کے ساتھ چلی جاتی ہوں۔۔

وردہ نے خود بات کر کے خود ہی تجویز دی۔۔نبیل نے گھور کر اس کی طرف

دیکھا۔۔وردہ نظریں چرا گئی۔۔

اوکے بیٹا۔۔۔ڈرائیور کو واپسی کا ٹائم بھی بتا دینا۔۔

اوکے مما۔۔وردہ نے اٹھتے ہوئے کہا۔۔میں چلتی ہوں دیر ہو جائے گی۔

وہ پیار سے ساحرہ کو ملی اور بیگ اٹھاتی باہر چلی گئی۔۔

وقار کب سے کسی سوچ میں گم جوس میں چمچ ہلائے جا رہا تھا۔۔

معصومہ بیگم نے تعجب سے اس کی طرف دیکھا۔۔۔

وقار۔۔۔ان کے ایک دفعہ بلانے پر وقار پر کوئی اثر نہیں ہوا۔۔

وقار بیٹا۔۔اس دفعہ انھوں نے قدرے تیز آواز میں کہا۔۔

جی۔۔۔۔جی امی۔۔۔وقار نے ہڑبڑا کر کہا۔۔

کن سوچوں میں گم ہو۔۔۔

کہیں نہیں امی۔۔۔

اب تم ماں سے چھپاؤ گے۔۔ معصومہ بیگم نے مصنوعی ناراض ہوتے ہوئے کہا۔۔

امی۔۔ میں کیوں آپ سے کوئی بات چھپاؤں گا۔۔

میں نے کبھی الٹے بیٹے کو خیالوں میں اتنا گم نہیں پایا کہ ارد گرد سے بے خبر ہو جائے۔۔۔۔ کوئی بات تو ضرور ہے۔۔اب مجھے بتانا نہیں چاہتے تو وہ الگ بات ہے۔۔

امی۔۔۔۔ صحیح وقت پر بتادوں گا آپ کو۔۔

اچھا بیٹا۔۔

امی میں دولہر کا کھانا باہر کھالوں گا۔۔۔آپ ویٹ نہیں کرنا۔

وقار نے اٹھتے ہوئے کہا۔۔

ناشتہ تو کرتے جاؤ۔۔

وہ بھی باہر سے کرلوں گا۔۔

www.novelsclubb.com

اللہ حافظ۔۔

اللہ حافظ بیٹا۔۔

وقار جلدی سے باہر نکل گیا۔۔ معصومہ بیگم اسے جاتا دیکھتی رہیں۔۔۔۔

کلاس میں اسوقت کوئی نہیں تھا۔۔۔پہلی کلاس ختم ہو چکی تھی۔۔۔

وردہ اکیلی کلاس میں بیٹھی کتاب پر جھکی ہوئی تھی۔۔

ولید کلاس کے اندر آیا۔۔۔اس کو اسطرح دیکھ کر وہ دور کھڑا ہی اس کو دیکھتا رہا۔۔

اچانک کوئی بات یاد آنے پر وردہ نے سر اٹھایا اور اپنا ایک ہاتھ ماتھے پر مارا۔۔

ولید دور کھڑا اس کی یہ حرکت دیکھ رہا تھا۔۔چلتا ہوا اس کے پاس آیا۔۔

کیا ہوا۔۔۔

ولید کی آواز پر وردہ نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔۔

آپ یہاں۔۔۔

ہاں کیوں میں یہاں نہیں ہو سکتا۔۔۔

وردہ جواباً چپ ہو گئی۔۔

پریشان کس بات پر ہو رہی تھی۔۔

کسی بات پر نہیں۔۔۔

ولید اس کے ساتھ بیٹھ گیا۔۔

شرافت سے کیوں نہیں بتا دیتی تم۔۔۔۔وردہ نے حیرانی سے ولید کی طرف دیکھا۔۔

www.novelsclubb.com

بتاؤ اب۔۔۔۔

وہ میں اپنے ڈرائیور کو یہ کہنا بھول گئی کہ وہ چھٹی کے وقت مجھے پک کر لے۔۔

وردہ نے ایک ہی سانس میں جواب دیا۔۔

کیوں تمھارے بابا نہیں آرہے آج۔۔

نبیل کی بات پر کرب کی ایک لہر اس کے چہرے پر سے گزری۔۔۔جس کو ولید نے محسوس کیا۔۔

نہیں۔۔۔انھیں کچھ کام تھا۔۔

وردہ۔۔ولید اس کے قریب ہوا۔۔۔وردہ نے پریشانی سے اس کی طرف دیکھا۔۔

تم بتا کیوں نہیں دیتی کہ تمہیں کیا پریشانی ہے۔۔

مجھے کوئی پریشانی نہیں ہے۔۔۔آپ کو کیوں ایسا لگتا ہے۔۔

تمھارے چہرے پر یہ ہر وقت کی تکلیف صاف نظر آتی ہے۔۔۔۔یہ تو تم نہیں کہ سکتی کہ کوئی بات نہیں ہے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

آپ کو بتا بھی دوں تو کوئی فائدہ نہیں۔۔۔وردہ نے ہار مانتے ہوئے کہا۔۔

کیوں۔۔

کوئی میری مدد نہیں کر سکتا۔۔۔۔۔۔

جب تک انسان خود اپنی مدد کرنے کی کوشش نہ کرے تو کوئی چاہ کر بھی اس کی مدد

نہیں کر سکتا۔۔۔تم کسی کو کچھ نہ بتا کر اس سے مدد کی توقع کیسے کر سکتی ہو۔۔

وردہ سے کوئی جواب نی بن پڑا۔۔وہ جانے کیلیے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔۔ولید بھی اس کے ساتھ اٹھا۔۔

مجھے بتاؤ وردہ۔۔۔وہ دونوں اب آمنے سامنے کھڑے تھے۔۔

آپ میری تکلیف کو نہیں سمجھ سکتے۔۔۔۔وردہ کی آنکھوں میں آنسو آچکے تھے جسے وہ آنکھیں میچ کر چھپا رہی تھی۔۔۔

تم بتاؤ تو سمجھوں گا نا۔۔۔

وردہ نے نظریں اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔۔

آپ نہیں سمجھ سکتے۔۔۔

آپ نہیں سمجھ سکتے اس تکلیف کو جب آپ بلکل اکیلے رہ جاؤ۔۔۔

جب آپ کے پاس کوئی ایسا نہ ہو جس کے کندھے پر رکھ کر آپ رو نہ سکو۔۔۔جب آپ کے پاس کوئی ایسا نہ ہو جسے اپنی تکلیف بتا سکو۔۔

آپ نہیں سمجھ سکتے اس تکلیف کو جب آپ کے اپنے آپ کو نہ سمجھ سکیں۔۔ نہیں سمجھ سکتے آپ۔۔

روتے روتے وردہ کی ہچکی بندھ گئی۔۔

ولید سے وردہ کا یہ رونا نہ دیکھا گیا۔۔اس نے قریب آکر وردہ کو گلے لگایا۔۔

وردہ اس کے گلے لگ کر رو دی۔۔اسے آج وہ کندھا مل گیا تھا جس پر سر رکھ وہ رو سکے اور اپنی ساری پریشانیاں بتا سکے۔۔

وردہ۔۔۔ولید نے اس کے بالوں پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔وردہ اس کے سینے سے لگ کر روئے جا رہی تھی۔۔

www.novelsclubb.com

تم فکر مت کرو۔۔۔میں ہوں نا اب تمہارے ساتھ تمھاری ساری تکلیف دور کر دوں گا۔۔

جب رونے کے بعد وردہ کو ہوش آیا تو اس نے خود کو ولید سے الگ کیا۔۔۔اور شرمندہ نگاہوں سے اس کی طرف دیکھنے لگی۔۔

ولید نے اس کی طرف مسکرا کر دیکھا۔۔اور تھوڑا جھک کر اس کی ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ رکھ کر کہا۔۔

دیکھو کیسی چڑیل لگ رہی ہو۔۔

ولید کی بات پر وردہ مسکرا دی۔۔

اچھا چلو منہ دھو کر آؤ۔۔۔کلاس کا ٹائم ہونے والا ہے۔۔

وردہ نے ہاتھوں سے اپنا منہ صاف کیا اور باہر کی طرف چلی گئی۔۔

ولید نے مسکرا کر اسے جاتے دیکھا۔۔۔۔اب آگے کی بات جاننا اس کیلیے آسان تھا۔

www.novelsclubb.com

وردہ چھٹی کے وقت باہر کھڑی تھی۔۔ڈرائیور کو بتانا وہ بھول گئی تھی اور فون وہ یونی لے کر نہیں جاتی تھی۔۔

وہ ابھی اسی کشمکش میں کھڑی تھی کہ ولید اس کے ساتھ آ کھڑا ہوا۔۔۔

چلو۔۔میں ڈراپ کر دیتا ہوں تمہیں۔۔۔

ولید نے آگے چلتے ہوئے کہا۔۔وردہ بھی چپ چاپ اس کے ساتھ چل دی۔۔ابھی اس کے پاس کوئی اور آپشن نہیں تھا۔۔۔

ولید نے پہلے گاڑی کی فرنٹ سیٹ کا دروازہ وردہ کیلیے کھولا وہ چلتی ہوئی سیٹ پر آ کر بیٹھ گئی۔۔

ولید بھی ڈرائیونگ سیٹ پر آ کر بیٹھ گیا۔۔

تم مجھے راستہ بتاتی جانا۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

کچھ دیر ان کے درمیان خاموشی رہی۔۔

ایک بات پوچھوں۔۔ولید کی آواز نے خاموشی کو توڑا۔۔

جی۔۔۔وردہ ابھی سامنے دیکھ رہی تھی۔۔

www.novelsclubb.com

تم اپنے بابا سے ڈرتی ہو۔۔

وردہ نے ٹھٹک کر اس کی طرف دیکھا۔۔

نن۔۔۔ نہیں تو۔۔ وردہ کے منہ سے الفاظ نہیں نکل رہے تھے۔۔۔۔اس نے ولید کی طرف دیکھا۔۔

اس نے یہ کیسے محسوس کر لیا تھا جو آج تک اس کی ماں بھی نہ جان سکی تھی۔۔

اوکے۔۔۔۔ولید نے وردہ کے ہاتھ کی طرف دیکھا اور اس پر اپنا ہاتھ رکھ دیا۔۔ وردہ نے حیرانی سے اس کی طرف دیکھا۔۔۔۔

کوئی بات ہو تو تم مجھے بتا سکتی ہو۔۔۔

ولید نے نظریں سامنے رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ اس کی طرف دیکھ کر مسکرائی اور نظریں سامنے مرکوز کر لیں۔۔۔

ولید وردہ کو چھوڑ کر اپنے گھر کی طرف چلا گیا۔۔۔

وردہ اندر آئی تو گھر پر کوئی نہیں تھا۔۔اس نے شکر کا سانس لیا کہ نبیل نے ولی کو نہیں دیکھا۔۔۔

وہ اپنے کمرے میں آکر فریش ہونے چلی گئی۔۔۔

فریش ہو کر باہر آئی تو ساحرہ اس کے کمرے میں ہی کھڑی تھی۔۔

مما۔۔۔آگئی آپ۔۔

جی بیٹا۔۔۔یہ دیکھو یہ تمہارے لیے لیا ہے میں نے۔۔

ساحرہ نے ایک جوڑا اس کے سامنے بچھاتے ہوئے کہا۔۔

بہت خوبصورت ہے۔۔۔لیکن اس کی کیا ضرورت تھی مما۔۔

ضرورت تھی۔۔۔میں چاہتی ہوں کل کے فنکشن میں میری بیٹی سب سے زیادہ پیاری لگے۔۔

وردہ نے اسے پیار سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

اور یہ لو۔۔۔یہ میں نے تمھاری طرف سے شزا کیلیے گفٹ لیا ہے۔۔۔یہ تم اس کو

دے دینا۔۔

ساحرہ نے ایک پیکڈ گفٹ اس کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔۔

اس میں کیا ہے مما۔۔وردہ نے گفٹ ان سے لیتے ہوئے کہا۔۔

اس میں کیا ہے مما۔۔

نیکلس ہے۔۔۔اب تم یہ نہ بتادینا کہ میں لائی ہوں۔۔

اوکے مما۔۔

اچھا میں کھانا بنارہی ہوں۔۔تم یہ چیزیں رکھ کر نیچے آجاؤ۔۔

اوکے۔۔

www.novelsclubb.com

ساحرہ کمرے سے باہر چلی گئی۔۔وردہ اپنے بیڈ پر رکھی ان چیزوں کو دیکھتی رہی۔۔

وقار تیار ہو کر شیشے کے سامنے کھڑا خود کو ایک نظر دیکھ رہا تھا۔۔۔

تھوڑی دیر خود کو دیکھنے کے بعد اسنے موبائل اٹھایا اور ولی کو کال ملائی۔۔۔

۔۔۔۔

ولی بھی تیار شیار ہو جر شیشے میں خود کو دیکھتا اپنی ہی تعریفوں میں مصروف تھا۔۔

کتنا پیارا لگ رہا ہوں میں۔۔اس نے بال سیٹ کرتے ہوئے کہا۔۔

بلیک شرٹ اور اسی کلر کی پینٹ میں بالوں کو سیٹ کیے وہ واقعی بہت پیارا لگ رہا

تھا۔۔شرٹ کے اوپر اس نے اپنا مخصوص بلیک کوٹ پہن رکھا تھا جو وہ ہمیشہ پہنتا

تھا۔۔۔

ابھی وہ اپنی تیاری کو دیکھ ہی رہا تھا کہ اس کے موبائل پر وقار کی کال آنے لگی۔۔۔

دوسری بیل پر اس نے کالا ٹھائی۔۔

کہاں بزی تھا اتنی دیر سے کال کر رہا ہوں۔۔

بڑی جلدی ہے تجھے تو۔۔۔ولید نے اسے چھیڑتے ہوئے کہا۔۔

اب ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے۔۔۔۔وقار نے لہجہ نارمل رکھتے ہوئے کہا۔۔

بس بس۔۔۔ مجھ سے نہ چھپاب۔۔۔ جن میٹھی نظروں سے تم شزا کو دیکھ رہے تھے اور جس پیار سے تم نے اس کا انویٹیشن ایکسیپٹ کیا۔۔ سب دیکھ رہا تھا۔۔۔

ولید نے ٹونٹ مارتے ہوئے کہا۔۔

اب ایسے ہی باتیں کرتا رہے گا یا لینے بھی آئے گا۔۔

آرہا ہوں بے صبرے۔۔ بس نکل رہا ہوں۔۔

او کے میں ویٹ کر رہا ہوں۔۔

یہ کہہ کر وقار نے کال بند کر دی۔۔

ولید نے گاڑی کی چابی اٹھائی اور باہر نکل گیا۔۔۔۔

سارے مہمان آ چکے تھے۔۔

ساحرہ بھی ایک طرف نسیم بیگم کے ساتھ بیٹھی تھی۔۔

فاریہ کاموں میں مصروف تھی۔۔

السلام وعلیکم نانی۔۔۔وردہ نسیم بیگم سے آکر ملی۔

وعلیکم السلام۔۔۔ماشاءاللہ۔۔۔کتنی پیاری لگ رہی ہے میری بیٹی۔۔

اپنی تعریف پر وردہ مسکرائی۔۔

اس نے آج بلیک کلر کا فراک پہنا ہوا تھا۔۔اس پر کھلے بال اور ہلکا سا میک اپ اس کی خوبصورتی کو اور نکھار رہے تھے۔۔

نانی شزا کہاں ہے۔۔۔وردہ نے شزا کو نہ دیکھ کر پوچھا۔۔

وہ اپنے کمرے میں ہو گی۔۔۔

نسیم بیگم کو مسکرا کر دیکھتی وہ شزا کے کمرے کی طرف بڑھ گئی۔۔

۔۔۔۔

شزا بیڈ پر بیٹھی کچھ سوچ رہی تھی۔۔کہ وردہ اندر داخل ہوئی۔۔

شزا تم ابھی تک باہر کیوں نہیں آئی۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ نے اس کے پاس آتے پوچھا۔۔

تمھیں کیا مسئلہ ہے۔۔۔میں جب بھی باہر آؤں۔۔شزا نے اپنی جگہ سے کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ نے حیرانی سے اسے دیکھا۔۔

شزا۔۔۔کیا ہو گیا ہے۔۔۔

سب کچھ کر کے پوچھتی ہو کیا ہو گیا ہے۔۔شزا نے کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

کیا مطلب ہے تمہارا۔۔۔میں نے کیا کیا ہے۔

شزا نے ایک گہری سانس لی۔۔۔اسے لگا کہ کچھ زیادہ ہی ہو گیا ہے۔۔

کچھ نہیں۔۔چلو باہر۔۔

شزا نے باہر کی طرف جاتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ بھی تعجب سے اسے دیکھتی اس کے پیچھے چل دی۔۔

تھوڑی دیر کے بعد ولید اور وقار بھی اندر داخل ہوئے۔۔

وہ دونوں پہلے سجاد سے مل کر اندر آئے۔۔۔

شزا اور وردہ سامنے ہی کھڑی تھیں۔۔۔۔

وقار نے شزا کو دیکھا تو کتنی ہی دیر اس کو دیکھتا رہا۔۔ پھر آس پاس کے لوگوں کا خیال کرتے اس نے اپنی نظریں گھمائیں۔۔۔

لیکن ولید تو وردہ کو ہی دیکھے جا رہا تھا۔۔ آج پہلی دفعہ وردہ کو میک اپ میں دیکھ کر اس کا نظر ہٹانے کا دل نہیں کر رہا تھا۔۔

وقار نے اسکو اس طرح محو دیکھا تو اس کے سامنے ایک چٹکی بجائی۔۔

چٹکی بجنے پر وہ وردہ کے سحر سے باہر نکلا۔۔

کیا دیکھ رہا ہے۔۔۔ نظروں سے کھائے گا کیا لڑکی کو۔۔ وقار نے شرارتی انداز میں کہا۔۔۔

ولید نے اس کو گھورا۔۔

مجھے کہ رہا تھا اپنا کام چلایا ہوا ہے۔۔۔

میرا کام تو تجھ سے آگے بڑھ چکا ہے۔۔۔ولید نے وردہ اور شزا کی طرف جاتے ہوئے کہا۔۔وقار بھی اس کے ساتھ چل پڑا۔۔۔

حیلو گرلز۔۔

حیلو۔۔۔ولید کو دیکھ کر شزا کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔۔

لیکن اگلے ہی لمحے وہ مسکراہٹ غائب ہوئی۔۔

وردہ اور ولید کے ایک ہی کلر کے سوٹ کو دیکھ کر اس کے تن بدن میں آگ لگ گئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ان کے سوٹ کی میچنگ تو اتفاقیہ ہوئی تھی لیکن شزا نے اس کو کوئی اور ہی رنگ دے دیا تھا۔۔

کیسی ہیں آپ۔۔۔وقار کی آواز پر شزا نے اس کی طرف دیکھا۔۔۔۔

ٹھیک ہوں۔۔۔۔۔۔روکھے سے لہجے میں جواب دیا گیا۔۔

تھوڑی دیر میں بعد اس نے خود کو سنبھالا اور نارمل لہجے میں واپس آئی۔۔

آپ لوگ اتنا لیٹ کیوں آئے ہیں۔۔شزا نے دونوں کی طرف دیکھ کر کہا۔۔

یہ شہزادہ تیار نہیں ہو رہا تھا اسی نے لیٹ کروایا ہے۔۔۔

وقار نے ولید کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

ولید نے اس کو گھورا۔۔

اس کی بات پر وردہ اور شزا دونوں ہنسنے لگیں۔۔

اچانک وردہ کو نبیل اندر آتا دکھائی دیا۔۔۔

کہیں بیٹھ جاتے ہیں۔۔۔وردہ کو بس وہاں سے ہٹنا تھا۔۔

اوکے۔۔

وہ چاروں چلتے ہوئے ایک ٹیبل کے گرد بیٹھ گئے۔۔

نبیل کی نظریں اب انہی کی طرف تھیں۔۔

اچھی لگ رہی ہو آج۔۔۔ولید کو نا چاہتے ہوئے بھی شزا کی تعریف کرنی پڑی۔۔

www.novelsclubb.com

تھینکیو۔۔۔شزا تو جیسے ہواؤں میں اڑنے لگی۔۔

وقار نے کن اکھیوں سے ولید کی طرف دیکھا۔۔۔

ولید نے اپنی ہنسی چھپائی۔۔۔

کچھ دیر وہ ایسے ہی بیٹھے باتیں کرتے رہے۔۔۔۔

ولید بار بار وردہ کی طرف دیکھ رہا تھا۔۔وردہ نظریں چرا جاتی۔۔شزا مسلسل ولید سے بات کرنے کی کوشش کرتی۔۔

ان کی حرکتوں کو نبیل نوٹ کر رہا تھا اور وہ تقریباً سارا معاملہ سمجھ چکا تھا۔۔۔

---

www.novelsclubb.com

شزا بیٹا۔۔۔آجاؤ اب کیک کاٹ لو۔۔

فاریہ نے شزا کو آواز دی۔۔

چلو۔۔شزا نے اٹھتے ہوئے سب کو اپنے ساتھ بلایا۔۔

تینوں اس کے ساتھ چل دیے۔۔

وہ کیک کے سامنے جا کر کھڑی ہوئی باقی سب آس پاس کھڑے تھے۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارے بیٹا تم یہاں۔۔۔ساحرہ نے وقار کو دیکھ کر کہا۔۔

السلام وعلیکم آنٹی۔۔

وعلیکم السلام۔۔

وہ مجھے شزا نے بلایا تھا۔۔

اچھا اچھا۔۔فاریہ بھی ان کے ساتھ کھڑی تھی۔۔

تم جانتی ہو اس کو۔۔

www.novelsclubb.com

ہاں۔۔۔اس دن بارش میں اسی نے ہماری مدد کی تھی۔۔بہت اچھا بچہ

ہے۔۔ساثرہ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔

ماشاءاللہ۔۔فاریہ نے بھی اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔۔

۔۔۔۔

اچھا میں کیک کاٹنے لگی ہوں۔۔شنزا کی آواز پر سب نے اس کی طرف دیکھا۔

شنزا نے پہلے کیک کے اوپر لگی کینڈلز بجھائیں اور پھر کیک کاٹا۔۔

سب نے تالیاں بجائیں۔۔

شنزا نے پہلے فاریہ کو پھر سجاد کو کیک کھلایا۔۔اس طرح باری باری سب کو کیک کھلانے کے بعد وردہ کو اگنور کرتی اس نے کیک ولید کی طرف بڑھایا۔۔ولید نے تھوڑا سا کیک خود کھایا اور تھوڑا سا ہاتھ سے توڑ کر وردہ کی طرف بڑھایا۔۔وردہ نے مسکرا کر اس کے ہاتھ سے کیک کھایا۔

شنزا تو غصے سے آگ بگولہ ہو گئی اور غصے پر قابو کرتی وقار کی طرف کیک بڑھا دیا۔

دور کھڑے نبیل کے چہرے پر ایک شیطانی مسکراہٹ آئی۔۔

۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر بعد کھانے کا دور چلا۔۔جب سب کھانے میں مصروف تھے تو شنزا ولید کے پاس آئی۔۔

ولی مجھے تم سے بات کرنی ہے۔۔

ہاں کرو میں سن رہا ہوں۔۔

یہاں نہیں۔۔۔اندر چلو

لیکن۔۔

چلو ناولید۔۔۔۔شزا نے اس کا بازو پکڑ کر اس کو کھینچتے ہوئے کہا۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔۔ولید نے اپنا بازو چھڑوایا اور اس کے ساتھ چل پڑا۔۔شزا اس کو لے کر اپنے کمرے میں آئی۔۔

نبیل نے ان دونوں کو جاتے دیکھا۔۔

ساحرہ میں ابھی آتا ہوں۔۔

ساحرہ سے معذرت کرتا وہ اٹھا اور ان کے پیچھے چلا گیا۔۔

۔۔۔

ہاں اب بتاؤ۔۔۔۔کیا بات کرنی تھی تم نے۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ ولی۔۔۔مجھے کہنا تھا کہ۔۔مجھے خود نہیں پتا یہ کیسے ہو گیا۔۔۔شزا ولید کے قریب آتے بولی۔۔

جلدی بولو شزا کیا بولنا ہے۔۔

ولید نے کوفت سے کہا۔۔

شزا نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔اور جلدی سے بولی۔۔

ولید آئی لو یو۔۔

ولید نے آنکھیں پھاڑ کر اسے دیکھا۔۔۔

کیا۔۔۔یہ کیا کہہ رہی ہو تم۔۔ہوش میں تو ہو تم۔۔

تمہاری وجہ سے ہوش میں نہیں رہی۔۔ولی پلیز منع مت کرنا۔۔میں بہت پیار کرتی ہوں تم سے۔۔

شٹ اپ۔۔۔ولید نے ایک جھٹکے سے اپنا ہاتھ چھڑوایا۔۔۔

آئندہ میرے سامنے مت آنا تم۔۔

ولید غصے میں کہتا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

کمرے کے دروازے سے کان لگا کر سنتا ولید جلدی سے سائیڈ پر ہوا۔۔

شزا وہیں رونے بیٹھ گئی۔۔۔وردہ کیلیے اس کے دل میں نفرت اور بڑھ گئی۔۔

۔

ولید چلتا ہوا سیدھا وقار کے پاس آیا۔۔

تم نے کھانا کھالیا تو چلیں۔۔۔وہ سپاٹ لہجے میں بولا۔۔

اتنی جلدی کیا ہے۔۔

آنا ہو تو آجانا۔۔ولید نے باہر نکلتے ہوئے کہا۔۔

وقار بھی حیرانی سے اسے دیکھتا اس کے ساتھ باہر نکل گیا۔۔

وردہ نے ان دونوں کو جاتے دیکھا۔۔وہ ولید سے اتنی جلدی جانے کی وجہ پوچھنے

کیلیے بڑھی ہی تھی کہ اس نے نبیل کو خود کو دیکھتے محسوس کیا۔۔

اس کے بڑھتے قدم وہیں رک گئے۔۔

اپنی ماں کے ساتھ ساتھ اسے اب ولید کی بھی فکر کرنی تھی۔۔

اگر وہ اسے ولید کے ساتھ دیکتا تو وہ اسے بھی نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا۔۔

۔۔۔۔۔۔

ولید اور وقار جیسے ہی گاڑی میں بیٹھے ولید نے فوراً گاڑی سٹارٹ کر دی۔۔

ہوا کیا ہے کچھ بتا تو سہی۔۔

وقار اس سے پوچھے جا رہا تھا لیکن اس نے کوئی جواب دیا۔۔

ولی تو کچھ بتائے گا یا نہیں۔۔وقار نے اس بار قدرے چیخ کر کہا۔۔

ولید نے ایک جھٹکے سے گاڑی روکی۔۔

کیا جاننا چاہتے ہو۔۔

اتنے میں غصے میں وہاں سے آنے کی وجہ۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ولید نے وقار کی طرف دیکھا۔۔

شزا۔۔۔شزا ہے وجہ۔۔

کیا مطلب۔۔ولید نے ساری بات اس کو بتائی۔۔

وقار کو تو یقین نہیں آرہا تھا۔۔۔پہلی دفعہ اس نے کسی سے محبت کی تھی اور وہ بھی

اس کی نا ہو سکی۔۔۔اس کا دل بری طرح ٹوٹ چکا تھا۔۔

اپنے آنسوؤں کو ضبط کرتے اس نے ولید کو چلنے کا کہا۔۔۔

یار وقار۔۔تو مجھے غلط مت سمجھنا۔۔مجھے نہیں پتا تھا وہ ایسا کچھ کہے گی۔۔

ہمم۔۔گھر چل۔۔۔وقار بس اتنا ہی کہہ سکا۔۔

ولید نے گاڑی چلا دی۔۔

۔۔۔۔

گھر پہنچ کر وقار سیدھا اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔

معصومہ بیگم جو صوفے پر بیٹھی اس کا انتظار کر رہیں تھیں اس کو یوں اندر جاتا دیکھ کر

www.novelsclubb.com

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

پریشانی سے اس کی طرف بڑھیں۔۔

وقار کمرے میں بیڈ پر جا کر بیٹھ گیا۔۔۔ضبط سے اسکی آنکھیں لال ہو چکی تھیں۔۔

وقار بیٹا۔۔۔کیا ہوا ہے معصومہ نے پریشانی سے اس کے ساتھ بیٹھتے ہوئے کہا۔۔

کچھ نہیں ہوا۔۔

وقار۔۔۔بہت ہو گیا ہے اب۔۔۔جلدی بتاؤ مجھے۔۔

امی کچھ نہیں۔۔۔

تم نے سنا نہیں میں نے کیا کہا۔۔۔معصومہ نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔۔

وقار نے ان کی طرف دیکھا اور بتانا شروع کیا۔۔۔

بات ختم کر کے اس کا ضبط ٹوٹا۔۔۔

معصومہ بیگم نے اسے گلے سے لگا لیا۔۔

میرے بچے ایسے نہیں روتے۔۔وہ اگر تمہاری قسمت میں ہوئی تو کتنی ہی رکاوٹیں تم دونوں کے بیچ آ جائیں اس نے تمھارا ہی ہونا ہے۔۔۔ایک ہی دفعہ میں ہمت ہار

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

جانے والوں کو محبت حاصل نہیں ہوتی بیٹا۔۔۔

انھوں نے اسے سمجھاتے ہوئے کہااور اسے خود سے الگ کیا۔۔۔

ابھی تم کچھ مت سوچو۔۔۔آرام سے سو جاؤ۔۔ٹھیک ہے بیٹا۔۔۔

وقار نے اثبات میں سر ہلایا۔۔

معصومہ بیگم اسے کمرے میں اکیلا چھوڑ تیں کمرے سے باہر آ گئیں۔۔۔

اپنے بیٹے کو یوں روتا دیکھ کر ان کا دل کٹ کر رہ گیا تھا۔۔

فنکشن ختم ہونے کے بعد وردہ، ساحرہ اور نبیل رات کے وقت گھر واپس آ گئے۔۔۔

ساحرہ گاڑی سے نکل کر اندر چلی گئی۔۔ نبیل ابھی وہیں پر کھڑا تھا۔۔۔وردہ کار سے نکل کر اندر جانے کیلیے آگے بڑھی نبیل نے چلتے ہی اس کے کان میں سرگوشی

کی۔۔

"آج موڈ اچھا ہے میرا"

اس کے الفاظ سن کر ایک لمحے کیلیئے تو وردہ ڈر سے وہیں رک گئی۔۔ نبیل اس کو دیکھ کر زہریلی ہنسی ہنسنے لگا۔۔اگلے ہی لمحے وردہ نے وہاں سے اندر کی طرف دوڑ لگا دی۔۔۔

مما۔۔۔ساحرہ جو اپنے کمرے کی طرف جا رہی تھی اس کی آواز پر مڑی۔۔

جی بیٹا۔۔۔

نبیل اب اندر داخل ہو رہا تھا۔۔۔

مما۔۔۔آج آپ میرے ساتھ سو جاؤ پلیز مجھے ڈر لگ رہا ہے۔۔۔وردہ نے گھبراتے ہوئے کہا۔۔۔

ساحرہ نے سوالیہ نظروں سے اس کی گھبراہٹ کو دیکھا اور اس کی طرف آئی۔۔۔

او کے بیٹا۔۔۔لیکن تم اتنی گھبرا کیوں رہی ہو۔۔۔ساحرہ نے اس سے گھبراہٹ کی

وجہ پوچھی۔۔۔

وہ۔۔مجھے ڈر لگ رہا ہے نا اسی لیے۔۔

کس سے ڈر لگ رہا ہے۔۔

ساحرہ کے اس سوال پر جہاں وردہ گھبرائی وہیں نبیل نے چونک کر اس کو

دیکھا۔۔وردہ جلدی سے کوئی بہانہ سوچنے لگی۔۔۔

اچانک دماغ میں کچھ آتے وہ جلدی سے بولی۔۔۔

مما۔۔۔مجھے ڈراؤنے خواب آتے ہیں اس سے ڈر لگتا ہے۔۔

میری بچی رات کو ڈرتی رہتی ہے اور مجھے بتایا بھی نہیں۔۔۔

چلو تم اپنے کمرے میں جاؤ میں ابھی آتی ہوں۔۔۔

وردہ نے کمرے میں جاتے جاتے نبیل کی طرف دیکھا وہ خونخوار نظروں سے اس کو

دیکھ رہا تھا۔۔۔وردہ نے اس سے نظریں چرائیں اور بھاگ کر کمرے میں آگئی۔۔۔

کمرے میں آکر وہ بیڈ کے ایک طرف لیٹ گئی۔۔۔اور ساحرہ کا انتظار کرنے لگی۔۔

اس سے پہلے کہ وہ کسی اور بارے میں سوچتی ساحرہ کمرے کے اندر آئی۔۔اس نے مسکرا کر وردہ کو دیکھا اور بیڈ کی دوسری سائیڈ پر اس کے ساتھ آ کر لیٹ گئی۔۔وردہ اپنی ماں سے لپٹ کر لیٹ گئی۔۔۔

مما۔۔۔آپ کبھی مجھ سے دور مت جانا میں ہمیشہ آپ کے ساتھ رہنا چاہتی ہوں۔۔بات کرتے کرتے وردہ کی آنکھیں بھیگیں آنکھیں بند کر کے اس نے آنسو چھپائے۔۔

وردہ بیٹا میں تم سے دور نہیں جا رہی۔۔۔۔

تھینکیو مما۔۔

www.novelsclubb.com

لیکن یہ ہمیشہ ساتھ رہنے والی بات تو ٹھیک نہیں ہے نا۔۔

کیوں مما۔۔۔وردہ نے گردن اونچی کر کے اس کی طرف دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھئی ایک نہ ایک دن مجھے تمہاری شادی کرنی ہے نا۔۔

ساحرہ نے اس کو دیکھ کر مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

مجھ سے کون شادی کرے گا مما۔۔۔وردہ نے کرب سے آنکھیں میچتے ہوئے کہا۔۔۔

ایسے کیوں کہ رہی ہو۔۔۔دیکھنا میری شہزادی کیلیئے شہزادہ آئے گا۔۔۔جو بری سی بارات لے کر آئے گا اور میری بیٹی کو اپنے ساتھ لے جائے گا۔۔اور اسے ہمیشہ خوش رکھے گا۔۔۔

وردہ کی آنکھوں کے سامنے ولی کا چہرہ گھوم گیا۔۔۔اس کے ہونٹوں پر ایک مسکراہٹ آئی۔۔

اچھا بیٹا اب سو جاؤ بہت رات ہو گئی ہے۔۔۔ساحرہ نے سائیڈ لیمپ بند کرتے ہوئے کہا۔۔

وردہ نے بھی اپنی آنکھیں بند کر لی۔۔

ولی ہی میرا شہزادہ ہو گا۔۔

وردہ نے دل میں سوچا لیکن اگلے ہی لمحے وہ خود اپنے خیال پر مسکرانے لگی۔۔۔

اگلے دن یونی میں شزا وردہ سے اکھڑی اکھڑی ہی رہی۔۔۔وردہ کو اس کے اس رویے کی سمجھ نہیں آرہی تھی۔۔۔

پہلی کلاس کے بعد ولید یونی کے اسی کونے میں بیٹھا تھا جہاں وہ اکثر بیٹھتا تھا۔۔۔

شزا اس کے پاس چلتی ہوئی آرہی تھی۔۔

اس نے شزا کے آس پاس دیکھا لیکن اسے وردہ کہیں دکھائی نہ دی۔۔

شزا چلتی ہوئی اس کے سامنے آکھڑی ہوئی۔۔۔

ولی۔۔تم ناراض ہو مجھ سے۔۔شزا اب اس کے ساتھ بیٹھ چکی تھی۔۔

نہیں۔۔۔میں کیوں ناراض ہونگا۔۔۔

ولید نے لاپروائی سے جواب دیا۔۔

میری کل والی بات سے۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

نہیں میں نے تمہاری کل والی بات کو سیریس ہی نہیں لیا۔۔۔

اس کی بات پر شزا کی آنکھوں میں آنسو آنے لگے جسے وہ چھپا گئی۔۔

ولی تم وردہ کو پسند کرتے ہو نا۔۔۔ہمت کر کے وہ پوچھ بیٹھی لیکن جواب سننے کی

اس میں سکت نہیں تھی۔۔۔

ولی نے اس کی طرف دیکھ۔۔

جب پتا ہے تو پوچھ کیوں رہی ہو۔۔ولی اس کی اس بات پر حیران تو ہوا تھا لیکن اس

نے ظاہر نہ کیا۔۔

شزا کا دل کیا وہ دھاڑیں مار مار کر روئے۔۔

اوکے۔۔۔اس نے بس اتنا کہا اور آنسو چھپاتی وہاں سے چلی گئی۔۔

۔۔۔

شزا جیسے کلاس کے اندر داخل ہوئی تو وردہ کلاس سے باہر نکل رہی تھی۔۔۔دونوں

آمنے سامنے آ گئیں۔۔

شزا۔۔۔کیا ہوا ہے۔۔شزا کی لال آنکھیں دیکھ کر وردہ نے پریشانی سے پوچھا۔۔

شزا نے کھا جانے والی نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔۔

سب کچھ کر کے پوچھتی ہو کیا ہوا۔۔۔اوففف وردہ تم کتنی میسنی اور چالاک ہو۔۔دوسروں کے سامنے کتنا معصوم بنتی ہو لیکن اندر سے اتنی چالاک اپنا مطلب پورا کرنے والی۔۔۔

شزا نے جل کر کہا۔۔

لیکن ہوا کیا ہے شزا۔۔۔ایسے کیوں کہہ رہی ہو۔۔۔

شزا نے اس کی بات کا کوئی جواب نہ دیا اور وہاں سے چلی گئی۔

وردہ پریشانی سے کلاس سے باہر آگئی۔۔۔شزا کا یہ رویہ اسے سمجھ میں نہیں آرہا تھا۔۔

اس کے ذہن میں طرح طرح کے خدشات آئے۔۔۔لیکن اس نے اپنے خیالوں کو جھٹکا اور ولید کو ڈھونڈنے لگی۔۔

ایک کونے میں اس کو ولید نظر آیا۔۔

وہ چلتی ہوئی اس کے پاس گئی۔۔۔

ولید نے سر اٹھا کر اسے دیکھا۔۔

آ گئی تم۔۔۔اتنی لیٹ کیوں ہو گئی کب سے ویٹ کر رہا ہوں۔۔

وردہ نے اس کی بات کا کوئی جواب نہ دیا اور اس کے ساتھ بیٹھ گئی۔۔۔

کیا ہوا۔۔پریشان لگ رہی ہو۔۔۔

ولید نے پریشانی سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

ولی۔۔شزا کا رویہ کل سے کچھ عجیب ہے۔۔۔بہت روڈلی بات کر رہی ہے مجھ

سے۔۔

او۔۔۔تو میرا غصہ وہ تم پر اتار رہی ہے۔۔

کیا مطلب تمہارا غصہ۔۔۔وردہ نے سوالیہ نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔۔

وہ کل فنکشن میں۔۔۔۔۔۔ولید نے پوری بات بتانا شروع کی۔۔۔

بات ختم کر کے ولید نے وردہ کی طرف دیکھا۔۔

وہ پریشانی سے زمین کو دیکھے جا رہی تھی۔۔۔

اب تمھیں کیا ہو گیا ہے۔۔

ولی آپ کو اسے ایسے منع نہیں کرنا چاہیے تھا۔۔

منع تو میں نے اسے کرنا تھا۔۔اب ایسے منع کروں یا کیسے منع کروں اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔۔

اچھا چھوڑو ان باتوں کو اپنی بات کرو۔۔

ولید نے وردہ کے ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھا۔۔وردہ نے نظر اٹھا کر اس کو دیکھا اور مسکرائی۔۔

اچھا اب تم مجھے پوری بات کب بتانے والی ہو۔۔

وردہ نے ایک ٹھنڈی آہ بھری۔۔۔

بتاؤ نگی لیکن ابھی مجھ میں ہمت نہیں ہے ولی۔۔۔مجھے نہیں سمجھ آتا کیسے

بتاؤں۔۔اور پتا نہیں تم میری بات پر یقین بھی کرو گے یا نہیں۔۔

اوکے۔۔۔تم سوچ لو پہلے۔۔میں بار بار تم سے پوچھتا رہوں گا۔۔

اور ہاں۔۔مجھے تمہاری ہر بات پر یقین ہے آئندہ ایسا مت سوچنا۔۔ولید نے وردہ کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ اسے دیکھ کر مسکرائی اور سامنے دیکھنے لگی۔۔

ولید کچھ دیر اس کر دیکھتا رہا پھر اس کو مخاطب کیا۔۔

وردہ۔۔۔

ہمم۔۔وردہ نے اس کی طرف دیکھا۔۔

آئی لو یو۔۔۔ولید نے بغور اسے دیکھتے ہوئے کہا وردہ اس کی بات پر مسکرانے لگی۔۔

اور میرا جواب۔۔۔کوئی جواب نہ پا کر ولید نے پوچھا۔۔

میں نے نہیں سوچا تھا کہ مجھے کبھی کسی سے پیار بھی ہو جائے گا۔۔۔وردہ نے مسکرا

www.novelsclubb.com

کر کہا۔۔

وردہ کی بات سن کر ولید کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔۔

تو تم سیدھی طرح کوئی بات نہیں بتاتی۔۔۔۔

نہیں۔۔وردہ ہنسنے لگی۔۔آج کتنے سالوں بعد وہ ہنسی تھی اور اس کی وجہ صرف ولید تھا۔۔

ولید بس پیار بھری نظروں سے اسے ہنستا دیکھتا رہا۔۔۔

---

www.novelsclubb.com

ساحرہ کچن میں کوئی کام کر رہی تھی۔۔۔نبیل اس کے ساتھ جا کھڑا ہوا۔۔

تم بزی ہو تو میں بعد میں آجاؤں گا۔۔۔ولید نے اچھا بنتے ہوئے کہا۔۔۔

نہیں نہیں۔۔۔بس یہ آخری برتن ہے۔۔تم بولو میں سن رہی ہوں۔۔

ساحرہ نے برتن دھوتے ہوئے کہا۔۔۔

میں سوچ رہا ہوں تمہارے گھر والوں کو کھانے پر بلائیں۔۔گیٹ ٹو گیدر بھی ہو جائے گی اور وردہ بھی شزا کے ساتھ خوش رہتی ہے نا۔۔

ہمم۔۔۔آپ کے دماغ میں یہ خیال کہاں سے آگیا۔۔۔ساحرہ نے آخری برتن دھو کر اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

بس بیٹھے بیٹھے خیال آگیا۔۔نبیل نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا۔۔

اوکے۔۔۔میں امی کو کال کر کے کہ دوں گی۔۔ویسے اچھا نہیں ہو گا آپ اپنی امی کو بھی بلا لیں۔۔

ساحرہ نے تجویز دیتے ہوئے کہا۔۔۔

ان کی کیا ضرورت ہے۔۔۔ویسے بھی میں جا کر ان کو مل لیتا ہوں نا یہی کافی ہے۔۔

اچھا جیسی آپ کی مرضی۔۔یہ کہ کر ساحرہ برتن سیٹ کرنے لگی۔

اور نبیل ایک شیطانی مسکراہٹ لیے وہاں سے چلا گیا۔۔

چھٹی کے وقت ولید وردہ کے ساتھ ہی کھڑا تھا۔۔۔

شزا کچھ فاصلے پر ہی کھڑی انھیں دیکھ کر کڑھ رہی تھی۔۔

ولی۔۔۔آپ پلیز یہاں سے چلے جائیں۔۔وردہ نے پریشانی سے کہا۔۔

کیوں چلا جاؤں۔۔

میرء پاپا نے آپ کو یہاں دیکھ لیا تو وہ کچھ غلط نا سمجھ بیٹھیں۔۔۔

تم اپنے پاپا سے اتنا ڈر کیوں رہی ہو۔۔

وردہ کو سمجھ نہ آئی وہ کیا کہے۔۔

www.novelsclubb.com

ولید پلیز زز۔۔۔۔وردہ نے زور دیتے ہوئے کہا۔۔

اچھا میں جا رہا ہوں۔۔۔لیکن میں تمہارے جانے تک وہیں سائیڈ پر کھڑا ہوں۔۔ولید نے ایک طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔

ولید چلتا ہوا تھوڑے فاصلے پر جا کر کھڑا ہو گیا۔۔۔

تھوڑی دیر بعد نبیل وردہ کو لینے آ گیا۔۔

اس نے وردہ کو دیکھا اور کچھ فاصلے پر کھڑے شزا اور ولید کی طرف

دیکھا۔۔۔سارا۔معاملہ تو اسے پتا تھا کہ وہ کیوں الگ کھڑے ہیں۔۔۔

وردہ گاڑی میں آ کر بیٹھ گئی۔۔

تمہیں کیا لگتا ہے مجھے کچھ نہیں پتا۔۔۔مجھے سب پتا ہے وردہ میڈم۔۔

نبیل نے معنی خیز مسکراہٹ سے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔

اس کی بات پر وردہ گھبرائی اور گاڑی سے باہر ولید کو دیکھا۔۔۔

نبیل نے اسی وقت گاڑی چلا دی۔۔

ولید یونیورسٹی سے گھر جانے کی بجائے وقار کے پاس آ گیا۔۔

وقار اپنی سیٹ پر بیٹھا تھا۔۔

ولید اس کے سامنے والی سیٹ پر جا کر بیٹھ گیا۔۔۔

وقار نے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔۔

آ گئے تم۔۔۔۔۔۔وقار نے پھیکی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔۔۔آج خلاف معمول

اس کا لہجہ سرد تھا۔۔۔۔

یار کیا ہو گیا ہے تو دل سے ہی لگا کر بیٹھ گیا ہے۔۔

تجھے شزا سے اچھی لڑکی ملے گی دیکھنا۔۔

ولید نے اس کا موڈ ٹھیک کرنے کیلیے کہا۔۔

ولی۔۔۔مجھے اس سے ایسی محبت نہیں ہوئی کہ میں اتنی جلدی اس کو بھول

جاؤں۔۔۔

ولید کو آج وہ بلکل بدلا ہوا وقار لگا۔۔اس کی آنکھوں میں اداسی تھی لیکن دل میں

ابھی بھی شزا تھی۔۔

www.novelsclubb.com

شزا بہت لکی ہے کہ تمہیں اس سے محبت ہوئی۔۔۔میں اپنی طرف سے اس کو سمجھاؤں گا۔۔۔آگے تم خود کوشش کرنا وہ تمہاری طرف ہی آئے گی۔۔

ولید نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔وقار بھی اسے دیکھ کر جوابا مسکرایا۔

دل میں پھر کہیں امید جاگی تھی کہ وہ اسکی ہو سکتی ہے۔۔۔

ویسے مجھے یقین نہیں آرہا میرا دوست پاگل عاشق بن گیا ہے۔۔

ولید پھر سے اپنی ٹون میں واپس آگیا تھا۔۔۔

پاگل نہیں ہوں۔۔ہاں عاشق کہ سکتا ہے۔۔

چلو کچھ تو مانا تم نے۔۔۔ولید نے ہنستے ہوئے کہا۔۔وقار بھی ہنس پڑا۔۔

تو بتا تیری لو سٹوری کہاں تک پہنچی ہے۔۔

کچھ بات ذہن میں آتے وقار نے پوچھا۔۔

میری لو سٹوری تو بہت آگے پہنچ گئی ہے۔۔

کیا مطلب۔۔۔پرپوز کر دیا ایک دوسرے کو۔۔۔وقار نے حیرانی اور خوشی سے

پوچھا۔۔

ہاں۔۔۔لیکن یار کوئی بات ہے اس کے دل میں جو وہ مجھے بتانا چاہتی ہے لیکن بتا نہیں پا رہی۔۔

کیا بات۔۔

اب یہ تو مجھے نہیں پتا۔۔

اچھا بتائے تو مجھے بھی بتانا۔۔

ولید نے اس کو گھورا۔۔

وقار اپنی ہنسی چھپانے لگا۔۔

شزا کسی گہری سوچ میں گم بیٹھی تھی۔۔اتنے میں سجاد اندر آیا۔۔

کیا کر رہی میری بیٹی۔۔

سجاد نے پیار سے کہا۔۔۔سجاد کی آواز پر شزا نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔۔

www.novelsclubb.com

کچھ نہیں بابا۔۔۔

کیا سوچ رہی ہو۔۔۔

بابا۔۔۔میرا بھی کوئی بہن بھائی ہوتا نا۔۔۔میں بہت اکیلا فیل کرتی ہوں۔۔۔

شزا نے بیچارگی سے کہا۔۔

وردہ ہے نا بیٹا۔۔۔وہ بھی تو تمہاری بہنوں کی طرح ہے۔۔۔

سجاد نے پیار سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔۔

وردہ کے ذکر شزا کا منہ بن گیا۔۔۔

وہ تو دور ہے نا بابا۔۔

تو کیا ہوا۔۔۔بہن تو ہے نا تمہاری۔۔

سجاد نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔۔۔

ہمم۔۔۔شزا بس اتنا ہی کہہ سکی وہ زور سے اپنے لب بھینچے بیٹھی تھی۔۔۔

سجاد نے محسوس کیا کہ اس کا بات کرنے کا کوئی موڈ نہیں ہے۔۔۔

www.novelsclubb.com

اچھا بیٹا تم آرام کرو۔۔۔ہم پھر کبھی بات کر لیں گے۔۔۔

اوکے بابا۔۔۔سجاد اٹھ کر کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔شزا پھر سے خیالوں میں گم ہو گئی۔۔۔

۔۔۔۔

فاریہ برآمدے میں کھڑی کوئی کام کرنے میں مصروف تھی۔۔سجاد پلنگ پر آ کر بیٹھ گیا۔۔

فاریہ۔۔۔سجاد نے اس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔۔۔

ہمم۔۔۔فاریہ نے کام کرتے ہوئے کہا۔۔

مجھے لگتا ہے اب ہمیں شزا کیلیئے رشتہ ڈھونڈنا چاہیے۔۔

سجاد نے نظریں ایک جگہ مرکوز رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہیں۔۔۔فاریہ کام چھوڑ کر سیدھی کھڑی ہو گئی۔۔

آپ کو اچانک سے یہ خیال کیوں آ گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

فاریہ نے سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔

ابھی کہ رہی تھی مجھ سے کہ بہت اکیلا محسوس کرتی ہے۔۔۔

یہ شزا نے کہا آپ سے۔۔۔فاریہ دوبارہ کام میں مصروف ہو چکی تھی۔۔۔

ہاں۔۔تم اس کیلیئے کوئی اچھا سا رشتہ ڈھونڈو میں نہیں چاہتا میری بیٹی اور زیادہ اکیلا محسوس کرے اور احساس کمتری میں چلی جائے۔۔

میری نظر میں ایک رشتہ ہے تو سہی۔۔۔میں بات کر کے آپ کو بتاؤں گی۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔سجاد پاس پڑا اخبار اٹھا کر پڑھنے لگا۔۔۔

اور فاریہ اپنا کام کرنے لگ گئی۔۔۔

صبح کی روشنی ابھی پوری طرح نہیں پھیلی تھی۔۔۔آسمان پر ہلکی سی تاریکی ابھی بھی موجود تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ کی آنکھ کھلی اس نے گھڑی پر ٹائم دیکھا۔۔ نماز میں ابھی دیر نہیں ہوئی تھی۔۔

وہ اٹھی اور وضو کرنے چلی گئی۔

وضو کر کے وہ باہر آئی تو جاء نماز بچھا کر نماز کیلیئے کھڑی ہو گئی۔۔

نماز پڑھنے کے بعد اس نے دعا کیلیے ہاتھ اٹھائے۔۔۔اس کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہو گئے۔۔وہ روتے ہوئے دعا مانگنے لگی۔۔

"میرے اللہ! مجھے نعاف کر دے میں تیری رحمت سے مایوس ہو گئی تھی۔۔میں نے امید چھوڑ دی تھی۔۔تو نے پھر بھی ولید کی صورت میں میرے لیے وسیلہ بنایا۔۔۔میں ولید کو سب کچھ بتانا چاہتی ہوں۔۔مجھے ہمت دے کہ مجھے اسے سب کچھ بتا سکوں۔۔

یااللہ۔۔۔ولید کو میرا محسن بنا دے۔۔۔اس کے زریعے مجھے اس دلدل سے نجات دلا۔۔

یااللہ۔۔تجھے تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا واسطہ میری دعا کو قبول فرما۔۔۔

میں بیت امید لے کر دعا مانگ رہی ہوں۔۔مجھے خالی ہاتھ نہ لوٹانا۔۔۔آمین۔۔"

دعا مانگ کر اس نے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور آنسو صاف کرتے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔

کچھ دیر اپنے دماغ میں وہ باتیں بناتی رہی اور یہی سوچتی رہی کہ ولید کو اپنی بات کیسے بتائے گی۔۔

کچھ دیر بعد وہ اٹھی اور۔یونیورسٹی کیلیئے تیار ہونے لگی۔۔۔

وردہ تیار ہو کر نیچے آئے تو ساحرہ ناشتہ بنا رہی تھی۔۔۔

نبیل اسے وہاں نہ دیکھا اس نے شکر کا سانس لیا اور کچن میں آکر بیٹھ گئی۔۔

ساحرہ نے مڑ کر اسے دیکھا اور مسکرائی۔۔۔پھر دوبارہ سے ناشتہ بنانے لگی۔۔۔

جا رہی ہو یونی۔۔۔ساحرہ نے ناشتہ بناتے ہوئے کہا۔۔

جی مما۔۔۔

بیٹا آج تو چلی جاؤ۔۔۔کل چھٹی کر لینا۔۔

کیوں مما۔۔۔وردہ نے سوالیہ لہجے میں پوچھا۔۔۔

بیٹا۔۔۔کل ہم نے آپ کے ماموں وغیرہ کو کھانے پر بلایا ہے۔۔۔کافی دنوں سے ہم فیملی والے اکٹھے نہیں ہو پا رہے۔۔

شزا بھی آئے گی۔۔۔

کچھ سوچ کر وردہ نے پوچھا۔۔۔

ہاں ناوہ بھی آئے گی۔۔کیوں۔۔

کچھ نہیں بس ایسے ہی پوچھ لیا۔۔۔

اتنے میں نبیل کچن میں داخل ہوا۔۔وردہ بلکل چپ ہو گئی۔۔

نبیل وردہ جے سامنے والی چیئر پر آکر بیٹھ گیا۔۔اور اسے دیکھنے لگا۔۔۔

وردہ نے نظریں گھما لیں۔۔

مما ناشتہ دے دیں۔۔۔شزا آنے والی ہو گی۔۔

www.novelsclubb.com

یہ لو بیٹا۔۔۔ساحرہ نے ناشتہ اس کے سامنے لا کر رکھا۔۔

ابھی اس نے دو نوالے ہی لیے تھے کہ شزا کی گاڑی کی آواز آنے لگی۔۔

او کے مما۔۔۔اللہ حافظ۔۔وردہ جلدی سے اٹھ کر باہر کی طرف بھاگی۔۔

ارے وردہ بیٹا۔۔ناشتہ تو۔۔ساحرہ بس اسے آواز دیتی رہ گئی۔۔

وردہ گاڑی میں آ کر بیٹھی شزا اسے اگنور کرتی دوسری طرف دیکھ رہی

تھی۔۔۔وردہ نے بھی اس سے بات کرنا مناسب نہ سمجھا۔۔

اس کے بیٹھنے کے بعد ڈرائیور نے گاڑی چلائی اور یونیورسٹی کی طرف بڑھا دی۔۔

ولید کب سے بیٹھا وردہ کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔وردہ اور شیزا کو اندر آتا دیکھ کر وہ انکی

طرف بڑھا۔۔

بہت لیٹ ہو گئی آج تم لوگ۔۔

شیز انے کوئی جواب نہ دیا اور اپنی سیٹ پر جا کر بیٹھ گئیں۔۔

وردہ نی اُسکی طرف دیکھا۔۔۔ہم لیٹ نی ہوئے آپ جلدی آگے تھے۔۔۔۔

اچھا جی۔۔ولید اس کی سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو گیا۔۔۔

ہانجی۔۔ چلیں جگہ پر بیٹھیں کلاس شروع ہونے والی ہے۔۔

وردہ نے مسکرا کر کہا۔۔

دور بیٹھے شیز اُان کو مسکراتا دیکھ کر جل رہی تھی۔۔

وہ دونوں سیٹ پر جا کر بیٹھ گیا اور کلاس شروع ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔

ہیلو بھابھی۔۔ کیسی ہو...

ساحرہ نی فریہ کو دعوت دینے کی لیے فون کیا تھا۔۔

من ٹھیک تم بتاؤ ساحرہ کیسی ہو۔۔

من ٹھیک بھابھی۔۔۔ایک بات کرنے کیلیے فون کیا تھا۔۔

ہاں ہاں بولو۔۔۔فاریہ نے اپنائیت سے کہا۔۔۔

بھابھی میں اور نبیل چاہتے ہیں کہ آپ لوگ سب کل ہمارے گھر کھانے پر آئیں۔۔۔دراصل وہ چاہتے ہیں کہ ہم سب گھر والے ایک دفعہ مل بیٹھیں۔۔

ساحرہ نے مقصد کی بات کی۔۔

ہاں ہاں کیوں نہیں۔۔ہم ضرور آئیں گے۔۔۔فاریہ نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔۔

شکریہ بھابھی۔۔شزا کو بھی لے کر آیئے گا۔۔

ہاں بلکل۔۔میں فون کر کے تمہارے بھائی کو بتادوں۔۔

جی بتادیں۔۔

اللہ حافظ۔۔

اللہ حافظ۔۔

ساحرہ نے کال بند کر دی۔۔۔

پہلی کلاس ختم ہونے کے بعد وردہ اور ولید اپنی مخصوص جگہ پر بیٹھے تھے۔۔۔

ایک بات پوچھوں وردہ۔۔۔ولید نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔

ہاں پوچھو۔۔

تمہارے بابا سے کوئی مسئلہ ہے تمھیں۔۔ولید نے اسے مشکوک نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

وردہ نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔۔

بتاؤ۔۔

وردہ سے کوئی جواب نہ بنا وہ زمین کی طرف دیکھنے لگی۔۔

اچھا چھوڑو اس بات کو۔۔۔یہ بتاؤ تم نے دوسری بات کا کیا سوچا۔۔ایسی کونسی بات ہے جو تم نے مجھے نہیں بتائی۔۔

ولید نے جواب طلب نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔۔۔

یہیں پر بتاؤں۔۔

وردہ نے آس پاس دیکھتے ہوئے کہا۔۔

کیوں کوئی مسئلہ ہے یہاں پر۔۔

ہاں۔۔

اچھا چلو کلاسس کے پیچھے چلتے ہیں وہاں کوئی نہیں ہو گا۔۔

وردہ نے اثبات میں سر ہلا دیا۔۔

www.novelsclubb.com

۔۔۔

وہ دونوں اب کلاسسکے پیچھے کھڑے تھے جہاں ان دونوں کے علاوہ اور کوئی نہیں تھا۔۔

ہاں اب بتاؤ۔۔

ولید پہلے تم وعدہ کرو تم مجھے جھوٹا نہیں سمجھو گے اور یہ بات اور کسی کو نہیں بتاو

گے۔۔

وردہ۔۔۔ولید نے اس کے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لیا۔۔

تم نے یہ سوچ بھی کیسے لیا کہ میں تمھیں جھوٹا سمجھ سکتا ہوں۔۔۔

ولید نے اس کی آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہا۔۔وردہ پھیکا سا مسکرائی۔۔

اچھا اب بتاؤ۔۔

ولی وہ۔۔میرے پاپا۔۔وہ میرے سگے پاپا نہیں ہیں۔۔۔

کیا مطلب ولید نے حیرانی سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

وہ میری مما کے دوسرے شوہر کیں۔۔میرے پاپا کے مرنے کے بعد مما نے ان سے شادی کی تھی۔۔

ولید غور سے اس کی باتوں کو سن رہا تھا۔

ولی۔۔جب سے ان کی مما سے شادی ہوئی تب سے وہ مجھے۔۔

وردہ نے پوری بات بتانا شروع کی۔۔

ولی کے چہرے پر ایک رنگ آتا اور ایک جاتا تھا۔۔وہ مکمل طور پر حیرانی میں مبتلا تھا۔۔

ساتھ ہی ساتھ اسے نبیل پر بے حد غصہ آرہا تھا۔۔

بات ختم کر کے وردہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔۔

ولید نے اسے اپنے سینے سے لگا لیا۔۔

میں اب تھک گئی ہوں ولی۔۔۔مجھ سے اور برداشت نہیں ہوتا۔۔

وردہ اس کے سینے میں منہ چھپائے اپنے دل کا سارا غبار نکال رہی تھی۔۔

ولید کا دل کر رہا تھا ابھی جا کر نبیل کو قتل کر دے۔۔ضبط سے اس کی آنکھیں لال ہو گئیں وہ بہت مشکل سے خود کو رونے سے روک رہا تھا۔۔

تم یہ کسی کو مت بتانا۔۔پلیز۔۔

نہیں بتاؤں گا میری جان۔۔

ولید نے پیار سے کہا اور اس کے بالوں پر اپنے ہونٹ رکھ دیے۔۔

وہ یہ سوچ سوچ کر پاگل ہو رہا تھا کہ وردہ نے اتنے سال یہ سب اکیلے سہا۔۔

تم فکر مت کرو وردہ اب تمہیں یہ سب اور نہیں سہنا پڑے گا۔۔

ولید نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔۔

وردہ ابھی بھی اس سے لگی رونے میں مصروف تھی۔۔اتنے سالوں کی بھڑاس اتنی آسانی سے نہیں نکلنی تھی۔۔

۔

وردہ اور ولید کی دوسری کلاس مس ہو گئی تھی۔۔۔

تیسری کلاس لینے کیلیے جب وہ دونوں کلاس کے اندر آئے تو شزا ان کے سامنے آکر کھڑی ہو گئی۔۔۔

ولی۔۔۔مجھے تم سے کوئی بات کرنی ہے۔۔

وہ وردہ کو نظر انداز کرتی ولید سے مخاطب ہوئی۔۔

کیا بات کرنی ہے۔۔ولید کا لہجہ سپاٹ تھا۔۔

شزا نے وردہ کی طرف دیکھا۔۔اس نے ایک نظر ولید کو دیکھا اور وہاں سے چلی گئی۔۔

بولو اب۔۔۔

ولی۔۔تم واقع میں وردہ سے پیار کرتے ہو۔۔

ہاں۔۔ولید نے اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔

کیوں۔۔۔اس میں ایسا کیا ہے جو مجھ میں نہیں ہے۔۔۔شزا نے صدمے سے اسے دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔

www.novelsclubb.com

کاش میں تمہیں بتا سکتا شزا۔۔

ولید نے شزا سے نظریں ہٹاتے ہوئے کہا۔۔

بتاؤ مجھے۔۔

ابھی نہیں۔۔۔

ابھی بتاؤ مجھے ولی۔۔۔

ابھی وہ یہی باتیں کر رہے تھے کہ کلاس ٹیچر اندر آئے۔۔

شزا نے ایک نظر ولید کو دیکھا اور اپنی سیٹ پر جا کر بیٹھ گئی۔۔

ولید بھی وردہ کے ساتھ جا کر بیٹھ گیا۔۔

وردہ اس سے کچھ پوچھنا نہیں چاہ رہی تھی لیکن پھر بھی اس سے رہا نہیں جا رہا تھا۔۔

کیا کہہ رہی تھی وہ۔۔۔۔ مجبور ہو کر وردہ پوچھ ہی بیٹھی۔۔۔

ولید سامنے دیکھتے ہوئے مسکرایا اور ڈیسک کے نیچے سے وردہ کا ہاتھ پکڑا۔۔

پوچھ رہی تھی میری جان میں ایسی کیا خاص بات ہے جو اس میں نہیں ہیں۔۔۔

ولید نے پیار بھرے لہجے میں کہا۔۔

آپ نے کیا کہا پھر۔۔

میں نے بھی کہہ دیا کہ میں نے بتا کر اسے نظر نہیں لگوانی۔۔۔۔

ولید نے اب بورڈ سے نظریں ہٹا کر اس کی آنکھوں میں جھانکا۔۔۔ سچائی جاننے

کے بعد وردہ کیلیے اس کی محبت اور زیادہ بڑھ گئی تھی۔۔

وردہ شرمانے والے انداز میں مسکرائی۔۔اور سامنے دیکھنے لگی۔۔

ولید بھی اسے دیکھ کر مسکرانے لگا۔۔۔

چھٹی کے وقت دونوں یونی کے باہر کھڑے تھے۔۔

میں کل یونی نہیں آؤں گی۔۔

وردہ کی بات پر ولید نے حیران ہوتے ہوئے اس کو دیکھا۔۔۔

کیوں۔۔

کل ماموں وغیرہ ہمارے گھر آرہے ہیں۔۔۔ ممانے دعوت کی ہے ان کی۔۔

وجہ۔۔

پتا نہیں۔۔

میرا دن کیسے گزرے گا تمہارے بغیر۔۔۔ولید نے وردہ کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔وردہ نے اس کی طرف دیکھا اور مسکرائی۔۔

جیسے میرے آنے سے پہلے گزرتا تھا۔۔

مجھے تو وہ وقت ہی بھول گیا جو تمہارے بغیر گزرا اور میں وہ یاد بھی نہیں کرنا چاہتا۔۔۔میں بس اب صرف تمہیں یاد رکھنا چاہتا ہوں۔۔۔

ولید نے اس کی آنکھوں میں جھانکتے کہا۔۔ولید کی آنکھوں میں اپنے لیے پیار وہ صاف دیکھ سکتی تھی۔۔

وردہ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔۔۔

www.novelsclubb.com

رو کیوں رہی ہو۔۔وردہ کے رونے سے ولید گھبرا گیا۔۔۔

میں نے زندگی سے ہمیشہ شکوہ کیا تھا۔۔مجھے لگتا تھا میری قسمت میں خوشیاں ہیں ہی نہیں۔۔لیکن تم نے مجھے غلط ثابت کر دیا۔۔

تم بہت اچھے ہو ولی۔۔

اچھا میں نہیں تم ہو۔۔ولید نے اس کی ناک کو دباتے ہوئے کہا۔۔

وردہ ہنسنے لگی۔۔

اچھا اب تم جاؤ۔۔۔ نہیں تو پاپا دیکھ لیں گے تمہیں۔۔

وردہ نے اسے جانے کا کہا اسے ڈر تھا کہ اگر نبیل نے اسے ولید کے ساتھ دیکھ لیا تو

وہ ولید کو کوئی نقصان نہ پہنچا دے۔۔

نبیل کے ذکر پر ولید کے ماتھے پر بل آئے۔۔

اوکے۔۔۔میں وہاں دور کھڑا دیکھ رہا ہوں۔۔ولید نے ایک طرف اشارہ کر کے

کہا۔۔

www.novelsclubb.com

اپنا خیال رکھنا اور یاد رکھنا تم صرف میری ہو۔۔

اوکے بابا۔۔یاد رکھوں گی۔۔

ولید اسے مسکراتے ہوئے دیکھتا وہاں سے چلتا دور جا کھڑا ہوا۔۔

تھوڑی دیر کے بعد نبیل وردہ کو لینے آیا۔۔۔

وردہ اس کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئی۔۔وردہ کے گاڑی میں بیٹھنے کے بعد نبیل نے گاڑی چلادی۔۔

ولید نے نفرت بھرے نگاہوں سے نبیل کو جاتا دیکھا۔۔۔

گھر پہنچ کر وردہ اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔

ولید کی باتیں سوچ سوچ کر وہ خود سے ہی مسکرائی جارہی تھی۔۔

اچانک اسے نبیل کمرے کے اندر آتا دکھائی دیا۔۔۔

کیا چاہیے آپ کو۔۔۔وردہ نے گھبراہٹ سے کہا۔۔۔

نبیل اسکے سامنے جا کھڑا ہوا۔۔

تم چاہیے۔۔۔نبیل نے اپنا ہاتھ اس کے گال پر رکھنے کی کوشش کی۔۔جسے اس نے فوراً جھٹک دیا۔۔۔

نبیل حیران ہوتی نظروں سے اسے دیکھنے لگا۔۔۔

تمہاری ہمت کیسے ہوئی۔۔وہ وردہ کی طرف بڑھا۔اس سے پہلے کہ وہ کچھ کرتا

ساحرہ وردہ کو بلاتی اندر داخل ہوئی۔۔

ساحرہ نے عجیب نظروں سے ان دونوں کو دیکھا۔۔

آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔۔۔ساحرہ نے مشکوک نظروں سے نبیل کو دیکھتے

ہوئے کہا۔۔۔

وہ۔۔وہ میں اسے کہنے آیا تھا کہ اس کے ماموں وغیرہ آرہے ہیں۔۔اچھا سا تیار

ہو۔۔ہے ناوردہ۔۔۔نبیل نے کھسیانی ہنسی ہنستے وردہ کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

وردہ نے ساحرہ کی طرف دیکھ کر اثبات میں سر ہلا دیا۔۔

اچھا وردہ بیٹا۔۔۔تم جلدی سے فریش ہو کر آجاؤ پھر کچن میں میری تھوڑی ہیلپ

کروادو۔۔۔

اوکے مما۔۔

ساحرہ نبیل کو دیکھتی باہر کی طرف چل پڑی نبیل کو بھی اس کے پیچھے جانا پڑا۔۔وردہ نے ایک سکھ کا سانس لیا اور جلدی سے واشروم میں فریش ہونے چلی گئی۔۔۔

۔۔۔۔۔

فریش ہو کر وہ کچن میں آئی۔۔

کیا کام ہے مما۔۔۔وہ بنی ہوئی چیزوں کو دیکھتے ہوئے بولی۔۔

کوئی کام نہیں ہے بیٹا۔۔

تو پھر آپ نے کہا کیوں تھا۔۔

چھوڑو اس بات کو بیٹا۔۔۔یہ بتاؤ یونیورسٹی میں کوئی فرینڈز بنائے تم نے۔۔۔

وردہ کو سمجھ نہ آئی وہ ولید کے بارے میں کیسے بتائے۔۔

مما۔۔شزا کے فرینڈز میرے فرینڈ۔۔

کون ہیں شزا کے فرینڈز۔۔

www.novelsclubb.com

اس کے تو بہت سارے ہیں میرا ایک ہی فرینڈ ہے۔۔

اچھا کون ہے وہ۔۔ ساحرہ نے کام کرنے کے دوران اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔

ولی۔۔۔ولید نام ہے اس کا۔۔

اچھا۔۔بہت اچھی بات ہے فرینڈز بناؤ گی تو کانفیڈینس بڑھے گا۔۔ نہیں تو تم بہت چپ چپ رہنے لگی ہو۔۔ ساحرہ نے اسے مسکرا کر دیکھتے ہوئے کہا۔۔وہ بھی جوابا مسکرائی۔۔

اور کچن میں کوئی کام ڈھونڈنے لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com

ولید یونیورسٹی سے سیدھا گھر جانے کی بجائے وقار کے پاس آگیا۔۔۔

وقار حسب معمول اپنے کام میں بزی تھا۔۔ولید اس کے سامنے جا کر بیٹھ گیا۔۔۔

کیسے ہو۔۔۔وقار ایک نظر اسے دیکھ کر پھر کام کرنے لگا۔۔

ٹھیک نہیں ہوں۔۔۔آج اس کا لہجہ حد سے زیادہ سپاٹ تھا۔۔۔

وقار نے نظریں اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔۔

کیا ہو گیا ہے۔۔

وقار مجھے بہت ضروری بات کرنی ہے تم سے۔۔۔لیکن تم وعدہ کرو میری ہیلپ کرو گے اور ویسے ہی جیسے ہی میں چاہوں گا۔۔

ولید نے سیریس لہجے میں کہا۔۔

ولی۔۔تجھے لگتا ہے میں تیری ہیلپ نہیں کروں گا۔۔تو بس حکم کر۔۔۔وقار نے اس کی طرف پوری طرح متوجہ ہوتے ہوئے کہا۔۔

تھینکس یار۔۔۔

اب بتا کیا بات ہے۔۔

وقار وہ جو وردہ ہے نا۔۔

ہاں کیا ہوا ہے وردہ کو۔۔۔وقار نے حیرانی سے پوچھا۔۔

وہ۔۔۔ولید نے بتانا شروع کیا۔۔وقار کا تو منہ کھلا رہ گیا۔۔بات ختم کر کے ولید کی آنکھوں میں آنسو آئے جسے وہ ضبط کر گیا۔۔

مجھے تو یقین نہیں آرہا کوئی اتنا عرصہ کیسے سہ سکتا ہے۔۔۔پاگل لڑکی بتا نہیں سکتی تھی کسی کو۔۔۔۔

وقار نے صدمے سے کہا۔۔

اس نے مجھے کسی کو بھی بتانے سے منع کیا تھا۔۔۔میں نے تجھے بتایا کیونکہ مجھے پتا ہے تم میری ہیلپ ضرور کرو گے۔۔۔

www.novelsclubb.com

تو کہتا ہے تو اچھی جا کر اٹھا لیتے ہیں اس کو۔۔۔وقار نے جوش سے کہا۔۔۔

نہیں۔۔۔میں نہیں چاہتا ہم اس کو ثبوت بغیر لے کر آئیں اور کل کو وہ پھر چھوٹ جائے۔۔۔

ٹھیک ہے بھائی۔۔ہماری طرف سے کیس سٹرونگ بن سکتا ہے۔۔ہمیں بس کچھ

ثبوتوں کی ضرورت پڑے گی۔۔

وقار کی بات پر ولی نے اثبات میں سر ہلایا اور دونوں کچھ سوچنے میں مصروف ہو گئے۔۔۔۔

مما میں اب بھی کہہ رہی ہوں۔۔میرا جانا کیا ضروری ہے۔۔

شزا تیار ہو کر بھی نا جانے کی ضد کر رہی تھی۔۔

سجاد دیکھیں ناز را شزا کو۔۔۔ساحرہ نے اتنے پیار سے بلایا ہے اور وہ نا جانے کی ضد کر رہی ہے۔۔

فاریہ نے سجاد کو متوجہ کرتے ہوئے کہا۔۔

شزا بیٹا۔۔۔اب تمہاری پھپھو کو ہم منع تو نہیں کر سکتے نا۔۔۔۔پھپھو کی خوشی کیلئے ہی آجاؤ۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

سجاد کی بات پر شزا برا سا منہ بنا کر مان گئی۔۔

وہ سب تیار ہی کھڑے تھے۔۔

چاروں جا کر گاڑی میں بیٹھے اور سجاد نے گاڑی ساحرہ کے گھر کے رستے پر چلا دی۔۔

ولی اپنے کمرے کی طرف جا رہا تھا کہ فیاض صاحب کی آواز پر ان کی طرف مڑا۔۔

ولی۔۔

جی پاپا۔۔

www.novelsclubb.com

ادھر آؤ بیٹا۔۔انھوں نے ولی کو اشارے سے اپنے پاس بلایا۔۔

ولی چلتا ہوا ان کے پاس آیا اور ان کے سامنے بیٹھ گیا۔۔

شہناز بیگم بھی وہیں بیٹھیں تھیں۔۔

بیٹا تمہاری حرکتیں ہمیں کچھ مشکوک لگ رہی رہیں آج کل۔۔۔کوئی بات ہوئی

ہے کیا۔۔

فیاض صاحب نے بات شروع کرتے ہوئے کہا۔۔

نہیں پاپا۔۔۔ایسی کوئی بات نہیں ہے۔۔

ولی بیٹا۔۔اب ہم سے مت چھپاؤ تم۔۔۔کوئیلڑ کی کی بات بھی ہے تو تم ہم پر ٹرسٹ کر سکتے ہو۔۔ہم ان تنگ نظر پیرنٹس میں سے نہیں ہیں۔۔

شہناز بیگم نے اسے سمجھانے والے انداز میں کہا۔۔

ولی نے ایک نظر شہناز بیگم کو دیکھا اور پھر فیاض صاحب کی طرف دیکھا۔۔

بولو بیٹا۔۔۔فیاض صاحب نے شفقت سے کہا۔۔

یونی میں ایک لڑکی ہے وردہ۔۔

ولید بس اتنا ہی بول کر چپ ہو گیا۔۔

اوہ۔۔تو لڑکی پسند آگئی آخر۔۔۔فیاض صاحب نے اسے چھیڑنے والے انداز میں کہا۔۔

ہاں لیکن۔۔

لیکن کیا بیٹا۔۔ شہناز بیگم نے پریشانی سے پوچھا۔۔

آپ لوگ وعدہ کریں آپ یہ بات کسی کو نہیں بتائیں گے۔۔

فیاض صاحب اور شہناز بیگم نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا اور پھر ولی کی طرف دیکھا۔۔

نہیں بتائیں گے۔۔

ولی نے وردہ کی سچائی بتانا شروع کی۔۔

فیاض صاحب اور شہناز بیگم حیرانی سے اسے سن رہے تھے۔۔ شہناز بیگم کے تو آنکھوں میں آنسو آ گئے۔۔۔۔

بات ختم کر کے ولی نے ایک گہرا سانس لیا اور ان دونوں کی طرف دیکھا۔۔

میں اب اسکی ہیلپ کرنا چاہتا ہوں۔۔ ولی نے دونوں کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

تمہیں ضرور اس کی مدد کرنی چاہیے۔۔ اس بچی نے بہت کچھ سہ لیا ہے انصاف اس

کا حق ہے۔۔

فیاض صاحب نے ولی کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ولی ان کی طرف دیکھ کر مسکرایا۔۔

اس نے مجھے کسی کو بھی بتانے سے منع کیا تھا۔۔۔آپ پلیز اب کسی کو مت بتانا۔۔

نہیں بتائیں گے۔۔۔اور ویسے بھی جب وہ ہمارے گھر کی بہو بن کر آتی تب تو

تمہیں ہمیں بتانا پڑتا نا۔۔

شہناز بیگم نے مسکرا کر اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

ولی بھی جواباً مسکرا دیا۔۔

سجاد، فاریہ، نسیم بیگم اور شزا اساحرہ کے گھر آ چکے تھے۔۔

کھانے میں ابھی تھوڑا وقت تھا۔۔۔سب بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ ابھی اپنے کمرے میں تھی۔۔

کچھ دیر کے بعد وہ اپنے کمرے سے باہر آئی۔۔

وردہ کو دیکھ کر سب خوشی سے اس کو ملے سوائے شزا کے۔۔۔وردہ کو دیکھ کر اس کے تو تن بدن میں آگ لگ گئی۔۔

وہ وہاں سے اٹھ پڑی اور کچن میں آ کر کھڑی ہو گئی۔۔

نبیل نے اس کو جاتا دیکھا تو سب سے نظریں چرا کر وہ بھی اس کے پیچھے چل پڑا۔۔

۔۔۔

فاریہ اور ساحرہ بیٹھیں باتیں کر رہیں تھیں۔۔

ساحرہ۔۔وہ جو لڑکا تم مجھے اس دن شزا کی برتھ ڈے پر دکھا رہی تھی۔تم جانتی ہو اس کو۔۔

فاریہ نے ساحرہ کو مخاطب کر کے کہا۔۔

بھابھی زیادہ تو نہیں جانتی۔۔ایک دو دفعہ ملاقات ہوئی بس۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ساحرہ نے اپنائیت سے جواب دیا۔۔

اچھا کرتا کیا ہے وہ۔۔

پولیس میں جاب کرتا ہے۔۔پچھلی دفعہ جب ہمیں ملا تھا تو پولیس کی وردی میں تھا۔

ارے واہ۔۔یہ تو بہت اچھی بات ہے۔۔فاریہ نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔۔

لیکن آپ کیوں پوچھ رہی ہیں۔۔ساحرہ نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

سجاد کا خیال ہے کہ اب شزا کی شادی کر دی جائے۔۔مجھے شزا کیلیئے وہ لڑکا پسند آیا ہے۔۔

www.novelsclubb.com

یہ تو اچھا ہو گیا بھابھی۔۔مجھے بھی وہ لڑکا بہت اچھا لگا۔۔

اب تم زرا کوئی بات چلاؤ۔۔اس کے گھر والوں سے۔

جی بلکل بھابھی۔۔مجھ سے جو بن سکا میں کروں گی۔۔

ساحرہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

فاریہ بھی مسکرادی۔۔

وردہ سائیڈ پر بیٹھی ان سب کو دیکھ رہی تھی۔۔

شزا غصے سے کچن میں کھڑی ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔۔کہاں سے نبیل کچن میں آتا دکھائی دیا۔۔

میں تمہارا دکھ سمجھ سکتا ہوں۔۔نبیل نے شزا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

شزا نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔۔

کیا مطلب۔۔

www.novelsclubb.com

بھئی تمہارے پیار نے کسی اور کو پسند کر لیا۔۔تکلیف تو ہوئی ہو گی۔۔۔نبیل نے اسے چڑانے والے انداز میں کہا۔۔

شزا سوالیہ نظروں سے اسے دیکھتی رہی۔۔

اب تم سوچ رہی ہو گی کہ مجھے یہ سب کیسے پتا ہے۔۔ہیں نا؟

مجھے سب پتا ہے۔۔

چاہتے کیا ہیں آپ۔۔شزا نے دانت پیس کر کہا۔۔

ریلیکس لڑکی۔۔نبیل نے شیطانی مسکراہٹ چہرے پر سجاتے ہوئے کہا۔۔

ایک ڈیل کرنا چاہتا ہوں تمہارے ساتھ۔۔نبیل اب اپنے مطلب کی بات پر آ چکا تھا۔۔

کیسی ڈیل۔۔۔

اس ڈیل سے یہ ہو گا کہ تمہیں ولید مل جائے گا اور مجھے وہ مل جائے گا۔۔جو میں چاہتا ہوں۔۔

www.novelsclubb.com

کیا چاہتے ہیں آپ۔۔ولید کے نام پر شزا نے اب دلچسپی ظاہر کرنا شروع کی تھی۔۔

تمہیں ولید چاہیے نا۔۔

ہاں۔۔لیکن آپ کو کیا چاہیے۔۔

وردہ۔۔۔نبیل نے کمینگی سے کہا۔۔

شزا کا منہ کھلا رہ گیا۔۔

لیکن کیوں۔۔ شزا نے حیرانی اور تعجب سے پوچھا۔۔۔

دیکھو مجھے اب تم سے چھپانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔ وہ اچھی لگتی ہے مجھے۔۔

آپ کو پتا بھی ہے آپ کیا کہہ رہے ہیں۔۔۔ وہ بیٹی ہے آپ کی۔۔ آپ ایسا سوچ بھی کیسے سکتے ہیں۔۔۔

سگی بیٹی تو نہیں ہیں نا۔۔ بس جذبات آ گئے اس کیلیے۔۔۔ میں غلط ہوتا تو اس سے زبردستی کر چکا ہوتا۔۔ لیکن میں نے کبھی ایسے کرنے کا سوچا بھی نہیں۔۔

نبیل نے بڑی ڈھٹائی سے جھوٹ بولا۔۔

اور ساحرہ پھپھو۔۔

تمہیں جو چاہیے تمہیں اس سے مطلب ہونا چاہیے۔۔۔۔ تمہارے پاس کل تک کا وقت ہے سوچ کر بتا دینا۔۔ میرا نمبر تو ہو گا تمہارے پاس۔۔ یا پھر کہیں بلا لینا۔۔

اپنی بات کر کے نبیل کچن سے باہر چلا گیا۔۔

شزا اب بھی حیرانی کی کیفیت میں مبتلا تھی۔۔ تھوڑی دیر بعد اس نے خود کو سنبھالا اور باہر نکل گئی۔۔

سب کھانے کی میز پر موجود تھے۔۔ شزا بھی ان کے ساتھ جا کر بیٹھ گئی۔۔

سب نے کھانا شروع کیا۔۔۔

گھر واپس آ کر شزا اپنے کمرے میں بیٹھی نبیل کے بارے میں سوچ رہی تھی۔۔ نبیل کی باتیں اسے بری لگیں تھیں لیکن پھر ولید کا خیال اس پر حاوی ہو جاتا۔۔۔

www.novelsclubb.com

کتنی ہی دیر اس نے اسی کشمکش میں گزار دی۔۔۔

ایک دفعہ تو دل کیا کہ ساحرہ کو فون کر کے سب بتا دے لیکن وہ نہ بتا سکی۔۔۔

سوچتے سوچتے ہی اس نے آنکھیں بند کی اور نا جانے رات کے کونسے پہر اس کو نیند آ گئی۔۔

رات کافی ہو چکی تھی۔۔وردہ اپنے کمرے میں سو رہی تھی۔۔اچانک کمرے کا دروازہ کھٹکنے کی آواز پر اس کی آنکھ کھل گئی۔۔۔وہ گھبراہٹ سے اٹھ بیٹھی۔۔

وردہ۔۔دروازہ کھولو۔۔ نبیل نے قدرے چیخ کر کہا۔۔

وردہ کی تو جان حلق میں اٹک گئی۔۔۔

وردہ مجھے پتا ہے تم سن رہی ہو۔۔ کھولو دروازہ۔۔۔

نبیل ابھی بھی مسلسل دروازہ کھٹکٹا رہا تھا۔۔

وردہ ڈر کے مارے اپنی سانس بھی روکے بیٹھی رہی۔۔

تھوڑی دیر کے بعد دروازہ کھٹکنا بند ہو گیا۔۔

وردہ چہرے سے پسینہ صاف کرتی اٹھی۔۔۔اور دروازے کے پاس جا کر کھڑی ہوئی یہ یقین کرنے کیلئے کہ نبیل چلا گیا ہے یا نہیں۔۔۔

www.novelsclubb.com

وہ ابھی دروازے سے کان لگا کر کھڑی تھی کہ نبیل نے ایک زوردار لات

دروازے پر ماری۔۔وردہ ڈر کر پیچھے ہوئی۔۔۔

تمھیں اس کی قیمت چکانی پڑے گی۔۔ نبیل یہ کہ کر وہاں سے چلا گیا۔۔

نبیل کے جاتے قدموں کی آواز سن کر وردہ نے سکون کا سانس لیا۔۔اور دوبارہ بیڈ

پر آکر لیٹ گئی۔۔

خوف کے مارے اب اس کو نیند نہیں آنی تھی۔۔۔

وردہ اور شزا یونیورسٹی میں پہنچ چکی تھی۔۔۔ولید ابھی تک نہیں آیا تھا۔۔۔

وردہ بے صبری سے اس کا انتظار کر رہی تھی۔۔

کلاس شروع ہونے میں تھوڑا سا وقت تھا جب ولید کلاس میں داخل ہوا۔۔۔وہ

چلتا ہوا وردہ کے ساتھ آکر بیٹھ گیا۔۔۔شزا مسلسل ان دونوں کی طرف ہی دیکھ

رہی تھی۔۔

اتنی لیٹ کیوں ہو گئے۔۔۔وردہ نے اس سے دیر سے آنے کی وجہ پوچھی۔۔

بس یار ایک کام آ گیا تھا۔۔

کیا کام۔۔۔ابھی وہ یہی باتیں کر رہے تھے کہ کلاس میں ٹیچر آتے دکھائی دیے۔۔

کلاس کے بعد بتاؤں گا۔۔۔ولید وردہ کو کہہ کر سامنے دیکھنے لگا۔۔

وردہ نے اثبات میں سر ہلایا اور ٹیچر کی طرف متوجہ ہوئی۔۔

نبیل ایک ہاتھ سے اپنے سر کے بالوں کو جکڑے غصے میں بیٹھا تھا۔۔۔وردہ کے دروازہ نہ کھولنے پر اب اسے اس بات۔کا یقین ہو گیا تھا کہ کوئی اسے شے دے رہا ہے۔۔۔

اسکا غصہ کسی طور کم نہیں ہو رہا تھا۔۔۔غصے میں آ کر اس نے پاس پڑا ڈیکوریشن

پیس زمین پر مار دیا۔۔

کچھ ٹوٹنے کی آواز سن کر ساحرہ کمرے میں آئی۔۔

کیا ہوا ہے نبیل۔۔وہ اس کے پاس آکر کھڑی ہو گئی۔۔

کچھ نہیں۔۔۔نبیل نے اسے دیکھے بغیر کہا۔۔

تو پھر یہ۔۔۔۔ساحرہ نے زمین پر پڑے ٹوٹے ہوئے ڈیکوریشن پیس کی طرف

اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

یہ غلطی سے ٹوٹ گیا۔۔۔

ساحرہ عجیب سی نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔

ایسے کیا دیکھ رہی ہو۔۔

کچھ نہیں۔۔ساحرہ یہ کہتی کمرے سے باہر چلی گئی۔۔

نبیل دوبارہ بیڈ پر بیٹھ گیا اور کچھ سوچنے لگا۔۔۔

پہلی کلاس کے بعد ولید وردہ کو لے کر کلاسس کے پیچھے جا بیٹھا۔۔۔کیونکہ وہاں کوئی نہیں ہوتا تھا۔۔۔

شزا نے ان دونوں کو جاتے دیکھا۔۔۔

وردہ تم مجھے مجبور کر رہی ہو۔۔۔شزا نے دل میں سوچا اور ان دونوں سے نظریں پھیر لیں تھیں۔۔

اب بتاؤ۔۔۔کہاں تھے صبح۔۔

وردہ نے بیٹھتے ہی کہا۔۔

تم تو ابھی سے بیوی بن گئی یار۔۔۔ولید نے چلبلے انداز میں کہا۔۔

تم بتا رہے ہو یا نہیں۔۔۔وردہ نے مصنوعی غصے سے کہا۔۔

بتا رہا ہوں بیگم۔۔۔وقار کے پاس گیا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

ولید نے دیر سے آنے کی وجہ بتائی۔۔

اتنی صبح۔۔کوئی خاص بات تھی۔۔

بس ایسے ہی چلا گیا تھا۔۔

اچھا۔۔۔۔وردہ نے ولی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔

ولی۔۔۔

جی ولی کی جان۔۔۔۔ولید نے پیار سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

وردہ شرما کر مسکرانے لگی۔۔

شرماتی رہا کرو اچھی لگتی ہو۔۔ولید نے شرارت سے کہا۔۔وردہ کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔۔

لیکن اچانک ہی نبیل کا خیال آتے اس کی مسکراہٹ غائب ہو گئی۔۔

کیا ہوا۔۔ولی نے اس کو سیریس دیکھ کر پوچھا۔۔

ولی رات کو نبیل آیا تھا کمرے میں۔۔

کیا۔۔۔کچھ کہا اس نے۔۔ولید نے پریشان ہوتے ہوئے پوچھا۔۔

نہیں۔۔میں نے دروازہ ہی نہیں کھولا۔۔اور وہ چلا گیا۔۔

گڈ۔۔ولی نے سکون کا سانس لیتے ہوئے کہا۔۔

لیکن ولی وہ بہت غصے میں تھا۔۔مجھے ڈر ہے وہ تمہیں کوئی نقصان نہ پہنچادے۔۔

وردہ کو اپنے لیے فکر مند دیکھ کر ولید نے پیار سے اس کو دیکھا اس کے دونوں

ہاتھوں کو اپنے ہاتھوں میں لیا۔۔

وردہ۔۔۔تم میری فکر مت کرو مجھے کچھ نہیں ہو گا۔۔بس تمہیں اس دلدل سے

نکالنے کیلئے میں تم سے جو کہوں گا وہ تمہیں کرنا ہو گا۔۔

تم جو کہو گے میں کروں گی ولی۔۔۔وردہ نے ولید کے سینے پر سر رکھتے ہوئے

کہا۔۔۔اور آنکھیں بند کر لیں۔۔

تمہیں بھی ایک بات بتانی تھی میں نے۔۔

کیا۔۔وردہ نے آنکھیں بند رکھ کر کہا۔۔

میں نے۔۔۔تمہارے بارے میں۔۔مما پاپا کو بتا دیا۔۔ولید نے الفاظ توڑ توڑ کر کہا۔۔

کیا۔۔۔وردہ چونک کر اس سے الگ ہوئی۔۔

میں نے منع کیا تھا ناولید۔۔پھر بھی بتا دیا تم نے پتا نہیں وہ کیا سوچ رہے ہوں گے میرے بارے میں۔۔۔وردہ ایک ہی سانس میں بولتی گئی۔

وردہ وردہ۔۔میری بات تو سنو۔۔ولید نے اسے کندھوں سے پکڑتے ہوئے کہا۔۔

کیا سنو۔۔

مما پاپا کو کوئی پرابلم نہیں ہے۔۔۔انھوں نے تو مجھے تمہارا ساتھ دینے کا کہا۔۔

سچی۔۔۔وردہ نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔

مچی میری جان۔۔ولید نے اس کی ناک دباتے ہوئے کہا۔۔وردہ ہنسنے لگی۔۔ولید بھی اسے دیکھ کر ہنسنے لگا۔۔۔

رات کے کھانے کی میز پر وردہ، ساحرہ اور شزا موجود تھے۔۔

وردہ بیٹا۔۔۔تم کل سے شزا کے ساتھ واپس آنا۔۔

ساحرہ کی بات پر وردہ نے کھانا روک کر سر اٹھا کر اسے دیکھا۔۔

نبیل بھی اس کی طرف دیکھنے لگا۔۔

تمہارت پاپا کو گھر میں ہی بہت کام ہوتے ہیں مجھے بھی کام پڑ جاتے ہیں۔۔۔مجھے پھر مشکل ہوتی ہے۔۔

وردہ اور نبیل کی نظریں خود پر محسوس کر کے ساحرہ نے کہا۔۔

اوکے مما۔۔۔وردہ کیلیئے تو یہ خوشی کی بات تھی۔۔

اس سے پہلے کہ نبیل کچھ کہتا اس کے موبائل پر کال آنے لگی۔۔

موبائل پر شزا کا نمبر دیکھ کر نبیل نے ان دونوں سے ایکسکیوز کیا اور موبائل لے کر سائیڈ پر چلا گیا۔۔

۔۔۔۔۔

ہیلو۔۔

سوچ لیا تم نے۔۔ نبیل فورا مدعے کی بات پر آیا۔۔۔

ہاں۔۔۔نارمل لہجے میں کہا گیا۔۔

میں آپ کا ساتھ دوں گی۔۔۔ لیکن مجھے اس بات کی گارنٹی چاہیے کہ ولید مجھے ملے گا۔۔

تم فکر مت کرو۔۔۔وہ مل جائے گا تمہیں جب وردہ تم دونوں کے درمیان سے ہٹ جائے گی تو اسے پانا تمہارے لیے آسان ہو جائے گا۔۔ نبیل نے اس کو اپنی بات کا یقین دلاتے ہوئے کہا۔۔

اوکے۔۔۔ کیا کرنا ہو گا مجھے۔۔ شزا نے سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔

کچھ دنوں تک تمہیں ملنے بلاؤں گا۔۔ پھر بتا دوں گا کہ تمہیں کیا کرنا ہے۔۔

ٹھیک ہے۔۔

میں فون رکھتا ہوں ابھی۔۔۔میری اگلی کال کا ویٹ کرنا۔۔

یہ کہ کر نبیل نے کال بند کر دی۔۔

شزا نے فون کی طرف دیکھا اور اپنا پسینہ صاف کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دوسری طرف جب نبیل موبائل لے کر وہاں سے اٹھا تو ساحرہ وردہ کی طرف متوجہ ہوئی۔۔

بیٹا۔۔وقار کو جانتی ہو نا تم۔۔

وردہ نے کھانا روک کر سوالیہ نظروں سے اس کی طرف دیکھا۔۔۔

وہی جس نے بارش میں ہماری مدد کی تھی۔۔فنکشن میں میں نے تم لوگوں کے ساتھ دیکھا تھا اس کو۔۔

جی جانتی ہوں۔۔

کیسا لڑکا ہے وہ۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

اچھا ہے۔۔کیوں۔۔وردہ کو اپنے بارے میں کھٹکا لگ گیا۔۔

فاریہ کو وہ پسند آیا ہے شزا کیلیئے تو وہ بات کرنا چاہتی تھی۔

ساحرہ کی بات پر وردہ نے سکھ کا سانس لیا۔۔

یہ تو اچھی بات ہے۔

ہمم۔۔۔کسی دن کھانے پر بلاؤ اس کو میں فاریہ کو بھی بلا دوں گی۔۔

ساحرہ نے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

اوکے۔۔

وہ دونوں پھر سے کھانے میں مصروف ہو گئیں۔۔

اتنے میں ولید وہاں آ کر بیٹھا۔۔

کون تھا۔۔۔ساحرہ نے نوالہ منہ میں ڈالتے ہوئے کہا۔۔

مما کا فون تھا۔۔کہ رہیں تھیں کتنے دنوں سے ملنے نہیں آئے۔۔۔۔نبیل نے من گھڑت کہانی بنائی۔۔

www.novelsclubb.com

تو آپ چلے جائیں نا ان سے ملنے۔۔۔

ہمم جاؤں گا۔۔

نبیل پھر کھانا کھانے لگا۔۔۔ساحرہ بھی کھانے میں مصروف ہو گئی۔۔

اگلے دن شزا وردہ کو یونی کیلیئے لینے آئی۔۔۔۔وہ وردہ سے نظریں نہیں ملا پا رہی تھی۔۔

شزا بیٹا۔۔۔اب واپسی پر بھی تم وردہ کو ساتھ لے کر آیا کرو۔۔۔نبیل بزی ہوتا ہے۔۔

شزا کسی غیر ارادی نقطے کو گھورنے میں لگی ہوئی تھی۔۔

شزا بیٹا۔۔ساحرہ کے دوسری دفعہ بلانے پر بھی اس نے کوئی رسپانس نہ دیا۔۔

شزا۔۔۔ساحرہ نے اونچی آواز میں کہا

۔۔جی۔۔جی۔۔

کہاں گم ہو۔۔

کہیں نہیں پھپو۔۔میں لے آؤں گی وردہ کو ساتھ۔۔

چلیں شنزا۔۔وردہ نے اپنا بیگ اٹھاتے کہا۔۔

ہاں چلو۔۔

ابھی وہ جا ہی رہیں تھیں کہ نبیل ان کے راستے میں آیا۔۔

وردہ نے اسے دیکھ کر نظریں جھکا لیں۔۔۔

جا رہی ہو۔۔۔واپسی پر خیال سے لے کر آنا وردہ کو۔۔نبیل نے ایسے ظاہر کیا جیسے

وردہ کی اس کو بہت فکر ہے۔۔

ہمم۔۔۔شنزا نے سر ہلایا۔۔

اور وہ دونوں وہاں سے چلتی گاڑی میں آ کر بیٹھ گئیں۔۔

یار مجھے سمجھ نہیں آرہی ایک کام تو ہو جائے گا یہ دوسرا کام کون کرے گا۔۔وقار نے ولی کی باتوں سے الجھتے ہوئے کہا۔۔

دوسرا کام بھی ہم کر لیں گے۔۔لیکن ابھی تک یہ بھی نہیں پتا کہ وہ کام ہے کیا۔۔۔

تو کب پتا چلے گا۔۔وقار نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

امید ہے بہت جلد پتا چل جائے گا۔۔۔تو ٹینشن نہ لے۔۔

ہمم۔۔۔

اچھا میں چلتا ہوں۔۔کل بھی لیٹ ہو گیا تھا۔۔ولید نے اٹھتے ہوئے کہا۔۔

ہاں ہاں جا۔۔۔نہیں تو وردہ کو جواب دینا پڑے گا۔۔وقار نے اسے چھیڑتے ہوئے کہا۔۔

تجھ پر بھی یہ وقت آئے گا۔۔پھر پوچھوں گا۔۔ولید نے اسے گھورتے ہوئے کہا۔۔

ہائے کب آئے گا۔۔۔میں تو انتظار میں ہوں۔۔

بس کر دے چھچھورے آجائے گا۔۔ولید نے ٹونٹ مارتے ہوئے کہا۔۔

وقار بھی اس کی بات پر ہنس دیا۔۔

ولید کلاس روم میں انٹر ہوا تو وردہ اس کی منتظر بیٹھی تھی۔۔

ولید وردہ کی طرف جا ہی رہا تھا کہ شزا اس کے راستے میں آئی۔۔

ولی۔۔ولید شزا کی طرف دیکھنے لگا۔۔

بولو۔۔

www.novelsclubb.com

میرے ساتھ بیٹھ جاؤ آج تم۔۔۔پلیز۔۔۔شزا نے آنکھوں میں امید لے کر التجائی لہجے میں کہا۔۔

وقار نے ایک نظر وردہ کو دیکھا وہ انھی کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔اور پھر کچھ کہے بغیر شزا کے ساتھ چل پڑا۔۔

وردہ بے یقینی سے ان دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔

ولید نے وردہ کی طرف دیکھ کر معصوم سا منہ بنایا جیسے معافی مانگ رہا ہو۔۔

وردہ منہ پھیر کر بیٹھ گئی۔۔

کلاس ختم ہو چکی تھی۔۔۔وردہ یونی کے کونے میں بیٹھی تھی۔۔

ولید وردہ کو ڈھونڈتا وہاں آیا۔۔

تم یہاں ہو۔۔میں تمہیں کلاس میں ڈھونڈ رہا تھا۔۔

وردہ نے کوئی جواب نہ دیا اور سامنے دیکھتی رہی۔۔

اچھا چلو۔۔ولید نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے اٹھایا۔۔

کہاں۔۔اپنا ہاتھ چھڑواتے وردہ نے کہا۔۔

جہاں ہم پہلے جاتے ہیں۔۔جہاں تمہارے اور میرے علاوہ کوئی نہیں ہوتا۔۔ولید

نے اپنی طرف سے کافی رومنٹک انداز میں کہا لیکن وردہ پر اس کا کوئی اثر نہ ہوا۔۔

مجھے نہیں آنا۔۔۔وہ ابھی بھی منہ پھیرے کھڑی تھی۔۔

ولید نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے زبردستی وہاں سے لے گیا۔۔

ولید۔۔۔ہاتھ چھوڑو میرا۔۔

جب وہ کلاسس کے پیچھے پہنچ گئے تو ولید نے اس کا ہاتھ چھوڑا۔۔

وردہ پھر سے بچوں کی طرح منہ بنا کر کھڑی ہو گئی۔۔ولید کو اس پر بے حد پیار آیا۔۔

وردہ۔۔ولید نے اس کا چہرہ۔ پکڑ کر اسے اپنی طرف کیا۔۔

وردہ ناراض نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔

سوری۔۔۔

آپ کی کوئی غلطی نہیں ہے۔۔

لہجہ اب بھی ناراضگی والا تھا۔۔

کیا مجھ معصوم کو اس ایک غلطی پر معافی نہیں مل سکتی۔۔ولید نے معصوم سا منہ بنا

www.novelsclubb.com

کر کہا۔۔

وردہ نے اس کا معصوم چہرہ دیکھ کر اپنی ہنسی دبائی۔۔

نہیں مل سکتی۔۔وردہ نے حکمانہ لہجے میں کہا۔۔

ولید نے اپنے کان پکڑ لیے۔۔

یہ لیں ملکہ عالیہ۔۔اس غریب نے اب کان بھی پکڑ لیے۔۔اب تو معافی دے دیں۔۔

وردہ اسے دیکھ کر ہنسنے لگی۔۔

ولید نے اپنے کان چھوڑے۔۔۔اور سیدھا ہو کر کھڑا ہو گیا۔۔

وہ وردہ کے قریب آیا اور اس کی آنکھوں میں جھانکنے لگا۔۔وردہ بھی اسی کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔

میں قربان اس ہنسی پہ۔۔۔ولید نے اس کے ہونٹوں کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

یہ ہنسی بھی صرف آپ کی وجہ سے آئی ہے۔۔وردہ نے مسکرا کر کہا۔۔

ولید بھی مسکرا دیا۔۔

اچھا بیٹھتے ہیں مجھے بات کرنی تھی آپ سے۔۔

وردہ نے بیٹھتے ہوئے کہا۔۔ولید بھی اس کے ساتھ بیٹھ گیا۔۔

جی بولو۔۔

وہ آپ کا دوست وقار وہ کیسا لڑکا ہے۔۔

تم کیوں پوچھ رہی ہو۔۔ولید نے مشکوک نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

ایسے نہ دیکھیں۔۔میں نے اپنے لیے نہیں پوچھ رہی۔۔مما نے کہا تھا پوچھنے کو۔۔

وردہ نے صفائی دیتے ہوئے کہا۔۔

www.novelsclubb.com

کیوں۔۔

فاریہ آنٹی کو وقار شزا کیلیئے پسند آیا ہے۔۔۔وہ ان سے ملنا بھی چاہتی ہیں۔۔

سچی۔۔ولید بے یقینی اور حیرانی کے ملے جلے تاثرات لیے اسے دیکھ رہا تھا۔۔

ہاں۔۔آپ کیوں اتنے خوش ہو رہے ہیں۔۔

بھئی میرے دوست کی دلی خواہش پوری ہو رہی ہے۔۔میں خوش کیسے نہ ہوں۔۔

کیا مطلب۔۔وردہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

وقار شزا کو پسند کرتا ہے۔۔۔یہ بات میں نے کسی کو نہیں بتائی۔۔کیونکہ شزا کی

اس بات کے بعد وقار خود پیچھے ہٹ گیا تھا۔۔لیکن اب تو منزل خود بلا رہی ہے

اسے۔۔ولید نے ایکسائیٹڈ ہوتے ہوئے کہا۔۔

مما اور فاریہ آنٹی ملنا چاہتی ہیں ان سے۔۔

کل ہی آجائے گا ملنے تو۔۔ولید نے جوش سے کہا۔۔

اچھا۔۔میں مما سے پوچھ کر بتاؤں گی۔۔

میرا بھی پوچھ لو مما سے۔۔وقار نے ایک ادا سے کہا۔۔

وہ تو آپ خود ہی پوچھیں گے۔۔وردہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

اووو کے۔۔۔ولید نے منہ کو گول بناتے ہوئے کہا۔۔

اتنے میں اگلی کلاس کا ٹائم ہو گیا۔۔وہ دونوں اٹھ کر کلاس کی طرف چل دیے۔۔

www.novelsclubb.com

.....

مبارک ہو تمہیں بھائی۔۔تمہاری تو لاٹری لگنے والی ہے نا۔۔

ولید نے جوش میں آکر وقار سے کہا۔۔

یونیورسٹی سے واپسی پر وہ گھر جانے سے پہلے ایکسائٹمنٹ میں سیدھا وقار کے پاس ہی آگیا تھا۔۔

وقار کام میں مصروف تھا۔۔

یار تو ہر وقت مصروف ہوتا ہے۔۔۔بات تو سن میری۔۔

ولید نے اس کے ہاتھ میں پکڑی فائل کھینچتے ہوئے کہا۔۔

کس بات کی مبارک۔۔اور یہ فائل دو مجھے۔۔

ولید نے فائل بند کر کے ٹیبل پر رکھ دی۔۔۔

اتنی بڑی بات ہے نا۔۔۔تو خوشی سے پاگل ہو جائے گا سن کے۔۔

ایسا کیا ہو گیا ہے۔۔

شزا کی اماں کو تو پسند آ گیا ہے اپنی بیٹی کیلیے۔۔

کیا۔۔۔وقار نے حیرانی سے اسے دیکھا۔۔ تمہیں کس نے کہا۔۔

وردہ نے کہا مجھ سے۔۔۔اس کی مما چھی تم سے ملنا چاہتی ہیں۔۔

اور شزا۔۔

بھئی اس کے گھر والے مان جائیں گے تو وہ کیوں اعتراض کرے گی۔۔

نہیں یار میں اس کی مرضی کے بغیر اس سے شادی نہیں کرنا چاہتا۔۔

تو سکھی ساوتری بن لے۔۔سب سے مرضیاں پوچھ لے اور پھر کنوارے ہی

مرنا۔۔

www.novelsclubb.com

وقار نے ایک آبرو اٹھا کر اس کی طرف دیکھا۔۔

میں نے امی کو بھی بتا دیا تھا اس بارے میں۔۔

تو یہ تو اور اچھی بات ہے نا ان کو بتانے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔۔۔

اب بتاؤ کب ملنے جاو گے۔۔

ملنے تو میں کل ہی چلا جاؤں۔۔لیکن۔۔وقار نے کھسیانی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔۔

ہاں اس سے ملنے تو کل ہی جائے گا۔۔سارے کام ختم اب۔۔ولید نے اسے چڑاتے ہوئے کہا۔۔اور لیکن کیا اب کیا مسئلہ ہے۔۔۔

شزا برا نا مان جائے۔۔

اوففف۔۔۔ولید نے ایک ہاتھ ماتھے پر مارا۔۔۔نہیں کھائے گی وہ تمہیں۔۔میں کل کا ٹائم دے دوں گا وردہ کو تم تیار رہنا اور اپنی امی کو بھی بتا دینا۔۔

ولید نے بات ختم کرتے ہوئے کہا۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔۔وقار کے دل میں پھر کہیں سے امید کی کرن پھوٹی تھی۔۔۔

شزا اپنے کمرے میں بیٹھی سوچوں میں گم تھی۔۔

اس کے موبائل پر نبیل کی کال آنے لگی۔۔

دوسری بیل کے بعد شزا نے کال اٹھائی۔۔

جی۔۔شزا نے ہلکی سی آواز میں کہا۔۔

آج فری ہو تم۔۔نبیل فورا مطلب کی بات پر آیا۔

کس وقت۔۔

شام سے تھوڑا پہلے۔۔۔میں ملنا چاہتا ہوں تم سے۔۔

اوکے۔۔آپ مجھے جگہ بتا دیں۔۔میں آجاؤں گی۔۔

میں جگہ کے بارے میں میسج کر دیتا ہوں تمہیں۔۔۔ٹائم پر پہنچ جانا۔۔۔

یہ کہ کر نبیل نے کال بند کر دی۔۔

شزا کو کچھ دیر بعد نبیل کے نمبر سے ایڈریس موصول ہوا۔۔۔

اس نے فون اٹھایا اور میسج کرنے لگی۔۔۔

وردہ۔۔۔

اپنے موبائل پر ولید کا میسج دیکھ کر وہ تھوڑا حیران ہوئی۔۔۔

وہ تو ہمیشہ آمنے سامنے ہی بات کرتے تھے تو ایسی کون سی ضروری بات آگئی کہ وہ میسج کر رہا تھا۔۔۔یہ خیال دل میں سوچتے وردہ نے میسج کا جواب دیا۔۔

جی۔۔۔

وردہ کے جواب کے بعد ولید کی کال آنے لگی۔۔

ہیلو۔۔۔

کیا کر رہی تھی۔۔

کچھ نہیں۔۔۔کوئی ضروری بات کرنی تھی آپ نے۔۔

آآآہاں۔۔۔۔وہ مجھے بتانا تھا کہ وقار کل آئے گا۔۔۔وہ زیادہ فری نہیں ہوتا کل وہ فری ہے تو اسی لیے۔۔

www.novelsclubb.com

اوکے میں مما کو بتادوں گی۔۔آپ کل لنچ پر بلالیں ان کو۔۔

اوکے۔۔

اور سنیں۔۔

سنائیں محترمہ۔۔

آپ بھی آجانا ان کے ساتھ۔۔وردہ کی بات پر ولید کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔

کیوں جی۔۔

بس ویسے ہی۔۔۔وردہ نے جان چھڑوانی چاہی۔۔

ایسے ہی تو پھر میں نہیں آؤں گا۔۔۔ولید نے مصنوعی ناراضگی کے ساتھ کہا۔۔

آپ کو دیکھ کر اچھا لگے گا مجھے۔۔۔وردہ نے نچلا ہونٹ دانتوں کے نیچے دباتے ہوئے کہا۔۔

اوو واچھا۔۔۔پھر تو میں ضرور آؤں گا۔۔

تھینکس۔۔

اچھا میں بعد میں بات کرتا ہوں میرے دوست کی کال آ رہی ہے۔۔

اوکے۔۔۔

ولید نے کال کٹ کر دی۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وردہ اٹھی اور ساحرہ کے کمرے میں آئی۔۔۔ نبیل گھر پر نہیں تھا۔۔

مما۔۔

جی بیٹا۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ چلتی ہوئی ان کے ساتھ آ کر بیٹھ گئی۔۔

وہ وقار کی بات کی تھی آپ نے۔۔ میں نے۔ ولید سے کہا تھا۔۔ وہ کل فری ہیں تو کل ہی کا بول دیا میں نے۔۔

یہ تو اچھی بات ہے۔۔۔۔ میں ابھی فاریہ کو بھی بتا دوں گی۔۔

جی۔۔۔وردہ جانے کیلیے اٹھی ساحرہ نے اسے دوبارہ بیٹھنے کا کہا۔۔

وردہ بیٹا۔۔

جی مما۔۔۔وردہ ساحرہ کی طرف دیکھ کر بولی۔۔

تمہیں کوئی پریشانی تو نہیں ہے نا۔۔

کس سے مما۔۔

کسی سے بھی۔۔۔۔۔ساحرہ وردہ کی طرف ہی دیکھ رہی تھی۔۔

نہیں۔۔۔وردہ نے بس مختصر سا جواب دیا۔۔

ولید اچھا لڑکا ہے۔۔۔ساحرہ نے مسکرا کر اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

وردہ نے عجیب سی نظروں سے ساحرہ کی طرف دیکھا جیسے اس کی چوری پکڑی گئی ہو۔۔

تمہارا کیا خیال ہے اس کے بارے میں۔۔

اچھا ہے۔۔ مما میں چلتی ہوں مجھے پڑھائی کرنی ہے۔۔وردہ نے یہ کہ کر کمرے سے

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

باہر کی طرف دوڑ لگادی۔۔اس سے زیادہ اس سے بیٹھا نہیں جا رہا تھا۔۔

ساحرہ نے مسکراتے ہوئے اسے جاتا دیکھا۔۔

شزا نبیل کی بتائی ہوئی جگہ پر پہنچ کر نبیل کا انتظار کر رہی تھی۔۔

یہ سمندر کے پاس ایک چھوٹی سی کاٹیج نما جگہ تھی۔۔۔شام کا وقت ہونے کی وجہ سے وہاں زیادہ لوگ بھی نہیں تھے۔۔

تھوڑی دیر میں نبیل وہاں آیا۔۔

www.novelsclubb.com

شزا کو پہلے سے وہاں دیکھ کر ایک معنی خیز مسکراہٹ اس کے چہرے پر آئی۔۔۔۔

بڑی جلدی ہے تمہیں ولید کو پانے کی۔۔اتنی زیادہ محبت بھی نہیں ہونی چاہیے کسی سے۔۔۔

آپ بتائیں کیوں بلایا ہے مجھے یہاں۔۔۔شزا نبیل کی باتوں کو نظر انداز کرتی

بولی۔۔۔

ایک بہت ہی اہم کام کروانا ہے تم سے۔۔۔۔کام تھوڑا عجیب ہے لیکن اگر تمہیں ولید چاہیے تو تمہیں یہ کرنا پڑے گا۔۔

کیا۔۔

دیکھو تمہیں ہتا ہے وردہ ایسے تو مانے گی نہیں۔۔۔اور وہ بھی ولید کو پسند کرتی ہے تو اتنی آسانی سے اسے چھوڑے گی نہیں۔۔۔تو ظاہر ہے ہمیں کچھ بڑا ہی کرنا پڑے گا۔۔

نبیل بار بار ولید کا نام بیچ میں لا کر شزا کو اکسا رہا تھا۔۔

کیا کرنا ہو گا۔۔۔شزا نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔ویسے ساحرہ پھپھو کے ہوتے ہوئے یہ کبھی نہیں ہو سکے گا۔۔۔تو آپ انکا کیا کریں گے۔۔

اس کا بھی کچھ کرنا پڑے گا۔۔۔

آپ کیا مار دیں گے انھیں۔۔۔۔شزا نے حیرانی ظاہر کرتے ہوئے کہا۔۔

نہیں۔۔۔اسے مار دیا تو وجہ ہی ختم ہو جائے گی۔۔

کس چیز کی وجہ۔۔۔شزا سوالیہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔

کوئی نہیں میری بات سنو تم۔۔

کچھ دنوں تک میں تمہیں اپنے گھر بلاؤں گا۔۔۔اس دن میں وردہ کے کمرے میں جاؤں گا۔۔۔آگے کی بات تو تم سمجھ گئی ہو گی۔۔

تم نے بس اس کی ویڈیو بنانی ہے اور اسطرح بنانی ہے کہ اس میں صرف وردہ کا چہرہ دکھے۔۔

سمجھ گئی نا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اپنی بات ختم کر کے اس نے شزا کی طرف دیکھا۔۔

شزا آنکھیں پھاڑے اسے کمینگی کی حد سے گرتا دیکھ رہی تھی۔۔۔اس شخص کا ضمیر بلکل مر چکا تھا۔۔۔انسانیت نام کی کوئی چیز نہیں بچی تھی اس میں۔۔

ایسے کیا دیکھ رہی ہو۔۔۔یہ سب نہ کیا تو ولی کبھی نہیں ملے گا تمہیں۔۔

ولی کے نام پر شزا نے خود کو نارمل کیا۔۔

اور ساحرہ پھپھو۔۔۔وہ بھی تو وہیں ہو نگی۔۔

شزا نے خدشہ ظاہر کیا۔۔

اس کو میں پہلے ہی نیند کی گولی دے دوں گا۔۔۔تمہارے آنے کا بھی پتا نہیں چلے گا

اس کو۔۔

اوکے۔۔

ہمم۔۔۔اپنی بات سمجھ گئی ہو گی تم۔۔۔اب میرے بلانے کا انتظار کرنا۔۔

شزا نے اثبات میں سر ہلایا۔۔

نبیل نے اس کے آگے کوئی بات نہ کی اور وہاں سے چلا گیا۔۔۔۔

تھوڑی دیر بعد شزا بھی وہاں سے چلی گئی۔۔۔

---

www.novelsclubb.com

ہیلو بھابھی۔۔۔

ساحرہ نے وقار کا بتانے کیلیے فاریہ کو کال ملائی۔۔

ہاں ساحرہ۔۔۔کیسی ہو۔۔

میں ٹھیک بھابھی۔۔۔کچھ بات کرنی تھی آپ سے۔۔

جی بولو۔۔میں سن رہی ہوں۔۔

آپ نے وقار کی بات کی تھی مجھ سے شزا کیلیے۔۔۔۔میں نے کل لنچ پر بلایا تھا اس کو۔۔۔۔

اگر آپ بھی آجاتی تو اچھا تھا۔۔۔

ہاں ہاں کیوں نہیں۔۔۔میں ضرور آؤں گی۔۔شزا کو بھی لے کر آؤں گی۔۔۔۔

امی اور سجاد بھائی کو بھی بتا دینا۔۔۔۔

میں نے ان دونوں کو سرسری سا بتا تو دیا تھا۔۔۔

چلیں یہ تو اچھی بات ہے پھر۔۔کل انتظار کروں گی آپ کا۔۔

www.novelsclubb.com

ٹھیک ہے پھر کل ملاقات ہوتی ہے۔۔اللہ حافظ۔۔

اللہ حافظ۔۔

فاریہ نے کال بند کی اور شزا کو ڈھونڈتی کمرے سے باہر آئی۔۔

۔۔۔۔۔

شزا اسے کہیں باہر سے آتی دکھائی دی۔۔۔

کہاں گئی تھی تم۔۔۔فاریہ اس کے سامنے جا کھڑی ہوئی۔۔

ایک دوست سے ملنے گئی تھی مما۔۔

شزا نے اپنی گھبراہٹ پر قابو رکھتے ہوئے کہا۔۔

اس وقت تم اپنے کونسے خاص دوست سے ملنے گئیں تھیں۔۔

فاریہ نے مشکوک نظروں سے اسے دیکھا۔۔

مما اب آپ شک کریں گی اپنی بیٹی پر۔۔۔۔میں سچ میں النی دوست سے ملنے گئی تھی۔۔۔

www.novelsclubb.com

شزا نے فاریہ کو ایموشنلی بلیک میل کرنا چاہا۔۔

اچھا۔۔۔کل تیار رہنا تمھاری پھپو کے ہاں لنچ پر جانا ہے۔۔

کیوں۔۔۔اس دن تو گئے تھے۔۔۔

پتا چل جائے گا تمہیں۔۔۔

اوکے مما۔۔۔شزا اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔

فاریہ نے عجیب سی نظروں سے اسے جاتا دیکھا۔۔۔

معصومہ بیگم وقار سے کھانے کا پوچھنے ان کے کمرے میں گئیں۔۔۔

وقار موبائل میں کچھ دیکھ کر مسکرائے جا رہا تھا۔۔۔

معصومہ بیگم اس کے سامنے جا کر کھڑی ہو گئیں۔۔۔

وقار۔۔۔

وقار نے جلدی سے موبائل چھپایا اور ان کے سامنے کھڑا ہو گیا۔۔۔

جی امی۔۔۔چہرے پر مسکراہٹ ابھی بھی قائم تھی۔۔۔۔

آج تو بڑا خوش لگ رہا ہے میرا بیٹا۔۔۔معصومہ بیگم نے مسکرا کر کہا۔۔۔

ہمم۔۔۔

کوئی خاص وجہ۔۔۔

امی کل شنزا کی امی نے مجھے کھانے پر بلایا ہے۔۔۔

اوو اچھا۔۔۔یہ تو اچھی خبر ہے۔۔۔اسی لیے میرا بیٹا اکیلے اکیلے مسکرا رہا تھا۔۔۔

وقار پھر سے مسکرانے لگا۔۔۔

اچھا چلو۔۔۔تم فریش ہو جاؤ۔۔۔میں کھانا لگاتی ہوں۔۔۔

اوکے مما۔۔

معصومہ بیگم نے اسے مسکرا کر دیکھا اور وہاں سے چلی گئی۔۔۔

وقار فریش ہونے چلا گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

ولید اور وردہ یونیورسٹی میں اپنی مخصوص جگہ پر بیٹھے تھے۔۔۔

وردہ۔۔۔یونی کی چھٹی سے پہلے مجھے ایک کام ہے تم سے۔۔۔

کیا کام ہے۔۔۔

کہیں لے کر جانا ہے تمہیں۔۔۔

ولید نے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔

کہاں لے کر جانا ہے۔۔۔وردہ نے اسی کے انداز میں مسکراتے ہوئے کہا۔۔

تمہارا میڈیکل ٹیسٹ کروانے۔۔۔ولید نے سنجیدہ لہجے میں کہا۔۔۔وردہ کے چہرے کی مسکراہٹ غائب ہوئی۔۔

ولی۔۔۔لیکن کیوں۔۔

وردہ یہ ضروری نہ ہوتا تو میں تمہیں کبھی نہ کہتا۔۔۔ولید نے وردہ کا ہاتھ پکڑ کر

اسے تسلی دینے والے لہجے میں کہا۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔۔شزا کو کیا کہوں گی میں۔۔

ہم چھٹی ہونے سے پہلے واپس آجائیں گے۔۔اسے نہیں پتہ چلے گا۔۔۔ولید اب سامنے کسی نقطے کو گھورنے میں لگا تھا۔۔

اوکے۔۔۔۔وردہ بس اتنا ہی کہ سکی۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یونیورسٹی ختم ہونے میں ابھی تھوڑا ہی وقت تھا۔۔۔ولید وردہ کو میڈیکل چیک اپ کیلیئے لے گیا۔۔

www.novelsclubb.com

چھٹی سے تھوڑی دیر پہلے وہ واپس آگئے۔۔۔۔شزا یونی کے باہر کھڑی وردہ کا انتظار کر رہی تھی۔۔

کہاں تھی تم۔۔۔ان دونوں کو دیکھ کر شزا کا پارہ ہائی ہو گیا تھا۔۔وہ وردہ کے سامنے جا کر تحکمانہ لہجے میں اس سے پوچھنے لگی۔۔۔

ہم بس پاس تک کی ایک راؤنڈ لگانے گئے تھے۔۔۔ولید نے وردہ کی جگہ صفائی دیتے ہوئے کہا۔۔

میں نے اس سے پوچھا ہے۔۔۔۔شزا وردہ کی طرف ہی دیکھ رہی تھی۔۔

ولی صحیح کہ رہا ہے ہم یہاں پاس میں ہی گئے تھے۔۔۔وردہ نے بھی ولی کی ہاں میں ہاں ملائی۔۔

شزا کو سمجھ نہ آیا وہ اب کیا کہے۔۔

اس نے بات کو وہیں چھوڑا اور کار کی طرف بڑھ گئی۔۔

وردہ نے ایک نظر ولید کو مسجرا کر دیکھا۔۔۔ولید نے بھی اثبات میں سر ہلایا۔۔

وہ بھی چلتی ہوئی کار میں جا کر بیٹھ گئی۔۔

ساحرہ کمرے میں آئی۔۔۔۔نبیل کہیں جانے کی تیاری کر رہا تھا۔۔۔

کہاں جا رہے ہیں آپ۔۔۔۔

ساحرہ نے اسے تیار ہوتا دیکھا تو پوچھا۔۔

ہاں۔۔۔گھر جا رہا تھا مما سے ملنے۔۔۔کب سے گلے کر رہیں تھیں۔۔میں نے

سوچا آج مل آؤں ان کو۔۔

ہمم۔۔۔میرا سلام کہ دیجیئے گا ان کو۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔نبیل ساحرہ کو مسکرا کر دیکھتا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔

ساحرہ کھانا تیار کرنے کچن کی طرف چلی گئی۔۔۔

فاریہ شزا کو لے کر ساحرہ کے گھر آ چکی تھی۔۔نسیم بیگم کو بھی وہ اپنے ساتھ لے

آئی تھی۔۔کیونکہ سجاد کام پر تھا تو وہ انہیں گھر پر اکیلا نہیں چھوڑ سکتی تھی۔۔

فاریہ ساحرہ کی ہیلپ کروانے کی غرض سے کچن میں گئی۔۔۔۔

کسی مدد کی ضرورت ہے ساحرہ۔۔

سب کچھ تیار ہو گیا ہے بھابھی بس بچے آجائیں تو کھانا لگا دیتے ہیں۔۔۔ساحرہ نے چاولوں کو دم پر رکھتے ہوئے کہا۔۔باقی سب کچھ وہ تیار کر چکی تھی۔۔

کچھ دیر بعد ولید اور وقار بھی آچکے تھے۔۔۔ساحرہ اور فاریہ انھیں بڑی گرم جوشی کے ساتھ ملیں۔۔

کچھ دیر بعد سب نے کھانا شروع کیا۔۔وردہ اس بات پر خوش تھی کہ نبیل یہاں نہیں ہے۔۔۔۔

کھانے کے دوران فاریہ وقار سے باتیں کرتی رہیں۔۔شزا کو یہ سب بہت عجیب لگ رہا تھا۔۔

ولید وقفے وقفے سے وردہ کو دیکھ لیتا اور وردہ شرما کر سر جھکا لیتی۔۔۔

۔۔۔۔۔

کھانے کے بعد سب لوگ لاؤنج میں بیٹھے تھے۔۔

شزا کو وہاں بیٹھنا اچھا نہیں لگا وہ بہانہ کر کے وہاں سے اٹھ کر چلی گئی۔۔ولید نے وقار کو آنکھوں سے اشارہ کیا۔۔

وقار بھی اٹھ کر اس کے پیچھے چلا گیا۔۔۔

۔۔۔۔

شزا کچن کی طرف آ کر کھڑی ہو گئی۔۔

شزا۔۔۔وقار کی آواز پر اس نے مڑ کر دیکھا۔۔۔

وقار چلتا ہوا اس کے بلکل سامنے آ کر کھڑا ہو گیا اور اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔۔۔

www.novelsclubb.com

کوئی کام تھا آپ کو۔۔۔۔اس کی نظروں کی تپش اپنے چہرے پر محسوس کر کے شزا کو عجیب سا احساس ہوا۔۔

دیکھو شزا۔۔۔شائید تمہیں میری بات بری لگی لیکن یہی سچ ہے۔۔۔۔مجھے نہیں پتا چلا تم کب مجھے اچھی لگنے لگی۔۔۔۔اگر یہ میرے اختیار میں ہوتا تو میں کبھی پیار

نہ کرتا۔۔لیکن کچھ بھی میرے بس میں نہیں ہے۔۔۔۔

شزا آنکھیں پھاڑے اسے دیکھ رہی تھی۔

وقار پلیز۔۔۔وہ بس اتنا ہی کہہ سکی۔۔

شزا۔۔۔مجھے پتا ہے اتنی آسانی سے تمہیں میری باتوں پر یقین نہیں آئے گا اور نہ تمہارے لیے مجھے اتنی جلدی قبول کرنا آسان ہے۔۔

تمہیں جتنا وقت لینا ہے تم لے لو۔۔بس اتنا یاد رکھنا میں ہمیشہ تمہارا انتظار کروں گا۔۔تم جب چاہو میرے پاس آسکتی ہو۔۔

وقار ابھی بھی شزا کی آنکھوں میں جھانک رہا تھا۔۔

شزا کچھ کہنے ہی والی تھی۔۔اس سے پہلے کہ شزا کچھ کہتی ولید وہاں آدھمکا۔۔

اہمم اہمم۔۔۔۔ولید نے گلا کھنگارتے ہوئے کہا۔۔

وقار چلیں۔۔۔وقار کی طرف دیکھ کر وہ شرارتی مسکراہٹ لیے بولا۔۔۔

وقار نے شزا کو دیکھا وہ اسے ہی دیکھ رہی تھی۔۔۔

چلو۔۔یہ کہتا وقار دل میں اس کو گالیاں دیتا ولید کے ساتھ باہر نکل پڑا۔۔

جانے سے پہلے وہ سب سے ملے۔۔

بیٹا کسی دن اپنی امی کو بھی ہمارے گھر لے کر آنا۔۔۔فاریہ نے پیار سے وقار کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا۔۔

جی آنٹی۔۔

پھر وہ دونوں باہر کھڑی اپنی گاڑی کی طرف چل پڑے۔۔

۔۔۔۔

اتنے غلط ٹائم ٹپکنے کی وجہ۔۔۔وقار نے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے کہا۔۔۔

میں نہ آتا نا تو ساحرہ آنٹی شزا کو بلانے کیلئے آنے والی تھیں۔۔میں نے بچا لیا تمہیں۔۔ولید نے فرضی کالر جھاڑتے ہوئے کہا جیسے بہت بڑا کارنامہ کیا ہو۔۔

وقار بس اسے گھور کر رہ گیا۔۔

اسے دیکھ کر ولید ہنسا اور گاڑی چلا دی۔۔

اگلے دن ولید یونیورسٹی جانے سے پہلے وردہ کی میڈیکل رپورٹ لے آیا تھا

۔۔۔اس کی اتنی ہمت بھی نہیں ہوئی کہ وہ اسے کھول کر دیکھ لے کیونکہ وہ جانتا

تھا کہ اس میں کیا ہے۔۔۔۔

رپورٹ لینے کے بعد وہ سیدھا یونیورسٹی آیا۔۔۔وردہ ہمیشہ کی طرح اس کے انتظار

میں بیٹھی تھی۔۔اسے دیکھ کر اس کی طرف لپکی۔۔۔

اتنی دیر لگادی۔۔۔کہاں تھے آپ کب سے انتظار کر رہی ہوں۔۔۔وردہ تو اسے

دیکھتی ہی شروع ہو گئی تھی۔۔

سانس لو لڑکی۔۔کیا ہو گیا ہے۔۔تھوڑی سی تو دیر ہوئی ہے۔۔

دیر تو ہوئی ہے نا۔۔۔وردہ تو کسی طور معافی دینے کو تیار نہیں تھی۔۔

تمہاری میڈیکل رپورٹس لینے گیا تھا۔۔۔ولید نے سنجیدہ لہجے میں کہا۔۔۔

اس کی بات پر وردہ بھی سیریس ہو گئی۔۔۔ولید کو لگا کہ اس نے غلط وقت پر غلط

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

بات کر دی ہے۔۔

اچھا تم بتاؤ اتنا بے صبری سے انتظار کیوں ہو رہا تھا۔۔۔اس کا موڈ ٹھیک کرنے کیلئے ولید نے بات بدلی۔۔۔

ولی۔۔۔آج پتا نہیں کیوں میرا دل گھبرا رہا ہے۔۔۔جیسے کچھ برا ہونے والا ہے۔۔

ولید اور وردہ چلتے ہوئے اب یونی کے ایک کونے میں پہنچ چکے تھے۔۔

وردہ کی بات پر ولید نے اس کی طرف دیکھا۔۔

اس کے چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں لیا۔۔اور پیار سے اسے دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔

www.novelsclubb.com

اب سب اچھا ہو گا۔۔۔کچھ برا نہیں ہو گا۔۔۔میں ہوں نا تمہارے ساتھ۔۔

اس کی بات سے وردہ کو حوصلہ ہوا۔۔۔ولید کی آنکھوں میں اپنے لیے محبت وہ صاف دیکھ سکتی تھی۔۔۔۔

وردہ اسے دیکھ کر مسکرائی۔۔

کلاس کا ٹائم ہو گیا ہے چلیں۔۔

ولید نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

جی۔۔۔ولید اور وردہ کلاس کی طرف چل دیے۔۔۔

وقار پولیس اسٹیشن جانے کیلیے بلکل تیار کھڑا تھا۔۔۔اسنے جانے کیلیے ابھی قدم بڑھائے ہی تھے کہ معصومہ بیگم نے اس کو بلایا۔۔

www.novelsclubb.com

وقار بیٹا۔۔

جی امی۔۔۔اپنی ماں کی آواز پر وہ ان کی طرف متوجہ ہوا۔۔

ملاقات کیسی رہی کل کی تمہاری۔۔۔

بہت اچھی امی۔۔۔فاریہ آنٹی آپ سے بھی ملنا چاہتی ہیں۔۔۔

وقار نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔۔۔

بھئی ہمیں تو اب جانا ہی پڑے گا شزا کو یہاں لانے کیلیے۔۔۔

امی بس دعا کریں وہ بھی مان جائے۔۔

کیسے نہیں مانے گی میرے بیٹے کو کوئی منع کر سکتا ہے بھلا۔۔۔

آپ کا بیٹا ہوں اسی لیے آپ کو ایسا لگتا ہے۔۔۔۔ہو سکتا ہے کوئی منع کر دے۔۔۔

وقار کی مسکراہٹ پھیکی ہوئی۔۔

بلکل بھی نہیں۔۔۔میرا بیٹا صرف میرے لیے نہیں سب کیلیئے پرفیکٹ ہے۔۔۔

ہمم۔۔۔۔اچھا امی میں چلتا ہوں دیر ہو رہی ہے۔۔

ٹھیک ہے بیٹا۔۔۔اللی حافظ۔۔ معصومہ نے پیار سے اس کے سر پر ہاتھ پھیری

کا۔۔

وقار بھی ان کی بلائیں لیتا باہر نکل گیا۔۔۔

چھٹی کے بعد شزا وردہ کو اس کے گھر چھوڑ کر اپنے گھر چل پڑی۔۔۔

وردہ جیسے کی گھر کے اندر داخل ہوئی نبیل سامنے ہی بیٹھا موبائل یوز کر رہا تھا۔۔۔

وردہ کی اس پر نظر پڑی تو ایک طنزیہ مسکراہٹ اس کے چہرے پر آئی وردہ کو اس کی مسکراہٹ سے خوف محسوس ہوا۔۔

وہ اسی وقت کمرے میں چلی گئی۔۔۔

اسے اس بات پر حیرت ہوئی کہ نبیل اس کے پیچھے بھی نہیں آیا اور ساحرہ بھی آمنے سامنے نہیں تھی۔۔

اس نے اپنے خیال کو جھٹکا اور کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔

خزا اپنے کمرے میں بیٹھی موبائل یوز کر رہی تھی۔۔۔

اچانک اس کے موبائل پر نبیل کی کال آنے لگی۔۔۔اس نے ایک گہرا سانس لیا اور

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

کال پک کی۔۔۔

تم گھبرا تو نہیں رہی۔۔۔ نبیل نے پہلا سوال ہی یہیں کیا۔۔

نن۔۔۔ نہیں۔۔۔ شزا نے اٹک اٹک کر جواب دیا۔۔۔

گڈ۔۔۔۔ تمہارا کام کرنے کا وقت آگیا ہے۔۔۔ آج شام سے پہلے میرے گھر آجانا۔۔

نبیل نے بڑی ڈھٹائی سے کہا۔۔

شزا لب بھینچے اس کی باتیں سن رہی تھی۔۔

کتنے بجے۔۔

میں میسج کر دوں گا تمہیں۔۔۔۔ تم تیار رہنا بس۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

نبیل نے اس کا جواب سننے سے پہلے ہی کال بند کر دی۔۔۔

شزا ابھی نبیل کی باتوں کے بارے میں سوچ رہی تھی کہ اس کی نظر دروازے پر

www.novelsclubb.com

کھڑی فاریہ پر پڑی۔۔۔شزا بری طرح گھبرا گئی۔۔۔

فاریہ چلتی ہوئی اس کے پاس آئی۔۔۔

کس سے بات کر رہی تھی۔۔۔مشکوک انداز میں پوچھا گیا۔۔

مما۔۔۔فرینڈ سے۔۔۔فرینڈ سے بات کر رہی تھی۔۔شزا کو لگا جیسے اس کی چوری پکڑی گئی ہو۔۔

ایسا کون سا فرینڈ ہے جس سے بات کر کے اتنا گھبرا رہی ہو تم۔۔

نہیں مما۔۔۔وہ تو۔۔۔وہ تو میں ٹیسٹ کی وجہ سے پریشان ہو رہی تھی۔۔۔اس نے ابھی ٹیسٹ کا بتایا نا۔۔۔۔شزا نے اصل بات چھپاتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھا۔۔کھانے کیلیئے بلانے آئی تھی تمہیں۔۔

مجھے ابھی بھوک نہیں ہے۔۔۔جب بھوک لگے گی تو آپ کو بتا دوں گی۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔۔۔۔فاریہ اسے دیکھتی کمرے سے باہر چلی گئی۔۔۔

شزا کے ماتھے پر پسینہ آیا۔۔وہ پریشانی سے بیٹھی نبیل کی کال کا انتظار کرنے لگی۔۔

تقریباً بیس منٹ کے بعد اس کو نبیل کی کال آئی۔۔

شزا نے کانپتے ہاتھوں سے کال ریسیو کی۔۔

ہیلو۔۔۔

ابھی آجاؤ۔۔۔اور یاد ہے نا ویڈیو کیسے بنانی ہے۔۔

نبیل نے اس کو یاد دہانی کرانی چاہی۔۔

ہاں۔۔یاد ہے مجھے۔۔۔شزا کے ہاتھ بری طرح کانپ رہے تھے اس کے ہاتھ سے

فون گرنے ہی والا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

گڈ۔۔۔اب جلدی سے آؤ۔۔۔میں تمہارا ویٹ کر رہا ہوں۔۔

اوکے۔۔۔نبیل کی طرف سے کال بند کر دی گئی۔۔۔

شزا کتنی ہی دیر وہاں بیٹھی رہی۔۔۔پھر ہمت جمع کر کے وہاں سے اٹھی۔۔اور گھر

والوں سے بچ بچا کر گھر سے باہر نکل گئی۔۔

چلو یار۔۔۔۔ٹائم آ گیا ہے۔۔۔

وقار جو پولیس اسٹیشن کار اوٹنڈ لے رہا تھا۔۔۔

ولید کی آواز سن کر مڑ کر اسے دیکھنے لگا۔۔۔

کہاں چلنا ہے۔۔۔

اپنا مشن پورا کرنے۔۔۔ صرف تم نہیں اپنے ساتھ اپنے ماتحت بھی لے کر آنا۔۔۔

ولید نے جوش میں کہا۔۔

ہاں کیوں نہیں۔۔ویسے مجھے اندازہ نہیں تھا یہ ٹائم اتنی جلدی آ جائے گا۔

وقار نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔۔

مجھے بھی۔۔۔ لیکن اب تو تو چلنا جلدی۔۔۔ولید تو آج کچھ زیادہ ہی جوش میں لگ رہا

تھا۔۔۔

وقار نے اس کے چہرے کو بغور دیکھا آج سے پہلے اس نے اسے اتنا خوش کبھی نہیں دیکھا تھا۔۔

تو فکر نہ کر میں بس تھوڑی دیر میں سب کو اکٹھا کرتا ہوں پھر چلتے ہیں۔۔۔

ولید نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔

ولید نے مسکرا کر اس کو دیکھا۔۔۔اور دونوں مشن کو پورا کرنے چل دیے۔۔۔

---

www.novelsclubb.com

ساحرہ اپنے کمرے کو سیٹ کرنے کے بعد تھک کر بیڈ پر بیٹھی۔۔۔

نبیل چائے کا کپ لیے اندر آیا۔۔

مجھے پتا تھا تم تھک گئی ہو گی۔۔اسی لیے چائے بنا لایا ہوں تمہارے لیے۔۔۔

نبیل نے مسکرا کر اسے دیکھتے چائے کا کپ اس کے سامنے رکھا۔۔

بہت شکریہ۔۔مجھے واقعی چائے کی بہت طلب ہو رہی تھی۔۔

ساحرہ نے شکر مندانہ لہجے میں کہتے ہوئے چائے کا کپ اٹھایا۔۔

ہمم۔۔۔تم پی لو میں ابھی آتا ہوں۔۔۔

نبیل اس کو کہتا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔ایک شیطانی مسکراہٹ اس کے چہرے پر آئی۔۔

نبیل گھر کے لاؤنج میں کھڑا شزا کا انتظار کر رہا تھا۔۔۔

کچھ دیر بعد ازے شزا آتی دکھائی دی۔۔ نبیل کے چہرے کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔۔

شزا کو آتا دیکھ کر وہ بھی اس کی طرف چل پڑا۔۔۔دونوں اب آمنے سامنے کھڑے تھے۔۔

ٹائم پر پہنچ گئی تم تو۔۔۔بڑی جلدی ہے ولید کو پانے کی۔۔۔

نبیل طنزیہ لہجے میں بولا۔۔

شزا نے کوئی جواب نہ دیا۔۔

میں جارہا ہوں وردہ کے کمرے میں۔۔۔تم اپنا موبائل لے کر میرے ساتھ

آجاو۔۔۔آگے کا کام تو تمہیں پتا ہی ہے۔۔

نبیل نے اندر کی طرف چلتے ہوئے کہا۔۔

اور ساحرہ پھپو۔۔۔۔۔شزا کو ابھی بھی ساحرہ کا ڈر تھا۔۔

نبیل نے مڑ کر اس کی طرف دیکھا۔۔

وہ تو اب تک سو چکی ہو گی۔۔بتایا تو تھا تمہیں۔۔

ہمم۔۔۔

نبیل نے ایک نظر اس کو دیکھا اور اندر کی جانب چل پڑا۔۔۔شزا بھی مضبوطی سے

اپنا موبائل پکڑے اس کے پیچھے چل پڑی۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

وردہ اپنے کمرے میں بیٹھی کتابیں دیکھنے میں مصروف تھی۔۔

دروازہ کھلنے کی آواز پر اس نے سر اٹھا کر دیکھا۔۔ نبیل اسے کمرے کے اندر آتا دکھائی دیا۔۔

وہ جلدی سے گھبرا کر کھڑی ہو گئی اور اپنا دوپٹہ سیٹ کیا۔۔

آ۔۔۔آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔۔۔کانپتی ہوئی آواز میں وردہ نے پوچھا۔۔

اب تک تو تمہیں اس بات کا اندازہ ہو جانا چاہیے کہ میں کیوں تمہارے کمرے میں آتا ہوں۔۔

www.novelsclubb.com

نبیل نے شیطانی مسکراہٹ لیے کہا۔۔

وردہ کے پسینے چھوٹ گئے۔۔۔لیکن پھر اس نے نبیل کی باتوں کو یاد کیا۔۔۔اور اپنی ساری ہمت جمع کر کے وہ بارعب انداز میں بولی۔۔

"خبردار جو آپ میرے قریب بھی آئے۔۔۔بہت سہ لیا میں نے اب آپ کی

باری ہے۔۔بہت ڈھیلی چھوڑ دی اللہ نے آپ کی رسی۔۔اب وہ آپ کی رسی کو کھینچنے والا ہے۔۔"

اوہ۔۔میں تو ڈر گیا۔۔ نبیل نے ڈرنے کی ایکٹینگ کرتے ہوئے کہا۔۔اور پھر ایک شیطانی قہقہہ لگایا۔۔

تمہیں کیا لگتا ہے مجھے نہیں پتا تم کس کی شے پر یہ سب بول رہی ہوں۔۔۔تمہارے سارے سہارے ختم کرنے والا ہوں میں"

یہ کہ کر نبیل اس کی طرف بڑھا۔۔

وردہ ڈر کر پیچھے ہوئی۔۔۔

www.novelsclubb.com

کمرے کی کھڑکی سے شزا موبائل میں یہ سارا کچھ ریکارڈ کر رہی تھی۔۔۔

نبیل ایک ایک قدم وردہ کی طرف بڑھاتا گیا۔۔۔وردہ پیچھے ہوتی گئی اور دیوار سے جا لگی۔۔

نبیل نے اس کا دوپٹہ اتارنا چاہا۔۔۔وردہ نے مزاحمت کرتے ہوئے اس کے دونوں

ہاتھوں کو پکڑا اور اسے خود سے دور کرنے لگی۔۔

نبیل نے زبردستی اس کے ہاتھوں کو پیچھے کرنا چاہا۔۔

ابھی یہ سب چل ہی رہا تھا کہ زور سے دروازہ کھلنے کی آواز آئی۔۔۔کسی نے لات مار کر دروازہ کھولا تھا۔۔

دروازہ کھلنے کی آواز پر نبیل نے لیچھے مڑ کر دیکھا۔۔۔

ولید آنکھوں میں خون لیے اس کی طرف آرہا تھا۔۔۔اس کے ساتھ پولیس والے اور ساحرہ کو دیکھ کر وہ حیران رہ گیا۔۔

ولید نے اس کے پاس آکر ایک زوردار مکا اس کی ناک پر رسید کیا۔۔اس اچانک حملے پر وہ سنبھل نہ پایا اور زمین پر جا گرا۔۔۔۔

ولید نے گریبان سے پکڑ کر اس کو اٹھایا اور پھر ایک مکہ اس کو رسید کیا۔۔ نبیل کی ناک سے خون بہنے لگا۔۔

نبیل بار بار زمین پر گرتا اور ولید اس کو اٹھا کر پے در پے اس پر مکے برساتا گیا۔۔وہ

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

آج اپنی ساری بھڑاس نکال رہا تھا۔۔

وقار کو مجبوراً ان کے بیچ میں آنا پڑا۔۔۔اس نے آگے بڑھ کر ولید کے ہاتھوں کو پکڑ کر اسے روکا۔۔

ولید نے اپنے ہاتھوں کو قابو میں کیا اور خونخوار نظروں سے نبیل کو دیکھنے لگا۔۔

وردہ ناسمجھی سے یہ سب منظر دیکھ رہی تھی۔۔

وقار نے ولید کو الگ کیا تو نبیل تھوڑا سنبھلا۔۔۔اس کیلیئے یہ سب کچھ ناقابل یقین تھا۔۔۔

وہ بے یقینی کی کیفیت میں یہ سب دیکھ رہا تھا۔۔

ابھی وہ صحیح طرح سے نہیں سنبلا تھا کہ ساحرہ کا ایک زناٹے دار تھپڑ اس کے منہ پر پڑا۔۔

"ذلیل، گھٹیا، گندے انسان تمہیں ذرا بھی شرم نہیں آئی اپنی بیٹی کے ساتھ ایسا کرتے ہوئے۔۔۔سوتیلی تھی تو کیا ہوا میں نے تو تمہیں ہمیشہ اس کا سگا باپ کہا

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

تھا۔۔۔۔

ظالم انسان۔۔تم مر کیوں نہ گئے تمہیں موت کیوں نہ آئی یہ سب کرتے

ہوئے۔۔"

ساحرہ چیختی ہوئی کہتی اسے پیٹنے لگی۔۔۔نبیل خود کو بچانے لگا وہ تو ابھی سنبھل بھی

نہیں پا رہا تھا۔۔

وقار نے ان کو بھی الگ کروایا۔۔

نبیل سیدھا ہو کر کھڑا ہوا۔۔

ولید وردہ کے پاس گیا اور اس کو سنبھالنے لگا۔۔

اریسٹ کر لو اس درندے کو۔۔وقار نے ایک پولیس والے کو حکم دیا۔۔

پولیس والا اس کو ہتھکڑیاں لگانے آگے بڑھا۔۔

رکیے انسپکٹر صاحب۔۔۔وقار نے اس کو روکتے ہوئے کہا۔۔سب اس کی طرف

دیکھنے لگے۔۔

میں بے گناہ ہوں۔۔۔آپ لوگوں نے جو دیکھا ویسا کچھ بھی نہیں تھا بلکہ اس سے الٹ تھا۔۔۔میں اس بات کا ایک گواہ پیش کر سکتا ہوں۔۔۔

بلاؤ گواہ۔۔کون ہے وہ۔۔

وقار نے کہا۔۔۔

نبیل نے شزا کو فون کر کے اندر بلایا۔۔۔شزا دونوں ہاتھوں سے موبائل پکڑے سر جھکائے اندر آئی۔۔۔سب کی نظریں اب اس پر ہی مرکوز تھیں۔۔

شزا۔۔۔نبیل کی آواز پر شزا نے سر اٹھا کر اس کو دیکھا۔۔۔

وہ ویڈیو کہاں ہے دکھاؤ ان کو اور بتاؤ انہیں کہ میں بے قصور ہوں۔۔۔

شزا چپ کھڑی رہی۔۔

تم چپ کیوں کھڑی ہو بولو بتاؤ انہیں۔۔نبیل چلایا۔۔۔

چپ کریں آپ۔۔۔وقار نے نبیل کے چیخنے پر اسے چپ کروایا اور شزا کی طرف متوجہ ہوا۔۔۔

بتاؤ شزا۔۔۔کیا یہ بے قصور ہے۔۔

وقار نے نبیل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔شزا اب وقار کی طرف دیکھنے لگی۔۔

کوئی جواب نہ پا کر وقار نے قدرے چیخ کر کہا۔۔

شزا بتاؤ۔۔۔کیا یہ بے قصور ہے۔۔

نہیں۔۔۔شزا کے جواب پر نبیل بلکل سن ہو گیا اسے لگا اس نے غلط سنا ہے۔۔

یہ کیا کہہ رہی ہو تم۔۔۔نبیل گھبراہٹ سے بولا۔۔۔

بلکل صحیح کہہ رہی ہوں میں۔۔۔یہ ایک نمبر کا گھٹیا انسان ہے اور اس نے مجھے بھی اپنے گھٹیا پن میں شامل کرنے کی کوشش کی۔۔۔

شزا اب چلتی ہوئی نبیل کے سامنے کھڑی ہوئی۔۔اور اس سے مخاطب ہوئی۔۔

لیکن تم بھول گئے کہ میں بھی ایک لڑکی ہوں۔۔۔۔تمہیں کیا لگا میں خود ایک لڑکی ہو کر دوسری لڑکی کے ساتھ زیادتی ہوتا دیکھ لوں گی۔۔

نبیل اب حیرانی اور غصے سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔

لیکن تمہیں تو۔۔۔

ہاں مجھے تو کچھ پتہ ہی نہیں تھا لیکن صرف تمہاری نظر میں۔۔۔ جس دن تم نے مجھے اپنے گھٹیا ارادوں میں شامل کرنے کی کوشش کی اس سے ایک دن پہلے ہی ولی مجھے سب بتا چکا تھا۔۔۔ اور جو ایک دن کا وقت دیا تھا نا تم نے مجھے اس میں ولی کو میں نے سب کچھ بتا دیا۔۔۔ لیکن تم اس حد تک گر جاؤ گے میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی۔۔۔

تمہاری حوس بڑھنے کیوجہ سے مجھے یہ سب ساحرہ پھپو کو بھی بتانا پڑا۔۔۔ تم سے ملی صرف اسی لیے کہ تمہارے ارادے جان سکوں۔۔ تمہاری باتوں سے مجھے یہ تو یقین ہو گیا کہ تم ساحرہ پھپو کو کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گے۔۔۔۔۔ جس کا ہم سب کو ڈر تھا۔۔۔

ہم سب نے مل کر پلین بنایا اور تمہاری بازی تم پر ہی پلٹ دی۔۔ یہ جو ویڈیو تم نے

بنوائی ہے نا یہ تمہارے ہی خلاف استعمال ہو گی۔۔اور تم نے مجھے ملنے کیلیئے بلایا تھا نا وہ ساری باتیں بھی ریکورڈ ہیں میرے موبائل میں۔۔۔

شزا اب چہرے پر طنزیہ مسکراہٹ لیے نبیل کے سامنے کھڑی تھی۔۔

نبیل چکراتے سر کے ساتھ سب کو دیکھ رہا تھا۔۔ایک لمحے میں کایا ہی پلٹ چکی تھی۔۔

اس بارے میں تو اس نے کبھی سوچا ہی نہیں تھا۔۔۔۔

انسان نے جہاں سے مات کھانی ہوتی ہے وہاں اس کی عقل کام نہیں کرتی۔۔ نبیل کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

وقار نے ایک پولیس والے کو اشارہ کیا اور اس نے آگے بڑھ کر نبیل کو ہتھکڑیاں لگائیں۔۔

لے جاو اس کو۔۔۔وقار نے ان کو جانے کا اشارہ کیا۔۔

میں دیکھ لوں گا تم سب کو۔۔۔ نبیل نے جاتے جاتے دھمکی دی۔۔۔۔

تم سے تو اب عدالت میں ملاقات ہو گی۔۔۔

ولید نے طنز سے کہا۔۔

نبیل بس دانت پیس کر رہ گیا۔۔۔

پولیس والا اس کو وہاں سے لے کر چلے گئے۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ان کے جانے کے بعد ساحرہ وردہ کی طرف متوجہ ہوئی اور روتے ہوئے اس کے گلے لگ گئی۔۔۔

مجھے معاف کر دو بیٹا۔۔۔میں اس انسان میں چھپے بھیڑیے کو نہ پہچان سکی۔۔میری وجہ سے تمہیں اتنا کچھ سہنا پڑا۔۔

ساحرہ اب رو رو کر معافی مانگ رہی تھی۔۔

وردہ بھی رونے لگی۔۔

نہیں مما۔۔۔آپ خود کو قصور مت دیں۔۔آپ لوگوں کی وجہ سے ہی تو میں اس

دلدل سے نکلی ہوں۔۔

ان دونوں کو روتا دیکھ کر سب کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔۔ساحرہ شزا کی طرف متوجہ ہوئی اور اس کو اپنے پاس بلایا۔۔۔شزا بھی ان کے گلے لگ گئی۔۔۔تینوں ایک دوسرے سے گلے لگی اشک بہا رہیں تھیں۔۔

وقار اور ولید نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔۔ان دونوں کی آنکھیں بھی نم تھیں۔۔

بس بس بس۔۔بہت ہو گیا لیڈیز۔۔۔۔ولید نے ان کے پاس جا کر کہا۔۔

وہ تینوں الگ ہوئیں۔۔

وردہ رشک بھری نگاہوں سے ولید کو دیکھنے لگی۔۔۔وہ اس کا محسن تھا وہ نہ ہوتا تو وہ کبھی یہ بات کسی کو نہ بتا سکتی۔۔۔۔۔اسنے ایک نظر سب پر ڈالی وہ سب بھی تو اس کے محسن تھے۔۔۔

اس نے اوپر کی طرف دیکھ کر اللہ کا شکر ادا کیا۔۔

www.novelsclubb.com

اس کے بعد سب کمرے سے باہر گئے۔۔۔جب سب جا رہے تھے تو وقار نے اشارے سے شزا کو روک لیا۔۔

سب باہر جا چکے تھے۔۔

وقار چلتا ہوا شزا کے سامنے کھڑا ہوا۔۔۔

اور کتنا وقت چاہیے تمہیں۔۔۔وقار اس کی آنکھوں میں دیکھتا بولا۔۔

شزا اس کی طرف دیکھتے بولی۔۔

وقار۔۔۔۔دل۔سے نکالنے اور بھلانے میں فرق ہوتا ہے۔۔میں نے ولی کو دل سے نکال دیا ہے لیکن اس کو بھلانے میں ٹائم لگے گا۔۔۔

شزا۔۔انسان کبھی کسی کو بھلا نہیں سکتا بس وقت کے ساتھ ساتھ آپ کی زندگی میں اس کی جگہ تبدیل ہو جاتی ہے۔۔

وقار یہ کہتا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔شزا کچھ دیر وہاں کھڑی سوچتی رہی پھر وہ بھی کمرے سے باہر چلی گئی۔۔۔۔

۔۔۔سب لاؤنج میں بیٹھے کل کی سماعت کے بارے میں باتیں کر رہے تھے۔۔۔

ہر چیز کا انتظام انھوں نے پہلے ہی کر رکھا تھا۔۔

کمرہ عدالت میں سب لوگ موجود تھے۔۔۔

وردہ کی طرف سے ولید۔اس کے گھر والے، ساحرہ، شزا، فاریہ اور سجاد موجود تھے۔۔۔

شزا نے ان کو بھی سب کچھ بتا دیا تھا۔۔۔

نبیل کی طرف سے صرف سلمی بیگم ہی موجود تھیں۔۔

اپنے بیٹے کو وہ اچھی طرح جانتی تھیں۔۔وہ چہرے پر ندامت کا احساس لیے بیٹھی تھی۔۔۔

تھوڑی دیر بعد ملزم نبیل کو بھی وہاں لا کر ایک کٹہرے میں کھڑا کر دیا گیا۔۔۔

www.novelsclubb.com

سماعت شروع ہوئی۔۔۔

نبیل کی ماں نے جو وکیل کیا تھا نبیل کی صفائی میں وہ یہی بولا کہ اس پر الزام لگایا جا رہا ہے۔۔۔عدالت نے اس بات ثبوت مانگا تو اس نے خاموشی اختیار کر لی۔۔

دوسری طرف سے وردہ کا وکیل کھڑا ہوا۔۔۔اس نے ثبوت کے طور پر پہلے شزا اور نبیل میں ہونے والی باتوں کی ریارڈنگ سنوائی۔۔۔پھر وہ ویڈیو جو شزا نے کچھ اس طرح بنائی تھی کہ اس میں نبیل کا چہرہ صاف دیکھ رہا تھا۔۔

اور آخر میں وردہ کی میڈیکل رپورٹ ثبوت کے طور پر پیش کی گئی۔۔۔

یہ سارے ثبوت اس بات کو ثابت کرنے کیلئے کافی تھے کہ نبیل مجرم ہے۔۔۔

وردہ کو بھی کٹہرے میں بلایا گیا اور وہ جو روتے روتے جو بتا سکی اس نے بتایا۔۔

اب شک کی کوئی گنجائش ہی نہیں تھی۔۔

عدالت نے سارے ثبوتوں کو مد نظر رکھتے ہوئے نبیل کو پھانسی کی سزا سنائی۔۔۔

سب کے چہرے پر فاتحانہ مسکراہٹ آئی سوائے سلمی بیگم کے وہ اب بھی سر

جھکائے بیٹھی تھیں۔۔

نبیل غصے میں سر جھکائے کھڑا تھا۔۔۔

عدالت فیصلہ دے چکی تھی۔۔۔ابھی سب اٹھ کر جانے ہی والے تھے کہ وردہ کی آواز پر سب اس کی طرف متوجہ ہوئے۔۔

میری عدالت سے ایک درخواست ہے کہ اس درندے کو چوراہے پر سب کے سامنے پھانسی دی جائے۔۔تاکہ پھر کوئی انجام کے ڈر سے ایسا کرنے کی جرات نہ کرے۔۔۔

وردہ کی بات سن کر ولید کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔۔

جج صاحب نے بھی وردہ کی بات مان لی۔۔

نبیل کو پھانسی کیلیے وہاں سے لے جایا گیا۔۔

وردہ کٹہرے سے باہر آئی سب لوگ اسے دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔۔

NOVELSCLUBB@GMAIL.COM
WWW.NOVELSCLUBB.COM

ساحرہ نے اس کے پاس آکر اس کی بلائی لیں۔۔

ابھی وہ سب عدالت سے جا ہی رہے تھے کہ سلمی بیگم ساحرہ کے سامنے آکر کھڑی ہو گئیں اور اس کے سامنے ہاتھ جوڑ لیے۔۔

مجھے معاف کر دو ساحرہ۔۔۔۔۔میرے بیٹے کی سزا مجھے دے دو لیکن اس کو معاف کر دو۔۔

ساحرہ نے ان کے جڑے ہاتھوں کو پکڑا۔۔اور بولی۔۔۔

آپ کے بیٹے نے جو گناہ کیا ہے نہ اس کی سزا کزی اور کو دی جا سکتی ہے اور نہ ہی اس کی معافی ہے۔۔۔آپ برائے مہربانی مجھے شرمندہ مت کریں۔۔

یہ کہتے ساتھ ہی ساحرہ نے باہر جانے کیلیے قدم بڑھا دیے سب اس کے پیچھے چل پڑے۔۔

چوراہے پر ایک اونچے مقام پر پھانسی کا پھندا لٹک رہا تھا اس کے نیچے ایک میز رکھا گیا تھا۔۔

ارد گرد بہت سے لوگ جمع تھے

نبیل کو وہاں لا کر کھڑا کیا گیا۔۔

وہاں کھڑے لوگوں نے نبیل کر پتھ اٹھا کر مارنا شروع کر دیے اور کچھ اسے گالیاں دینے لگے۔۔

نبیل ہاتھ آگے کر کے خود کو بچا رہا تھا۔۔

وردہ، ولید اور شزا بھی اپنے گھر والوں کے ساتھ وہاں پہنچ چکے تھے۔۔

تھوڑی دیر میں ایک آدمی ہاتھ میں کاسا پکڑا لیے وہاں آیا اور نبیل کے منہ پر چڑھانے لگی۔۔

وردہ یہ دیکھ کر اس کی طرف بڑھی۔۔

رکیے۔۔۔سب کے ساتھ ساتھ وہ آدمی بھی اس کی طرف متوجہ ہوا۔۔

وردہ نے اس کے ہاتھ سے وہ کالا کپڑا لیا۔۔اوبولی۔۔

اس کی ضرورت نہیں ہے میں چاہتی ہوں یہ اپنی موت اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھے۔۔

آس پاس کھڑے لوگوں نے بھی اس کی ہمایت کی۔۔۔

وردہ وہ کالا کپڑا لیے نیچے آکر کھڑی ہو گئی اور اسے وہیں پھینک دیا۔۔

نبیل کو میز کے اوپر کھڑا کیا گیا اور پھانسی کا پھندا اس کے گلے میں اٹکایا گیا۔۔

کچھ ہی سیکنڈ بعد اس آدمی نے وہ میز کھینچ لی۔۔

نبیل کا وجود تڑپنے لگا۔۔۔اسے دیکھ کر کچھ لوگوں نے اپنی آنکھیں بند کر لیں۔۔۔۔

نبیل کا وجود تڑپ تڑپ کر کچھ دیر میں ہی ساکت ہو گیا۔۔وہ شیطان اب اس دنیا سے جا چکا تھا۔۔۔اس کے سارے ناپاک ارادے ناکام ہو چکے تھے۔۔۔

وردہ کے ساتھ ساتھ باقی سب کے چہروں پر ایک فاتحانہ مسکراہٹ آئی۔۔۔

نبیل کا انجام دیکھنے کے بعد سب اپنے گھروں کو روانہ ہوئے۔۔

آگے کا کام اب پولیس والوں کا تھا۔۔۔۔

رات کا وقت تھا۔۔۔۔وردہ اپنے کمرے میں بیٹھی سونے کی تیاری کر رہی تھی۔۔

اس کے موبائل پر ولید کی کال آنے لگی۔۔۔

وردہ نے مسکرا کر موبائل کی طرف دیکھا اور کال اٹھائی۔۔

اس وقت کیا کام پڑ گیا تھا آپ کو۔۔۔وردہ کال پک کرتے ہی بولی۔۔

تم سے بات کرنے کا دل۔کر رہا تھا۔۔

وہ تو آپ کا ہر وقت کرتا ہے تو کیا ہر وقت کال کرتے رہیں گے۔۔۔وردہ کا اس کو

تنگ کرنے کا پورا ارادہ تھا۔۔۔

یہ کس نے کہہ دیا تمہیں کہ میرا ہر وقت تم سے بات کرنے کا دل کرتا ہے۔۔۔۔

تو کیا نہیں کرتا۔۔وردہ نے حیرانی سے پوچھا۔۔

نہیں تو۔۔

اوکے۔۔۔۔وردہ ناراضگی سے کہتی برا سا منہ بنا کر بیٹھ گئی۔۔

ولید کا ایک قہقہہ بلند ہوا۔۔

مذاق کر رہا تھا یار۔۔

پتا تھا مجھے۔۔۔وردہ کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔

اچھا سنو۔۔۔میں نے یہ بتانے کیلیے کال کی تھی کہ کل میری مما آ رہی ہیں۔۔تمہارے لیے میرا رشتہ لے کر۔۔بہت مشکل سے میں نے انہیں جلدی کیلیئے منایا ہے۔۔مجھے ایک ہفتے کے اندر اندر شادی کرنی ہے۔۔

کیا۔۔۔وردہ حیران ہوئی۔۔

اتنی جلدی۔۔اتنی جلدی کیا تھی آپ کو۔۔

بس مجھ سے اور انتظار نہیں ہوتا۔۔۔

اور ہماری پڑھائی اس کا کیا۔۔

گڈ کوئسچن۔۔۔ مما نے بھی یہی سوال کیا تھا تو بیگم صاحبہ تم یہاں میرے پاس آ کر اپنی پڑھائی جاری رکھنا۔۔ ہم مل کر پڑھیں گے ایک دوسرے کو پڑھائیں گے۔۔

ولید کی اس بات پر وردہ کے چہرے کی مسکراہٹ گہری ہوئی۔۔

اچھا اپنی مما کو یہ ساری باتیں بتا دینا۔۔۔ اور یہ انہیں خاص طور پر بتانا کہ مجھے ایک ہفتے میں اپنی دلہن چاہیے۔۔ ولید نے اصرار کرتے ہوئے کہا۔۔

اچھا اچھا بتا دوں گی۔۔

گڈ۔۔

www.novelsclubb.com

اس کے بعد وہ کافی دیر باتیں کرتے رہے۔۔

وردہ کو ایسے لگ رہا تھا جیسے سارے جہان کی خوشیاں اسے مل گئی ہوں کتنے سالوں بعد اس نے کھل کر سانس لیا تھا

اور آج کتنے سالوں بعد اسے سکون کی نیند آنی تھی۔۔

وقار صوفے پر بیٹھا موبائل استعمال کرنے میں مصروف تھا۔۔

معصومہ بیگم اس کے ساتھ آکر بیٹھیں۔۔

وقار نے موبائل سائیڈ پر رکھا اور ان کی طرف متوجہ ہوا۔۔

آپ سوئی نہیں اچھی تک۔۔

تم کیوں نہیں سوئے ابھی تک۔۔ معصومہ بیگم نے اس کے سوال پر سوال کیا۔۔

نیند نہیں آرہی تھی۔۔

اور یہ نیندیں کیوں اڑی ہوئیں ہیں میں سب جانتی ہوں۔۔

وقار ان کی بات پر مسکرایا۔۔

میں سوچ رہی ہوں تمہارا رشتہ لے کر جاؤں اب۔۔۔ کب تک کل وارے رہو گے ساری عمر نوکری ہی کرنی ہے کیا۔۔

میں بھی چاہتی ہوں میرے گھر میں بہو آئے چھوٹے چھوٹے مہمان آئیں۔

معصومہ بیگم اسے اپنے ارمان بتانے لگیں۔۔

وقار نے ہلکا سا قہقہہ لگایا۔۔

آجائیں گے سب اتنی جلدی کیا ہے۔۔

بھئی جلدی ہے نا مجھے۔۔

ولید کا سناؤ۔۔

وہ تو کل بھیج رہا ہے اپنی مما کو وردہ کے گھر اور ایک ہفتے کے اندر ہی شادی کی تاریخ رکھوائے گا۔۔۔نواب زادے کو بہت جلدی ہے۔۔

یہ تو بہت اچھی بات ہے میں بھی کل ہی شزا کے۔گھر چلی جاتی ہوں ایک ہی دن کی تاریخ رکھ لیں گے۔۔دونوں دوستوں کی اکٹھی شادی ہو جائے گی۔۔

معصومہ بیگم نے اپنی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا۔۔

امی۔۔۔۔

بس اب میں اور کچھ نہیں سنوں گی۔۔

رات بہت ہو گئی ہے تم سو جاؤ میں بھی سو رہی ہوں۔۔۔کل تمہارے سسرال بھی تو جانا ہے۔۔

معصومہ بیگم یہ کہتی اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئیں۔۔

وقار بس ان کو جاتا دیکھتا رہا۔۔۔

اگلے دن شہناز بیگم وردہ کا رشتہ لیے ساحرہ کے گھر آئی بیٹھی تھیں۔۔۔

ساحرہ نے بڑے پر تپاک طریقے سے ان کا استقبال کیا۔۔

ساحرہ نے وردہ کو چائے بنانے بھیج دیا اور خود ان کے ساتھ بیٹھ گئیں۔۔

کچھ رسمی باتوں کے بعد وہ مدعے کی بات پر آئی۔۔۔وردہ ساحرہ کو پہلے ہی سب بتا چکی تھی۔۔۔

انھوں نے ایک ہفتے بعد شادی کی تاریخ طے کرنا چاہی۔۔۔

ساحرہ نے اس پر کوئی اعتراض ظاہر نہ کیا۔۔

وردہ پہلے ہی بہت دکھ دیکھ چکی تھی وہ بس اب اس کو خوش دیکھنا چاہتی تھیں۔۔۔

وردہ ان کیلئے چائے لے کر آئی۔۔۔انھوں نے پیار سے وردہ کو اپنے پاس بٹھایا اور اپنے بیٹے کی پسند کی تعریف کی۔۔

کچھ دیر وہ اسی بارے میں باتیں کرتے رہیں۔۔

وردہ شرم سے سر جھکائے بیٹھی تھی۔۔

انھی باتوں کے بعد شہناز بیگم اگلے ہفتے کے اسی دن کی تاریخ لے کر اٹھی۔۔۔ولید انھیں لینے آچکا تھا۔۔

www.novelsclubb.com

وہ بڑے پیار سے ساحرہ اور وردہ کو ملیں اور باہر چل دیں۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔

دوسری طرف معصومہ بیگم شزا کیلیئے وقار کا رشتہ لیے آئی بیٹھی تھیں۔۔

فاریہ اور نسیم بیگم تو انہیں دیکھ کر بہت خوش ہوئیں۔۔

روایت کے مطابق شزا چائے بنانے گئی اور بڑے باتیں کرنے میں مصروف ہو گئے۔۔

معصومہ بیگم نے انہیں اپنے گھر اور وقار کی نوکری کا بتایا اور وقار کیلیئے شزا کی خواہش ظاہر کی۔۔

فاریہ تو پہلے ہی اسی کے انتظار میں تھی سجاد اور نسیم بیگم کو وہ پہلے ہی بتا چکی تھی۔۔

رواس نے کوئی اعتراض نہ کیا اور ایک ہفتے کے بعد شادی پر رضامندی ظاہر کی۔۔

شزا کچن میں کھڑی ان کی باتیں سن رہی تھی۔۔۔اس کے چہرے پر ایک مسکراہٹ آئی۔۔۔وقار کی باتیں تو وہ پہلے ہی سن چکی تھی۔۔۔اعتراض کرنے کی اب کوئی وجہ نہیں تھی۔۔

شزا ان کیلیئے چائے لے کر گئی۔۔

تھوڑی دیر تک رسمی باتیں ہوئیں۔۔اور پھر معصوم بیگم نے اجازت چاہی۔۔۔۔

شادی کی تیاریاں زور و شور سے شروع ہو گئیں۔۔۔

آخر وہ چاروں ہی اپنے ماں باپ کے اکلوتے تھے تو وہ اپنے سارے ارمان پورے کر رہے تھے۔۔

وقار اور شزا میں بھی اب بات چیت شروع ہو گئی تھی۔۔

۔۔۔۔۔

اور آخر وہ دن آ ہی گیا۔۔

وردہ اور شزا دلہن بنی سٹیج پر بیٹھی تھی۔۔

تھوڑی دیر میں دونوں دوست بارات لے کر آئے۔۔

وقار شزا کے ساتھ اور ولید وردہ کے ساتھ جا کر بیٹھ گیا۔۔۔سب ان لوگوں کی بلائیں لے رہے تھے اور ان کی خوبصورت جوڑیوں کی تعریف کر رہے تھے۔۔

اتنے لیٹ کیوں آئے آپ۔۔۔وردہ نے اپنا شکوہ ظاہر کیا۔۔

یار اب اتنا بھی لیٹ نہیں ہوا۔۔شزا کو دیکھو وہ تو چپ بیٹھی ہے تم ہی بیوی بن رہی

ہو۔۔

ولید نے معصوم سا چہرہ بنا کر کہا۔۔

میں بیوی بن رہی ہوں۔۔۔لیٹ آپ آئے اور باتیں بھی آپ سنا رہے ہیں۔۔

وردہ تو اسے کسی صورت معاف کرنے کو تیار نہیں تھی۔۔

ولید نے اپنا سر کھجایا۔۔اور وقار کی طرف متوجہ ہوا۔۔

وقار یار۔۔۔ابھی بھی ٹائم ہے چلو دلہنیں بدل لیتے ہیں۔۔

ولید کی بات پر سب کا قہقہہ بلند ہوا۔۔۔

وردہ اس کو مصنوعی غصے سے گھورنے لگی۔۔۔

www.novelsclubb.com